تَبًّا لَكَ سَائِرَ الْيَوْمِ أَلِهٰذَا جَمَعْتَنَا فَنَزَلَتْ تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ وَتَبَّ مُتَّفَقٌ

ہلاک ہو تمکو تمام ایام میں کیا اسی بات کے لیے اکٹھا کیا تہا تو نے ہمکو پس اوتری یہ سورہ ہلاک ہو جیو دونوں ہاتہ ابی لہب کے اور ہلاک ہووے

عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ نَادَى يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ إِنَّمَا مَثَلِي وَمَثَلُكُمْ كَمَثَلِ رَجُلٍ رَأَى

علیہ اور ایک روایت میں یون آیا ہے کہ ندا کی حضرت صلعم نے اور فرمایا ای بیٹون عبد مناف کے نہیں ہے حال میرا اور تمہارا مگر مانند حال ایک شخص کے کہ دیکھا

الْعَدُوَّ فَانْطَلَقَ يَرْبَأُ أَهْلَهُ فَخَشِيَ أَنْ يَسْبِقُوهُ فَجَعَلَ يَهْتِفُ يَا صَبَاحَاهُ فَا

اسنے دشمن کا پس گیا وہ شخص تا نگہبانی کرے اپنی قوم کی پس ڈرا یہ شخص کہ سبقت لیجاوین دشمن طرف اہل اوسکے کی پس شروع کیا چلانا اور کہنا یا

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ دَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے کہ کہا اوسنے کہ جب یہ آیت اوتری کہ ڈرا تو اپنے کنبے کو کہ بہت نزدیک ہین بلایا نبی صلعم نے

قُرَيْشًا فَاجْتَمَعُوا فَعَمَّ وَخَصَّ فَقَالَ يَا بَنِي كَعْبِ بْنِ لُؤَيٍّ أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ

قریش کو پس جمع ہوگئے پس تعمیم کی آنحضرت صلعم نے پکارنے میں اور تخصیص کی پس فرمایا ای اولاد کعب بن لوی کی خلاص کرو اپنی جانونکو

يَا بَنِي مُرَّةَ بْنِ كَعْبٍ أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ يَا بَنِي عَبْدِ شَمْسٍ أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ

ای اولاد مرۃ بن کعب کی خلاص کرو اپنی جانونکو آگ دوزخ کیسے ای اولاد عبد شمس کی خلاص کرو اپنی جانونکو آگ سے

يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ يَا بَنِي هَاشِمٍ أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ

ای اولاد عبد مناف کی خلاص کرو اپنی جانونکو آگ سے ای اولاد ہاشم کی خلاص کرو اپنی جانون کو آگ سے

يَا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ يَا فَاطِمَةُ أَنْقِذِي نَفْسَكِ مِنَ النَّارِ فَإِنِّي

ای اولاد عبد المطلب کی خلاص کرو اپنی جانون کو آگ سے ای فاطمہ خلاص کر اپنی جان کو آگ سے اسلیے کہ میں

لَا أَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللهِ شَيْئًا غَيْرَ أَنَّ لَكُمْ رَحِمًا سَأَبُلُّهَا بِبَلَالِهَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِي

مالک نہیں ہون تمہارے لیے عذاب خدا کے سے کسی چیز کا سوا اسکے کہ واسطے تمہارے مجہپر حق قرابت کا ہے کہ تر کرتا ہوں میں اوسکو ساتھ تری اوسکے

الْمُتَّفَقِ عَلَيْهِ قَالَ يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ اشْتَرُوا أَنْفُسَكُمْ لَا أُغْنِي عَنْكُمْ مِنَ اللهِ شَيْئًا يَا بَنِي

متفق علیہ کے آیا ہے فرمایا حضرت صلعم نے ای گروہ قریش کی خریدو اپنی جانونکو نہیں دفع کر سکتا میں تمسے عذاب خدا کے سے کچھ ای اولاد

عَبْدِ مَنَافٍ لَا أُغْنِي عَنْكُمْ مِنَ اللهِ شَيْئًا يَا عَبَّاسُ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ لَا أُغْنِي عَنْكَ

عبد مناف کی نہیں دور کر سکتا میں تمسے اللہ کے عذاب سے کچھ ای عباس بیٹے عبد المطلب کے نہیں دور کر سکتا میں تجسے

مِنَ اللهِ شَيْئًا وَيَا صَفِيَّةُ عَمَّةَ رَسُولِ اللهِ لَا أُغْنِي عَنْكِ مِنَ اللهِ شَيْئًا وَيَا فَاطِمَةُ بِنْتَ

اللہ کے سے کچھ اور ای صفیہ پہپی رسول اللہ کی نہیں دور کر سکتا میں تجسے اللہ کا عذاب کچھ اور ای فاطمہ بیٹی

مُحَمَّدٍ سَلِيْنِي مَا شِئْتِ مِنْ مَالِي لَا أُغْنِي عَنْكِ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا اَلْفَصْلُ

محمد کی سے مانگ مجھسے جو چاہے میرے مال مین سے نہین بچا سکتا مین تجھسے اللہ کا عذاب کچھ۔ فصل

الثَّانِي عَنْ اَبِي مُوْسٰى قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُمَّتِي هٰذِهٖ

دوسری۔ روایت ہی ابی موسی رض سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ امت میری یہ

اُمَّةٌ مَرْحُوْمَةٌ لَيْسَ عَلَيْهَا عَذَابٌ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابُهَا فِي الدُّنْيَا الْفِتَنُ

امت مرحومہ ہے سے نہین اوسپر عذاب آخرت مین عذاب اوسکا دنیا مین فتنے

وَالزَّلَازِلُ وَالْقَتْلُ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ وَمُعَاذِ بْنِ

اور زلزلے اور قتل ہے روایت کی یہ ابو داؤد نے۔ اور روایت ہی ابو عبیدہ بن الجراح اور معاذ بن

جَبَلٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ هٰذَا الْاَمْرَ بَدَاَ نُبُوَّةً

جبل سے کہ روایت کی اونہون نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا تحقیق یہ امر دین ظاہر ہوا ساتھ نبوت کے

وَرَحْمَةً ثُمَّ يَكُوْنُ خِلَافَةً وَرَحْمَةً ثُمَّ مُلْكًا عَضُوْضًا ثُمَّ كَائِنٌ

اور رحمت کے پھر ہوگا امر دین کا خلافت اور رحمت پھر ہوگا ساتھ بادشاہت کزندہ پھر ہونیوالا ہے بیکار

جَبْرِيَّةً وَعُتُوًّا وَفَسَادًا فِي الْاَرْضِ يَسْتَحِلُّوْنَ الْحَرِيْرَ وَالْفُرُوْجَ وَ

تکبر اور حد سے گذرنا اور فساد پڑہنا ہے زمین مین حلال جانینگے یہ ریشمین کپڑونکو اور عورتونکی شرمگاہونکو اور

الْخُمُوْرَ يُرْزَقُوْنَ عَلٰى ذٰلِكَ وَيُنْصَرُوْنَ حَتّٰى يَلْقَوُا اللّٰهَ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ

شرابون کو روزی دیئے جاوینگے باوجود ان کامونکے اور مدد دیئے جاوینگے یہانتک کہ ملاقات کرینگے اللہ سے روایت کی یہ

فِي شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

شعب الایمان مین۔ اور روایت ہی عائشہ رض سے کہ کہا سنا مینے رسول خدا صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اَوَّلَ مَا يُكْفَأُ قَالَ زَيْدُ بْنُ يَحْيٰى الرَّاوِي يَعْنِي

علیہ وسلم سے کہ فرماتے تہی تحقیق اول او چیز کا کہ اولٹا جاویگا کہا زید بن یحیی راوی نے یعنی

الْاِسْلَامَ كَمَا يُكْفَأُ الْاِنَاءُ يَعْنِي الْخَمْرَ قِيْلَ فَكَيْفَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَقَدْ

اسلام مین جیسا کہ اولٹا جاتا ہی باسن یعنی شراب ہوگی کہا گیا پس کسطرح یا رسول اللہ حالانکہ تحقیق

بَيَّنَ اللّٰهُ فِيْهَا مَا بَيَّنَ قَالَ يُسَمُّوْنَهَا بِغَيْرِ اسْمِهَا فَيَسْتَحِلُّوْنَهَا رَوَاهُ

بیان کی اللہ نے بیچ اوسکے وہ چیز کہ بیان کی فرمایا حضرت نے نام رکھینگے اوسکا اور نام سوائے شراب کے پس حلال جانینگے اوسکو

الدارمي الفصل الثالث عن النعمان بن بشير عن حذيفة قال

دارمی نے فصل تیسری روایت ہے نعمان بن بشیر سے اوسنے نقل کی حذیفہ سے کہ کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تكون النبوة فيكم ما شاء الله أن

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اور باقی رہیگا وجود نبوت کا اور تمہارے درمیان تمہارے جبتک کہ چاہے اللہ تعالی

تكون ثم يرفعها الله تعالى ثم تكون خلافة على منهاج النبوة ما شاء

ہونا اوسکا پھر اوٹھا لیگا نبوت کو اللہ تعالی پھر ہوگی خلافت اوپر طریقہ نبوت کے جب تک کہ چاہیگا

الله أن تكون ثم يرفعها الله تعالى ثم تكون ملكا عاضا فيكون ما

اللہ تعالی ہونا اوسکا پھر اوٹھا لیگا اوسکو بھی اللہ تعالی پھر ہوگی حکومت بادشاہت گزندہ پس باقی رہیگی وہ جب تک

شاء الله أن يكون ثم يرفعها الله تعالى ثم تكون ملكا جبرية فيكون

چاہیگا اللہ تعالی کہ ہو پھر اوٹھا لیگا اوسکو بھی اللہ تعالی پھر ہوگی حکومت بادشاہت تکبر اور غلبہ کی پس باقی

ما شاء الله أن يكون ثم يرفعها الله تعالى ثم تكون خلافة على منهاج نبوة

جبتک کہ چاہے اللہ تعالی کہ ہو پھر اوٹھا لیگا اوسکو اللہ تعالی پھر ہوگی خلافت اوپر طریقہ نبوت کے

ثم سكت قال حبيب فلما قام عمر بن عبد العزيز كتبت إليه بهذا

پھر چپ رہے آنحضرت ؐ کہا حبیب بن سالم نے پس جبکہ اوٹھے عمر بن عبد العزیز لکھی میں نے یہہ

الحديث أذكره إياه وقلت أرجو أن تكون أمير المؤمنين بعد الملك

حدیث درحالیکہ یاد دلاتا تھا میں اوسکو یہ حدیث اور کہا میں نے امید رکھتا ہوں میں یہ کہ تم امیر المؤمنین ہو بعد بادشاہت

العاض والجبرية فسر به وأعجبه يعني عمر بن عبد العزيز رواه أحمد و

گزندہ اور غلبہ کے پس خوش آئی اوسکو یہ تفسیر یعنے عمر بن عبد العزیز کو روایت کی یہ احمد اور

البيهقي في دلائل النبوة كتاب الفتن الفصل الأول

بیہقی نے دلائل النبوۃ ۔ یہہ کتاب ہے بیچ بیان فتنوں کے فصل پہلی

عن حذيفة قال قام فينا رسول الله صلى الله عليه وسلم مقاما ما ترك

روایت ہے حذیفہ رض سے کہ کہا کھڑے ہوئے ہم میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہونا نہیں چھوڑی

شيئا يكون في مقامه ذلك إلى قيام الساعة إلا حدث به حفظه من

کوئی چیز کہ واقع ہونیوالی تھی اس مقام میں قیامت تک مگر کہ بیان فرمایا اوسکو یاد رکھا اوسکو جس شخص

حَفِظَهُ وَنَسِيَهُ مَنْ نَسِيَهُ قَدْ عَلِمَهُ أَصْحَابِي هٰؤُلَاءِ وَإِنَّهُ لَيَكُونُ مِنْهُ

کر یاد رکھا اوسکو اور بہول گیا اوسکو جو شخص کہ بہول گیا اوسکو تحقیق جانا ہے اوس قضیہ کو میرے ان یاروں نے اور تحقیق شان یہ ہے کہ

الشَّيْءُ قَدْ نَسِيتُهُ فَأَرَاهُ فَأَذْكُرُهُ كَمَا يَذْكُرُ الرَّجُلُ وَجْهَ الرَّجُلِ إِذَا غَابَ

وہ چیز کہ تحقیق بہول گیا ہوں میں اوسکو پس دیکھتا ہوں میں اوس چیز کو پس یاد دلاتا ہوں میں اوسکو جیسے کہ یاد دلاتا ہے شخص چہرہ

عَنْهُ ثُمَّ إِذَا رَآهُ عَرَفَهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ

اوس سے پہر جبکہ دیکھتا ہے اوسکو پہچان لیتا ہے اوسکو متفق علیہ۔ اور روایت ہے حذیفہ رضی سے کہ کہا سنا میں نے رسول

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ تُعْرَضُ الْفِتَنُ عَلَى الْقُلُوبِ كَالْحَصِيرِ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تہے پیش کیے جاوینگے فتنے دلوں پر مانند بوریہ کے

عُودًا عُودًا فَأَيُّ قَلْبٍ أُشْرِبَهَا نُكِتَتْ فِيهِ نُكْتَةٌ سَوْدَاءُ وَأَيُّ قَلْبٍ

تنکے تنکے پس جو دل کہ ملایا گیا ساتہ اون فتنوں کے نشان کیا جاویگا بیچ اوسکے نکتہ سیاہ اور جس دل نے

أَنْكَرَهَا نُكِتَتْ فِيهِ نُكْتَةٌ بَيْضَاءُ حَتَّى تَصِيرَ عَلَى قَلْبَيْنِ أَبْيَضَ مِثْلِ الصَّفَا

انکار کیا اون فتنوں کا نشان کیا جاویگا اوسمیں نکتہ سفید یہانتک کہ ہو جاوینگے دل دو قسم پر سفید مانند سنگ مرمر کے

فَلَا تَضُرُّهُ فِتْنَةٌ مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْأَرْضُ وَالْآخَرُ أَسْوَدُ مُرْبَادًّا

پس ضرر نہیں کریگا اسطرح کے دلمیں کوئی فتنہ جبتک کہ باقی ہے آسمان اور زمین اور دوسرا دل سیاہ راکھ کا سا رنگ

كَالْكُوزِ مُجَخِّيًا لَا يَعْرِفُ مَعْرُوفًا وَلَا يُنْكِرُ مُنْكَرًا إِلَّا مَا أُشْرِبَ مِنْ هَوَاهُ

مانند باسن اولٹے کے نہیں پہچانے گا یہ دل کار نیک اور نہ برا جانیگا برائی کو مگر اوس چیز کو ملایا گیا ہے قسم ہوائے نفسانی سے

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثَيْنِ

روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے اوسی حذیفہ سے کہ کہا بیان کیں ہمسے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دو حدیثیں

رَأَيْتُ أَحَدَهُمَا وَأَنَا أَنْتَظِرُ الْآخَرَ حَدَّثَنَا أَنَّ الْأَمَانَةَ نَزَلَتْ فِي جَذْرِ قُلُوبِ

دیکھی میں نے ایک اون میں سے اور میں منتظر ہوں دوسری کا حدیث کی ہمکو کہ تحقیق امانت اوتری لوگوں کی دلوں کی جڑ میں

الرِّجَالِ ثُمَّ عَلِمُوا مِنَ الْقُرْآنِ ثُمَّ عَلِمُوا مِنَ السُّنَّةِ وَحَدَّثَنَا عَنْ

پہر جانا قرآن سے پہر لگے جانا سنت سے اور حدیث کی ہمسے

رَفْعِهَا قَالَ يَنَامُ الرَّجُلُ النَّوْمَةَ فَتُقْبَضُ الْأَمَانَةُ مِنْ قَلْبِهِ فَيَظَلُّ أَثَرُهَا

اوٹھنے امانت کیسے فرمایا حضرت نے سو ویگا شخص سونا پس لیجاویگی امانت دل اوسکے سے پس ہو جائیگا نشان

مِثْلَ أَثَرِ الْوَكْتِ ثُمَّ يَنَامُ النَّوْمَةَ فَتُقْبَضُ فَيَبْقَى أَثَرُهَا مِثْلَ أَثَرِ الْمَجْلِ كَجَمْرٍ

مانند نشان وکت کے پہر سوویگا شخص ایک سونا پس لیا جاویگا تو باقی رہیگا نشان اوسکا مانند نشان مجل کے مانند انگارے کے

دَحْرَجْتَهُ عَلَى رِجْلِكَ فَنَفِطَ فَتَرَاهُ مُنْتَبِرًا وَلَيْسَ فِيهِ شَيْءٌ وَيُصْبِحُ النَّاسُ

کر لڑھکا وے تو اوسکو اپنے پانون پر پس آبلہ ہو جاوے پس دیکھے تو اوس جگہ کو پھولی ہوئی حالانکہ نہیں ہے اوسمین کوئی چیز اور صبح کرینگے

يَتَبَايَعُونَ وَلَا يَكَادُ أَحَدٌ يُؤَدِّي الْأَمَانَةَ فَيُقَالُ إِنَّ فِي بَنِي فُلَانٍ رَجُلًا أَمِينًا

اس حالت میں کہ بیچ و شرا کرینگے اسمین اور نہیں قریب کوئی ادا کرے امانت کو پس کہا جاویگا تحقیق بیچ فلانے قبیلہ کے ایک شخص ہے امانتدار

وَيُقَالُ لِلرَّجُلِ مَا أَعْقَلَهُ وَمَا أَظْرَفَهُ وَمَا أَجْلَدَهُ وَمَا فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ

اور کہا جاویگا واسطے شخص کے کیا خوب عقلمند ہے اور کیا خوش گو ہے اور کیا چالاک ہے اور حالانکہ نہیں ہے اوسکے دل مین

حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ مِنْ إِيمَانٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ النَّاسُ يَسْأَلُونَ

رائی کے دانہ کی برابر ایمان نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے۔ اور روایت ہے حذیفہ سے کہ کہا تھے لوگ پوچھتے

رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَيْرِ وَكُنْتُ أَسْأَلُهُ عَنِ الشَّرِّ مَخَافَةَ أَنْ

پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے نیکی خیر سے اور تہا مین پوچھتا حضرت سے حال شر کا واسطے خوف کے کہ مبادا پکڑے

يُدْرِكَنِي قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّا كُنَّا فِي جَاهِلِيَّةٍ وَشَرٍّ فَجَاءَنَا اللهُ

پہنچ جاوے مجکو کہا حذیفہ نے کہا مینے یا رسول اللہ تحقیق تہے ہم بیچ جاہلیت کے اور بدی کے پس لایا ہمارے پاس اللہ

بِهَذَا الْخَيْرِ فَهَلْ بَعْدَ هَذَا الْخَيْرِ مِنْ شَرٍّ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ وَهَلْ بَعْدَ ذَلِكَ

اس خیر کو پس کیا پیچھے اس خیر کے کچھ شر ہونیوالی ہے فرمایا حضرت نے کہ ہان ہوگی کہا مینے اور کیا پیچھے اوس

الشَّرِّ مِنْ خَيْرٍ قَالَ نَعَمْ وَفِيهِ دَخَنٌ قُلْتُ وَمَا دَخَنُهُ قَالَ قَوْمٌ يَسْتَنُّونَ

شر کے خیر ہوگی فرمایا ہان اور اوسمین کدورت ہوگی کہا مینے اور کیا ہوگی کدورت اوسکی فرمایا قوم ہوگی کہ راہ اختیار کرینگی

بِغَيْرِ سُنَّتِي وَيَهْدُونَ بِغَيْرِ هَدْيِي تَعْرِفُ مِنْهُمْ وَتُنْكِرُ قُلْتُ فَهَلْ

غیر راہ میری کے اور راہ بتاوینگی لوگون کو غیر راہ میری کے پہچانیگا تو اونسے اور نہیں پہچانیگا تو کہا مینے اور آیا ہے

بَعْدَ ذَلِكَ الْخَيْرِ مِنْ شَرٍّ قَالَ نَعَمْ دُعَاةٌ عَلَى أَبْوَابِ جَهَنَّمَ مَنْ أَجَابَهُمْ

بعد اوس خیر کے شر اور فرمایا ہان بلانیوالی ہونگے لوگون کو اوپر دروازون دوزخ کے جو شخص کہ قبول کریگا

إِلَيْهَا قَذَفُوهُ فِيهَا قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ صِفْهُمْ لَنَا قَالَ هُمْ مِنْ جِلْدَتِنَا

طرف اوسکی پس ڈالینگے وہ اوسکو اوسمین کہا مینے یا رسول اللہ بیان کیجیے احوال اونکا ہمسے فرمایا کہ وہ ہونگے قوم ہماری سے

وَيَتَكَلَّمُونَ بِأَلْسِنَتِنَا قُلْتُ فَمَا تَأْمُرُنِي إِنْ أَدْرَكَنِي ذٰلِكَ قَالَ تَلْزَمُ جَمَاعَةَ

اور کلام کرینگے ساتھ زبانوں ہماری کے کہا مینے پس کیا فرماتے ہو مجھکو اگر پاوے مجھکو وہ وقت فرمایا لازم پکڑ جماعت

الْمُسْلِمِينَ وَإِمَامَهُمْ قُلْتُ فَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُمْ جَمَاعَةٌ وَلَا إِمَامٌ قَالَ فَاعْتَزِلْ

مسلمین کو اور امام انکیکو کہا مینے پس اگر نہو مسلمانوں کے لیے جماعت اور نہ امام فرمایا یکسو ہو تو

تِلْكَ الْفِرَقَ كُلَّهَا وَلَوْ أَنْ تَعَضَّ بِأَصْلِ شَجَرَةٍ حَتّٰى يُدْرِكَكَ الْمَوْتُ وَأَنْتَ

اون سب فرقوں سے اگرچہ چباوے تو جڑ درخت کی یہانتک کہ پاوے اور پہونچے تجکو موت حالانکہ

عَلٰى ذٰلِكَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ قَالَ يَكُونُ بَعْدِي أَئِمَّةٌ لَا

اور پر حالت یکسوئی کے متفق علیہ اور ایک روایت مسلم کی مین یون ہے کہ فرمایا آنحضرت نے ہونگے بعد میرے امام نہین

يَهْتَدُونَ بِهُدَايَ وَلَا يَسْتَنُّونَ بِسُنَّتِي وَسَيَقُومُ فِيهِمْ رِجَالٌ

چلینگے میری سیدھی راہ پر اور نہیں پکڑینگے طریقہ میرا اور اوٹھینگے اونمین کتنے اشخاص کہ

قُلُوبُهُمْ قُلُوبُ الشَّيَاطِينِ فِي جُثْمَانِ إِنْسٍ قَالَ حُذَيْفَةُ قُلْتُ كَيْفَ

دل انکے دل شیطانوں کے ہونگے بیچ بدن آدمی کے کہا حذیفہ نے کہا مینے کیا

أَصْنَعُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنْ أَدْرَكْتُ ذٰلِكَ قَالَ تَسْمَعُ وَتُطِيعُ الْأَمِيرَ وَإِنْ

کرون مین یا رسول اللہ اگر پاؤں مین اوس وقت کو فرمایا سننا تو جو کچھ کہے امیر اور فرمانبرداری کرنا امیر کی

ضُرِبَ ظَهْرُكَ وَأُخِذَ مَالُكَ فَاسْمَعْ وَأَطِعْ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ

اگرچہ مارے جاوے پیٹھ تیری اور لیا جاوے مال تیرا پس سننا اور اطاعت کرنا۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے کہا

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَادِرُوا بِالْأَعْمَالِ فِتَنًا كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ

فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے شتابی کرو ساتھ اعمال نیک کے اون فتنوں سے کہ مانند ٹکڑوں اندھیری رات کے

يُصْبِحُ الرَّجُلُ مُؤْمِنًا وَيُمْسِي كَافِرًا وَيُمْسِي مُؤْمِنًا وَيُصْبِحُ كَافِرًا يَبِيعُ دِينَهُ بِعَرَضٍ

کہ صبح کریگا شخص مومن اور شام کریگا کافر اور شام کریگا وہ مومن اور صبح کریگا کافر بیچیگا دین اپنا بدلے متاع

مِنَ الدُّنْيَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَتَكُونُ فِتَنٌ

دنیا کے روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے قریب ہے کہ پیدا ہونگے فتنے

الْقَاعِدُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ وَالْقَائِمُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْمَاشِي وَالْمَاشِي

بیٹھنے والا اون فتنوں مین بہتر ہوگا کھڑے سے اور کھڑا اوس حالت میں بہتر ہے چلنے والے سے اور چلنیوالا

فِيهَا خَيْرٌ مِّنَ السَّاعِي مَنْ تَشَرَّفَ لَهَا تَسْتَشْرِفْهُ فَمَنْ وَجَدَ مَلْجَأً

طرف اوس فتنہ کے بہتر ہے دوڑنیوالے سے جو شخص جھانکیگا طرف اوسکی کھینچ لیگا وہ فتنہ اوسکو طرف اپنی پس جو شخص کہ پاوے جگہ

أَوْ مَعَاذًا فَلْيَعُذْ بِهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ قَالَ تَكُونُ فِتْنَةٌ

یا جگہ پناہ کی پس چاہیے کہ پناہ پکڑے ساتھ اوسکی متفق علیہ اور مسلم کی ایک روایت میں یوں آیا ہی کہ فرمایا حضرت نے کہ ہوگا فتنہ

النَّائِمُ فِيهَا خَيْرٌ مِّنَ الْيَقْظَانِ وَالْيَقْظَانُ فِيهَا خَيْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ وَالْقَائِمُ فِيهَا

کہ سونیوالا اوس فتنہ میں بہتر ہے جاگنے والے سے اور جاگنے والا اوس فتنہ میں بہتر ہے کھڑے سے اور کھڑا ہونیوالا اوس فتنہ میں

خَيْرٌ مِّنَ السَّاعِي فَمَنْ وَجَدَ مَلْجَأً أَوْ مَعَاذًا فَلْيَسْتَعِذْ بِهِ وَعَنْ

بہتر ہے سعی کرنیوالے سے پس جو شخص کہ پاوے جگہ بھاگنے کی یا پناہ کی سو پس چاہیے کہ پناہ پکڑے ساتھ اوسکے۔ اور روایت ہے

أَبِي بَكْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّهَا سَتَكُونُ فِتَنٌ

ابی بکرہ رض سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق قصہ یہ ہے کہ نزدیک ہے کہ پیدا ہونگے فتنے

أَلَا ثُمَّ تَكُونُ فِتَنٌ أَلَا ثُمَّ تَكُونُ فِتْنَةٌ الْقَاعِدُ فِيهَا خَيْرٌ مِّنَ الْمَاشِي وَالْمَاشِي فِيهَا خَيْرٌ

آگاہ ہو پھر پیدا ہونگے فتنے بہت آگاہ ہو پھر پیدا کیا جاویگا انہی فتنوں میں ایک فتنہ بہت بڑا بیٹھا اوس میں بہتر ہوگا چلنے والے سے اور چلنے والا بہتر

مِّنَ السَّاعِي إِلَيْهَا أَلَا فَإِذَا وَقَعَتْ فَمَنْ كَانَ لَهُ إِبِلٌ فَلْيَلْحَقْ بِإِبِلِهِ وَمَنْ كَانَ

دوڑنیوالے سے طرف اوسکی آگاہ ہو پس جس وقت کہ واقع ہو وہ فتنہ پس جو شخص کہ ہوں واسطے اوسکے اونٹ پس چاہیے کہ مل جاوے ساتھ اونٹوں اپنے کے

لَهُ غَنَمٌ فَلْيَلْحَقْ بِغَنَمِهِ وَمَنْ كَانَتْ لَهُ أَرْضٌ فَلْيَلْحَقْ بِأَرْضِهِ فَقَالَ رَجُلٌ

واسطے اوسکی بکریاں پس چاہیے کہ ساتھ بکریوں اپنی کے اور جو شخص کہ ہووے واسطے اوسکے زمین پس چاہیے کہ ملے ساتھ زمین اپنی کے پس کہا ایک شخص نے

يَا رَسُولَ اللهِ أَرَأَيْتَ مَنْ لَمْ تَكُنْ لَهُ إِبِلٌ وَلَا غَنَمٌ وَلَا أَرْضٌ قَالَ يَعْمِدُ

کہ یا رسول اللہ خبر دیجیے مجکو کہ جس شخص کے لیے نہ ہوں اونٹ اور نہ بکریاں اور نہ زمین فرمایا حضرت نے کہ قصد کرے

إِلَى سَيْفِهِ فَيَدُقُّ عَلَى حَدِّهِ بِحَجَرٍ ثُمَّ لِيَنْجُ إِنِ اسْتَطَاعَ النَّجَاءَ اللّٰهُمَّ

طرف تلوار اپنی کے پس مارے تلوار کی دھار پر ساتھ پتھر کے پھر چاہیے کہ جلدی بھاگے اگر ہوسکے بھاگنا اے بار خدایا

هَلْ بَلَّغْتُ ثَلَاثًا فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللهِ أَرَأَيْتَ إِنْ أُكْرِهْتُ حَتَّى

تحقیق پہنچا دیا ہے میں نے حکم تیرا تین بار فرمایا یہ عرض کیا ایک شخص نے کہ یا رسول اللہ خبر دیجیے مجکو اگر جبر کیا جاؤں میں یہانتک کہ

يُنْطَلَقَ بِي إِلَى أَحَدِ الصَّفَّيْنِ فَضَرَبَنِي رَجُلٌ بِسَيْفِهِ أَوْ يَجِيءُ سَهْمٌ

لیجایا جاؤں مجکو طرف ایک صف کے اون دو صف قتال سے پس مارے مجکو ایک شخص اپنی تلوار سے یا آکے مجکو تیر

فيقتلني قال يبوء باثمه واثمك فيكون من اصحاب النار رواه مسلم

ہیں یا وہ مجھے قتل کرے فرمایا حضرت نے کہ پھر پلٹیگا وہ قاتل ساتھ گناہ اپنے کے اور گناہ تیرے کے پس ہوگا دوزخیوں سے روایت کی مسلم نے

وعن ابي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يوشك ان يكون خير

اور روایت ہے ابی سعید سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نزدیک ہے یہ کہ ہووے بہتر

مال المسلم غنم يتبع بها شعف الجبال ومواقع القطر يفر بدينه من

مال مسلمان کا بکریاں کہ ساتھ جاری ان کے جیسے پہاڑ پر اور جگہہ گرنے قطرات مینہ کے بھاگے ساتھ دین اپنے کے

الفتن رواه البخاري وعن اسامة بن زيد قال اشرف النبي صلى

فتنوں سے روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے اسامہ بن زید سے کہا چڑھے نبی صلے

الله عليه وسلم على اطم من اطام المدينة فقال هل ترون ما ارى

اللہ علیہ وسلم اوپر مکان بلند کے مدینہ کے مکانوں میں سے پس فرمایا کیا دیکھتے ہو تم جو چیز کہ دیکھتا ہوں

قالوا لا قال فاني لارى الفتن تقع خلال بيوتكم كوقع المطر متفق

عرض کیا صحابہ نے کہ نہیں فرمایا کہ پس تحقیق میں البتہ دیکھتا ہوں فتنوں کو پڑتے ہیں درمیان گھروں تمہارے کے مانند پڑنے مینہ کے متفق

عليه وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم هلكة

علیہ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ ہلاکت

امتي على يدي غلمة من قريش رواه البخاري وعنه قال قال

امت میری کی اوپر ہاتھوں کتنے ایک نوجوانوں کے ہے قریش میں سے روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا

رسول الله صلى الله عليه وسلم يتقارب الزمان ويقبض العلم وتظهر

پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے قریب ہوگا آپس میں زمانہ اور اٹھایا جاویگا علم اور پیدا ہونگے

الفتن ويلقى الشح ويكثر الهرج قالوا وما الهرج قال القتل متفق

فتنے اور ڈالا جاویگا بخل اور بہت ہوگا ہرج عرض کیا صحابہ نے کہ کیا ہے ہرج فرمایا حضرت نے قتل متفق

عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم والذي نفسي

علیہ۔ اور روایت ہے اسی ابو ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ قسم ہے اس ذات کی کہ جان میری

بيده لا تذهب الدنيا حتى ياتي على الناس يوم لا يدري القاتل

اوسکے ہاتھ میں ہے نہیں جاویگی دنیا یہاں تک کہ آویگا آدمیوں پر ایک زمانہ کہ نہیں جانیگا قاتل کہ

فِيْمَ قَتَلَ وَلَا الْمَقْتُوْلُ فِيْمَ قُتِلَ فَقِيْلَ كَيْفَ يَكُوْنُ ذٰلِكَ قَالَ اَلْهَرْجُ

کس سبب سے قتل کیا اور نہ جانیگا مقتول کہ کس سبب سے قتل کیا گیا پس کہا گیا کس طرح ہوگا یہ فرمایا ہرج

اَلْقَاتِلُ وَالْمَقْتُوْلُ فِي النَّارِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ قَالَ

مارنیوالا اور مارا گیا بیچ آگ کے ہیں روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے معقل بن یسار سے کہ کہا فرمایا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْعِبَادَةُ فِي الْهَرْجِ كَهِجْرَةٍ اِلَيَّ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ثواب عبادت کرنیکا بیچ زمانہ فتنہ کے مانند ثواب ہجرت کرنیکے ہے طرف میری روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے

الزُّبَيْرِ بْنِ عَدِيٍّ قَالَ اَتَيْنَا اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ فَشَكَوْنَا اِلَيْهِ مَا نَلْقٰى مِنَ

زبیر بیٹے عدی کے سے کہ کہا آئے ہم انس بن مالک کے پاس پس شکایت کی ہمنے طرف اوسکی اوس چیز کی کہ پیش آتا ہے ہم کو

الْحَجَّاجِ فَقَالَ اصْبِرُوْا فَاِنَّهٗ لَا يَأْتِيْ عَلَيْكُمْ زَمَانٌ اِلَّا الَّذِيْ بَعْدَهٗ

حجاج بن یوسف سے پس کہا انس نے کہ صبر کرو پس تحقیق نہیں آویگا اوپر تمہارے کوئی زمانہ مگر جو زمانہ کہ بعد اوسکے آویگا

اَشَرُّ مِنْهُ حَتّٰى تَلْقَوْا رَبَّكُمْ سَمِعْتُهٗ مِنْ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ

بدتر ہوگا زمانہ گذشتہ سے یہانتک کہ ملو تم پروردگار اپنے سے سنی ہے میں نے یہ حدیث تمہارے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی یہ

الْبُخَارِيُّ اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ وَاللّٰهِ مَا اَدْرِيْ

بخاری نے۔ فصل دوسری۔ روایت ہے حذیفہ رض سے کہ کہا قسم ہے خدا کی نہیں جانتا میں کہ

اَنَسِيَ اَصْحَابِيْ اَمْ تَنَاسَوْا وَاللّٰهِ مَا تَرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

بھول گئے یار میرے یا اظہار بھول کا کرتے ہیں قسم خدا کی نہیں چھوڑا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

مِنْ قَائِدِ فِتْنَةٍ اِلٰى اَنْ تَنْقَضِيَ الدُّنْيَا يَبْلُغُ مَنْ مَعَهٗ ثَلٰثَ مِائَةٍ فَصَاعِدًا

ذکر کسی فتنہ کے کھینچنے والے کا تمام ہونے دنیا تک ایسا کھینچنے والا فتنہ کا کہ پہنچے مقدار ساتھ والوں اوسکے کی تین سو کو اور زیادہ کو

اِلَّا قَدْ سَمَّاهُ لَنَا بِاسْمِهٖ وَاسْمِ اَبِيْهِ وَاسْمِ قَبِيْلَتِهٖ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ

مگر تحقیق ذکر کیا اوسکو واسطے ہمارے ساتھ نام اوسکے اور نام باپ اوسکے اور نام قبیلہ اوسکے روایت کی یہ ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے

ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا اَخَافُ عَلٰى اُمَّتِي الْاَئِمَّةَ

ثوبان رضی اللہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے سوا اسکے نہیں کہ ڈرتا ہوں میں اوپر امت اپنی کے سرداروں

الْمُضِلِّيْنَ وَاِذَا وُضِعَ السَّيْفُ فِيْ اُمَّتِيْ لَمْ يُرْفَعْ عَنْهُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

گمراہ کرنیوالوں سے اور جب رکھی جاویگی تلوار امت میری میں نہیں اوٹھائی جاویگی اونسے قیامت تک

رواه ابوداود والترمذي وعن سفينة قال سمعت النبي صلى

روایت کی یہ ابو داؤد اور ترمذی نے۔ اور روایت ہے سفینہ رضی اللہ عنہ سے کہ کہا اوسنے سنا میں نے نبی صلی

الله عليه وسلم يقول الخلافة ثلاثون سنة ثم يكون ملكا ثم يقول سفينة

اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے خلافت تیس برس تک ہوگی پھر ہوجاویگی بادشاہت پھر کہتا ہے سفینہ

امسك خلافة ابي بكر سنتين وخلافة عمر عشرة وعثمان اثنتي

گن حساب کر مدت خلافت ابی بکر رضی اللہ عنہ کو دو برس اور مدت خلافت عمر رضی اللہ عنہ کو دس برس اور مدت خلافت عثمان کو بارہ برس

عشرة وعلي ستة رواه احمد والترمذي وابوداود وعن حذيفة

اور مدت خلافت علی رضی اللہ عنہ کو چھ برس روایت کی یہ احمد اور ترمذی اور ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے حذیفہ رضی اللہ عنہ سے

قال قلت يا رسول الله أيكون بعد هذا الخير شر كما كان قبله شر

کہا اوسنے کہا میں نے یا رسول اللہ کیا ہوگی بعد اس خیر کے شر جیسے کہ تھا پہلے اسلام کے کفر

قال نعم قلت فما العصمة قال السيف قلت وهل بعد السيف

فرمایا ہاں کہا میں نے کیا طریق ہے بچاؤ کا فرمایا تلوار کہا میں نے کیا باقی رہینگے اہل اسلام بعد ازاں

بقية قال نعم تكون إمارة على أقذاء وهدنة على دخن قلت ثم

فرمایا ہاں ہوگی امارت اوپر فساد کے اور ہوگی صلح اوپر کدورت کے کہا میں نے پھر

ماذا قال ثم ينشأ دعاة الضلال فإن كان لله في الأرض خليفة

کیا ہوگا فرمایا کہ پھر پیدا ہونگے بلانیوالے طرف گمراہی کے پس اگر ہو واسطے اللہ کے خلیفہ زمین میں کہ

جلد ظهرك وأخذ مالك فأطعه وإلا فمت وأنت عاض على

مارے کوڑے تیری پیٹھ پر اور لے لے مال تیرا پس اطاعت کر اوسکی اور اگر نہ ہو خلیفہ پس مر تو اس حالمیں کہ لازم کرنیوالا ہو

جذل شجرة قلت ثم ماذا قال ثم يخرج الدجال بعد ذلك معه

جڑ کسی درخت کی کہا میں نے پھر کیا ہوگا فرمایا پھر نکلیگا دجال بعد اوسکے اور اوسکے ساتھ

نهر ونار فمن وقع في ناره وجب أجره وحط وزره ومن وقع

نہر ہوگی پانی کی اور آگ پس جو کوئی پڑے اوسکی آگ میں ثابت ہوا اجر اوسکا اور اوتار گیا بوجھ اوسکے گناہ کا اور جو کوئی

في نهره وجب وزره وحط أجره قال قلت ثم ماذا قال ثم ينتج المهر

اوسکی نہر میں ثابت ہوا بوجھ گناہ کا اور اوتار گیا ثواب اوسکا کہا حذیفہ نے کہا میں نے پھر کیا ہوگا فرمایا پھر جنا جاویگا بچہ

فَلَا يُرْكَبُ حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ هُدْنَةٌ عَلٰى دَخَنٍ وَجَمَاعَةٌ

پس سواری نہین دیگا یہانتک کہ برپا ہوگی قیامت اور ایک روایت مین ہے کہ فرمایا صلح ہوگی ساتھ کدورت باطن کے اور جماعت ہوگی

عَلٰى اَقْذَاءٍ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ الْهُدْنَةُ عَلَى الدَّخَنِ مَا هِيَ قَالَ لَا تَرْجِعُ

ساتھ ناخوشیوں دل کی کہا مینے یا رسول اللہ الهدنۃ علی الدخن کے کیا معنے ہین فرمایا نہ رجوع کرینگی

قُلُوْبُ اَقْوَامٍ عَلَى الَّذِيْ كَانَتْ عَلَيْهِ قُلْتُ هَلْ بَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ شَرٌّ قَالَ

دل نرم قوم کے اوپر اوس حال کے کہ تہے دل اوسحال پر پہلے کہا مینے کیا بعد اس خیر کے شر ہوگی فرمایا

فِتْنَةٌ عَمْيَاءُ صَمَّاءُ عَلَيْهَا دُعَاةٌ عَلٰى اَبْوَابِ النَّارِ فَاِنْ مُتَّ يَا حُذَيْفَةُ

وہ ایک بڑا فتنہ ہے اندہا اور بہرا اوس فتنہ پر ہونگے بلانیوالے گویا کہ وہ کہڑے ہین اوپر دروازون دوزخ کے پس اگر مرے تو اے حذیفہ

وَاَنْتَ عَاضٌّ عَلٰى جِذْلٍ خَيْرٌ لَّكَ مِنْ اَنْ تَتَّبِعَ اَحَدًا مِّنْهُمْ رَوَاهُ

اوسحال مین کہ لازم کرنیوالا ہو جڑ درخت کی بہتر ہے تیرے لیے اس سے کہ پیروی کرے تو کسیکی اہل فتنہ مین سے روایت کی یہ

اَبُوْ دَاوٗدَ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ كُنْتُ رَدِيْفًا خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

ابوداود نے۔ اور روایت ہے ابی ذر سے کہ کہا تہا مین سوار پیچہے رسول خدا صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا عَلٰى حِمَارٍ فَلَمَّا جَاوَزْنَا بُيُوْتَ الْمَدِيْنَةِ قَالَ كَيْفَ بِكَ يَا

علیہ وسلم کے ایکدن گدہے پر پس جبکہ آگے بڑہے ہم مدینہ کے گہرون سے فرمایا آپنے کیا حال ہوگا تیرا اے

اَبَا ذَرٍّ اِذَا كَانَ بِالْمَدِيْنَةِ جُوْعٌ تَقُوْمُ عَنْ فِرَاشِكَ وَلَا تَبْلُغُ مَسْجِدَكَ حَتّٰى

ابوذر جبکہ ہوگی مدینہ مین بہوک اوٹہیگا تو بچہونے اپنے سے اور نہین پہنچ سکیگا اپنی مسجد کو یہانتک کہ

يُجْهِدَكَ الْجُوْعُ قَالَ قُلْتُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ تَعَفَّفْ يَا اَبَا ذَرٍّ قَالَ

مشقت مین ڈالیگی تجکو بہوک کہا ابوذر نے کہ کہا مینے اللہ اور رسول اوسکا داناتر ہے ساتہ اسکے فرمایا پارسائی کر اے ابوذر فرمایا

كَيْفَ بِكَ يَا اَبَا ذَرٍّ اِذَا كَانَ بِالْمَدِيْنَةِ مَوْتٌ يَبْلُغُ الْبَيْتُ الْعَبْدَ حَتّٰى

کیا حال ہوگا تیرا اے ابوذر جسوقت کہ ہوگی مدینہ مین موت پہنچے گہر قیمت غلام کو یہانتک کہ

اَنَّهٗ يُبَاعُ الْقَبْرُ بِالْعَبْدِ قَالَ قُلْتُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ تَصْبِرُ يَا

پہنچی جاویگی جگہہ قبر کی قیمت غلام کو کہا ابوذر نے کہ کہا مینے اللہ اور رسول اوسکا داناتر ہے فرمایا حضرت نے بیزد صبر کرنا اے

اَبَا ذَرٍّ قَالَ كَيْفَ بِكَ يَا اَبَا ذَرٍّ اِذَا كَانَ بِالْمَدِيْنَةِ قَتْلٌ تَغْمُرُ الدِّمَاءُ

ابوذر پہر فرمایا حضرت نے کیا حال ہوگا تیرا اے ابوذر جسوقت کہ ہو مدینہ مین قتل کہ ڈہانک لے سے خون

أحجار الزيت قال قلت الله ورسوله أعلم قال تأتي من أنت منه فال

احجار الزیت کو کہا ابو ذر نے کہا میں نے اللہ اور رسول اوسکا دانا تر ہے فرمایا آنحضرت نے

قلت وألبس السلاح قال شاركت القوم إذا قلت فكيف أصنع يا رسول

کہا میں نے اور پہنوں میں ہتیار اپنے فرمایا آنحضرت نے شریک ہوا تو قوم کا اوسوقت کہا میں نے پس کیا کروں میں یا رسول

الله قال إن خشيت أن يبهرك شعاع السيف فألق ناحية ثوبك على

اللہ فرمایا اگر ڈرے تو کہ روشن ہو تجہپر چمک تلوار کی تو ڈال تو کونا اپنے کپڑے کا

وجهك يبوء بإثمك وإثمه رواه أبو داود وعن عبد الله بن عمرو

اوپر منہہ اپنے تاکہ پہرے قاتل ساتہ گناہ تیرے کے اور ساتہ گناہ اپنے کے روایت کی یہ ابو داؤد نے - اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو

ابن العاص أن النبي صلى الله عليه وسلم قال كيف بك إذا أبقيت في حثالة

بن عاص سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عبد اللہ بن عمرو کو کہ کیا حال ہوگا تیرا جسوقت کہ چھوڑا جاویگا تو

من الناس مرجت عهودهم وأماناتهم واختلفوا فكانوا هكذا

لوگون کے رل مل جاوینگی عہد انکے اور امانتیں اون کی اور اختلاف کرینگے آپسمین پس ہونگے اسطرح پر

وشبك بين أصابعه قال فبم تأمرني قال عليك بما تعرف ودع

اور داخل کین آنحضرت صلعم نے انگلیان مبارک اپنی انگلیوں مین کہا عبد اللہ نے پس کیا فرماتے ہو مجھکو فرمایا لازم پکڑ او سکو جو چیز کہ پہچانے تو بہلا

ما تنكر وعليك بخاصة نفسك وإياك وعوامهم وفي رواية

اور جس چیز کو کہ برا جانے تو اور لازم پکڑ امر نفس کو اپنے بچا تو اپنی عوام لوگوں سے اور ایک روایت میں یون

الزم بيتك وأملك عليك لسانك وخذ ما تعرف ودع ما تنكر

لازم پکڑ اپنے گہر کو اور ہمیشہ رہا کر گہر مین اور مضبوط کر اپنے پر زبان اپنی کو اور لے تو جس چیز کو کہ نیک جانتا ہو اور چہوڑدے او سچیز کو

وعليك بأمر خاصة نفسك ودع أمر العامة رواه الترمذي

اور لازم پکڑ تو کام نفس اپنے کو اور چھوڑدے کام عوام کو روایت کی یہ ترمذی نے

وصححه وعن أبي موسى عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه قال إن

اور صحیح کہا اسکو - اور روایت ہے ابی موسیٰ سے اوس نے نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ تحقیق حضرت نے فرمایا کہ

بين يدي الساعة فتنا كقطع الليل المظلم يصبح الرجل فيها مؤمنا

پہلے آنے قیامت کے فتنے ہونگے مانند ٹکڑوں رات اندھیری کے صبح کریگا شخص بیچ اون فتنوں کے مومن

وَيُمْسِي كَافِرًا وَيُمْسِي مُؤْمِنًا وَيُصْبِحُ كَافِرًا الْقَاعِدُ فِيهَا خَيْرٌ مِّنَ

اور شام کریگا کافر اور صبح کریگا مومن بیٹھنے والا اوسمین بہتر ہوگا

الْقَائِمِ وَالْمَاشِي فِيهَا خَيْرٌ مِّنَ السَّاعِي فَكَسِّرُوا فِيهَا قِسِيَّكُمْ وَ

کھڑے سے اور چلنے والا اوسمین بہتر ہوگا دوڑنیوالے سے تو توڑ ڈالو اوسمین کمانین اپنی اور

قَطِّعُوا فِيهَا أَوْتَارَكُمْ وَاضْرِبُوا سُيُوفَكُمْ بِالْحِجَارَةِ فَإِنْ دُخِلَ عَلَى أَحَدٍ

کاٹ ڈالو اوسمین چلے اپنی کمانونکے اور مارو اپنی تلوارون کو پتھر وںپر پیرا گر آوے کوئی کسی پر مارنیکو

مِّنْكُمْ فَلْيَكُنْ كَخَيْرِ ابْنَيْ آدَمَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَفِي رِوَايَةٍ لَهُ ذَكَرَ إِلَى

تم میں سے تو چاہیئے کہ ہووے وہ مانند بہترین دو بیٹون آدم کے روایت کی یہ ابوداؤد نے اور ایک روایت ابوداؤد کی مین ذکر کی حدیث

قَوْلِهِ خَيْرٌ مِّنَ السَّاعِي ثُمَّ قَالُوا فَمَا تَأْمُرُنَا قَالَ كُونُوا أَحْلَاسَ بُيُوتِكُمْ

قول اونکا خیر من الساعی پھر کہا بعضے صحابہ نے کہ پس کیا فرماتے ہیں آپ ہمکو فرمایا حضرت نے ہو تم ٹاٹ اپنی گھرون کی

وَفِي رِوَايَةِ التِّرْمِذِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الْفِتْنَةِ

اور ترمذی کی روایت مین یون آیا ہے کہ تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیچ مقدمہ فتنہ کے

كَسِّرُوا فِيهَا قِسِيَّكُمْ وَقَطِّعُوا فِيهَا أَوْتَارَكُمْ

کہ توڑ ڈالو تم فتنون مین کمانین اپنی اور کاٹ ڈالو اوسمین چلے اپنی کمانونکو

وَالْزَمُوا فِيهَا أَجْوَافَ بُيُوتِكُمْ وَكُونُوا كَابْنِ آدَمَ وَقَالَ هَذَا حَدِيثٌ

اور لازم پکڑنا اوسمین گھرون کے اندر کو اور ہو جاؤ تم مانند بیٹے آدم کے اور کہا ترمذی نے کہ یہہ حدیث

صَحِيحٌ غَرِيبٌ وَعَنْ أُمِّ مَالِكٍ الْبَهْزِيَّةِ قَالَتْ ذَكَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى

صحیح غریب ہے۔ اور روایت ہے ام مالک بہزیہ سے کہ کہا اونھون نے کہ ذکر کیا رسول خدا صلے

اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِتْنَةً فَقَرَّبَهَا قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَنْ خَيْرُ النَّاسِ فِيهَا

اللہ علیہ وسلم نے فتنہ کا پس نزدیک سمجھا اوسکو کہا مینے یارسول اللہ کون ہوگا بہتر لوگونکا اوس فتنہ مین

قَالَ رَجُلٌ فِي مَاشِيَتِهِ يُؤَدِّي حَقَّهَا وَيَعْبُدُ رَبَّهُ وَرَجُلٌ آخِذٌ

فرمایا وہ شخص کہ ہو اپنے مواشی مین ادا کرتا ہے حق اونکا اور بندگی کرتا ہے اپنے رب کی اور بہتر وہ شخص ہے کہ پکڑا

بِرَأْسِ فَرَسِهِ يُخِيفُ الْعَدُوَّ وَيُخَوِّفُونَهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ

سر گھوڑے اپنے کا ڈراتا ہے دشمنان دین کو اور ڈراتے ہیں وہ اوسکو روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے

۷۹ ... اور ان فتنون میں ... مسلمانون ... یعنی ...

مطلب الفتن

تو بہتر ہے ... اور مار ڈالے ... رفع کرنا بھی جائز نہیں ... صحابہ اور تابعین کا یہ قول ہے ... کہ حق کی تائید کرنا بہتر ہے ... قاطعون اور باغیون کا مارنا ...

عن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ستكون فتنة

عبد اللہ بن عمرو سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نزدیک ہے کہ پیدا ہو فتنہ کہ

تستنظف العرب قتلاها في النار اللسان فيها اشد من وقع

کہ غالب ہو عرب کو مقتول اوسکی آگ میں ہونگے زبان درازی اوس فتنہ میں سخت تر ہوگی لگنے

السيف رواه الترمذي وابن ماجه وعن ابي هريرة ان رسول

تلوار کے سے روایت کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے کہ تحقیق رسول

الله صلى الله عليه وسلم قال ستكون فتنة صماء بكماء عمياء من اشرف

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قریب ہے کہ ہوگا فتنہ بہرا گونگا اندھا جو کوئی دیکھیگا

لها استشرفت له واشراف اللسان فيها كوقوع السيف رواه

اوسکو کھینچ لیگا اوسکو طرف اپنے اور درازی زبان اوس فتنہ میں لگنے مانند مارنے تلوار کے ہے روایت کی یہ

ابو داود وعن عبد الله بن عمر قال كنا قعودا عند النبي صلى الله عليه وسلم

ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے عبد اللہ بیٹے عمر رضہ کے سے کہ کہا تھے ہم بیٹھے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے

فذكر الفتن فاكثر في ذكرها حتى ذكر فتنة الاحلاس فقال قائل و

پس ذکر کیا حضرت نے فتنوں کا پس بہت کیا ذکر فتنوں کا یہاں تک کہ ذکر کیا فتنہ احلاس کا پس کہا ایک کہنے والے نے کہ

ما فتنة الاحلاس قال هي هرب وحرب ثم فتنة السراء دخنها

کیا ہے فتنہ احلاس فرمایا وہ سے بھاگنا ہے اور لینا مال اور اہل کا ہے پھر فتنہ سرا کا فساد اوسکا

من تحت قدمي رجل من اهل بيتي يزعم انه مني وليس مني انما

نیچے دونوں قدموں ایک شخص کے سے کہ میرے اہل بیت میں سے ہوگا گمان کریگا وہ شخص کہ وہ میری اہل بیت میں سے ہے اور نہیں

اولياءي المتقون ثم يصطلح الناس على رجل كورك على ضلع

کہ دوست میرے پرہیزگار ہیں پھر بعد اس فتنہ کے جمع ہونگے لوگ اوپر بیعت ایک شخص کے کہ ہوگا مانند کولہے کے اوپر پسلی کے پھر

ثم فتنة الدهيماء لا تدع احدا من هذه الامة الا لطمته لطمة فاذا

دہیماء نہیں چھوڑیگا وہ فتنہ کسی کو اس امت میں سے مگر کہ طمانچہ ماریگا اوسکو طمانچہ مارنا پس جب

قيل انقضت تمادت يصبح الرجل فيها مؤمنا ويمسي كافرا حتى

کہا جاویگا یہ فتنہ تمام ہوا مدت زیادہ پیدا کریگا صبح کریگا شخص اوسمیں مومن اور شام کریگا کافر اور ہمیشہ رہیگا یہانتک

يَصِيرُ النَّاسُ إِلَى فُسْطَاطَيْنِ فُسْطَاطِ إِيمَانٍ لَا نِفَاقَ فِيهِ وَفُسْطَاطِ نِفَاقٍ

کہ ہو جاوینگے لوگ طرف دو خیموں کے ایک خیمہ ایمان کا کہ نہیں ہوگا نفاق اوسمین اور دوسرا خیمہ نفاق کا

لَا إِيمَانَ فِيهِ فَإِذَا كَانَ ذَلِكَ فَانْتَظِرُوا الدَّجَّالَ مِنْ يَوْمِهِ أَوْ مِنْ غَدِهِ

کہ نہیں ہوگا ایمان اوسمین پس جب ہو یہ پس منتظر ہونا ظہور دجال کے اوسدن یا اوسکے اگلے دن

رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ

روایت کی یہ ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رضی سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وائے ہے واسطے عرب کے شر سے کہ

قَدِ اقْتَرَبَ أَفْلَحَ مَنْ كَفَّ يَدَهُ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ الْأَسْوَدِ

نزدیک پہونچے نجات پائی اوس شخص نے بند رکھا ہاتہ اپنا روایت کی یہ ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے مقداد بن اسود رضی سے کہ

قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ السَّعِيدَ لَمَنْ جُنِّبَ الْفِتَنَ

کہا سنا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تہے تحقیق نیکبخت البتہ وہ شخص ہے کہ دور کیا گیا فتنوں سے

إِنَّ السَّعِيدَ لَمَنْ جُنِّبَ الْفِتَنَ إِنَّ السَّعِيدَ لَمَنْ جُنِّبَ الْفِتَنَ وَلَمَنِ ابْتُلِيَ فَصَبَرَ

تحقیق نیکبخت البتہ وہ شخص ہے کہ دور کیا گیا فتنوں سے تحقیق نیکبخت البتہ وہ شخص ہے کہ دور کیا گیا فتنوں سے اور جو مبتلا کیا گیا

فَوَاهًا رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ

پس عمدہ کام کیا اسنے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے ثوبان رضی سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا وُضِعَ السَّيْفُ فِي أُمَّتِي لَمْ يُرْفَعْ عَنْهَا إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَلَا

علیہ وسلم نے کہ جسوقت رکہی جاویگی تلوار میری امت مین نہین اوٹہائی جاویگی تلوار و قتل اوس سے قیامت تک اور نہین

تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى تَلْحَقَ قَبَائِلُ مِنْ أُمَّتِي بِالْمُشْرِكِينَ وَحَتَّى تَعْبُدَ

قائم ہوگی قیامت یہانتک کہ ملینگے کتنے ایک قبیلے میری امت مین سے ساتہ مشرکون کے اور نہین قائم ہوگی قیامت یہانتک کہ

قَبَائِلُ مِنْ أُمَّتِي الْأَوْثَانَ وَإِنَّهُ سَيَكُونُ فِي أُمَّتِي كَذَّابُونَ ثَلَاثُونَ

ایک قبیلے میری امت مین سے بتون کو اور تحقیق شان یہ ہے کہ ہونگے میری امت مین کہ جہوٹے وہ تیس ہونگے

كُلُّهُمْ يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيُّ اللهِ وَأَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ لَا نَبِيَّ بَعْدِي وَلَا تَزَالُ طَائِفَةٌ

سب گمان کرینگے کہ وہ نبی خدا کے ہین حال آنکہ مین خاتم النبیین ہون نہین کوئی نبی بعد میرے اور ہمیشہ رہیگی ایک جماعت

مِنْ أُمَّتِي عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِينَ لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَالَفَهُمْ حَتَّى يَأْتِيَ أَمْرُ اللهِ

امت میری سے ثابت رہیگی حق پر اور غالب نہین ضرر پہونچا سکیگا انکو وہ شخص کہ مخالفت کرے انکی یہانتک کہ آوے حکم خدا کا

رواه ابوداود والترمذي وعن عبد الله بن مسعود عن النبي
روایت کیا اسکو ابوداؤد اور ترمذی نے ۔ اور روایت ہے عبد اللہ بیٹے مسعود رضی اللہ عنہ سے اور روایت کی نبی

صلى الله عليه وسلم قال تدور رحى الاسلام لخمس وثلثين او ست و
صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا پھرتی رہیگی چکی دین اسلام کی بیچ مدت پینتیس ۳۵ برس کے یا چھتیس ۳۶ برس کے

ثلثين او سبع وثلثين فان يهلكوا فسبيل من هلك وان يقم لهم
یا سینتیس برس کے پس اگر ہلاک ہوں پس راہ انکی راہ انکی سی ہو کہ ہلاک ہوئے اور اگر تمام ہو واسطے انکے

دينهم يقم لهم سبعين عاما قلت امما بقي او مما مضى قال مما
کہ کاروبار دین انکو کا تو پورا ہوگا دین انکے لیے ستر برس تک کہا میں نے آیا یہ ستر برس اوس وقت سے ہیں کہ باقی رہا یا گذر گیا

مضى رواه ابوداود الفصل الثالث عن ابي واقد الليثي
گذرا روایت کیا اسکو ابوداؤد نے ۔ فصل تیسری روایت ہے ابی واقد لیثی رضی اللہ عنہ سے کہ

ان رسول الله صلى الله عليه وسلم لما خرج الى غزوة حنين مر بشجرة
تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم جبکہ نکلے طرف ۸ھ غزوہ حنین کے گذرے ایک درخت پر

للمشركين كانوا يعلقون عليها اسلحتهم يقال لها ذات انواط
تھا مشرکین کا لٹکاتے تھے اوسپر ہتیار اپنے کہا جاتا تھا اوس درخت کو ذات انواط

فقالوا يا رسول الله اجعل لنا ذات انواط كما لهم ذات انواط فقال رسول الله
پس کہا مسلمانوں نے یا رسول اللہ ٹھیرا دیجیے ہمارے لیے بھی ایک درخت کہ اوسپر ہتیار لٹکا دین ہم جیسا کہ مشرکون کیلیے ہے ذات انواط پس فرمایا

صلى الله عليه وسلم سبحان الله هذا كما قال قوم موسى اجعل لنا الها كما لهم
صلی اللہ علیہ وسلم نے سبحان اللہ یہ کہنا تمہارا ایسا ہے کہ جیسا کہا قوم موسی نے اے موسی ٹھیرا ہمارے لیے ایک معبود جیسا کہ انکے لیے ہیں

آلهة والذي نفسي بيده لتركبن سنن من كان قبلكم رواه
معبود قسم ہے اوس ذات کی کہ جان میری اوسکے ہاتھ میں ہے البتہ چلوگے تم راہ ان لوگونکی کہ تھے پہلے تمسے روایت کیا

الترمذي وعن ابن المسيب قال وقعت الفتنة الاولى يعني
ترمذی نے ۔ اور روایت ہے ابن مسیب رضی اللہ عنہ سے کہ کہا واقعہ ہوا فتنہ پہلا مراد رکھتے ہیں

مقتل عثمان فلم يبق من اصحاب بدر احد ثم وقعت الفتنة الثانية
زمانہ مار ڈالنے عثمان بن عفان کا پس باقی نہ رہا کوئی بدریوں میں سے پھر واقعہ ہوا فتنہ دوسرا

يعنى الحرة فلم يبق من اصحب الحديبية احد ثم وقعت الفتنة

يعنى سلہ حرہ کا پس نہ باقی رہا کوئی حدیبیہ والوں میں سے پھر واقع ہوا فتنہ

الثالثة فلم ترتفع وبالناس طباخ رواه البخاري باب الملاحم

تیسرا پس نہ گیا وہ فتنہ اس حال ہیں کہ لوگوں میں قوت اور فربہی ہو روایت کی یہ بخاری نے - باب ہے بیچ بیان لڑائیوں کے

الفصل الاول عن ابى هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال

فصل پہلی روایت ہو ابی ہریرہ رض سے کہ تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

لا تقوم الساعة حتى تقتتل فئتان عظيمتان تكون بينهما مقتلة

نہیں قائم ہوگی قیامت یہاں تک کہ لڑینگے دو گروہ بڑے ہو گا درمیان انکے قتال

عظيمة دعواهما واحدة وحتى يبعث دجالون كذابون قريب من

عظیم دعوی سلہ ہو گا انکا ایک اور نہیں قائم ہوگی قیامت یہانتک کہ پیدا ہونگے جھوٹے قریب

ثلثين كلهم يزعم انه رسول الله وحتى يقبض العلم ويكثر الزلازل

تیس کے ہر ایک انمیں سے دعوی کریگا کہ وہ پیغمبر خدا کا ہے اور نہیں بپا ہوگی قیامت یہانتک کہ اوٹھایا جاویگا علم اور بہت ہونگے

ويتقارب الزمان ويظهر الفتن ويكثر الهرج وهو القتل وحتى

سلہ اور قریب ہوگا زمانہ اور پیدا ہونگے فتنے اور بہت ہوگا ہرج اور وہ قتل ہے اور یہانتک

يكثر فيكم المال فيفيض حتى يهم رب المال من يقبل صدقته و

سلہ بہت ہوگا درمیان تمہارے مال پس بہت ہوگا یہانتک کہ فکر میں ڈالیگا صاحب مال کو وہ شخص کہ قبول کرے صدقہ اوسکا اور

حتى يعرضه فيقول الذي يعرضه عليه لا ارب لي به وحتى

یہانتک کہ پیش کریگا مال پر کہیگا وہ شخص کہ پیش کریگا اوس مال کو اوسپر نہیں حاجت مجکو اور یہانتک کہ

يتطاول الناس في البنيان وحتى يمر الرجل بقبر الرجل فيقول

فخر کرینگے لوگ بیچ بنانے لمبی عمارتوں کے اور یہانتک کہ گذریگا مرد کسی مرد کی قبر پر پس کہیگا

يا ليتني مكانه وحتى تطلع الشمس من مغربها فاذا طلعت وراها

اے کاش کہ سلہ ہوتا میں جگہ اسکی اور یہانتک کہ نکلیگا آفتاب مغرب کی طرف سے پس جب نکلیگا آفتاب مغرب سے

الناس امنوا اجمعون فذلك حين لا ينفع نفسا ايمانها لم تكن

آدمی ایمان لاوینگے سب پس یہ وقت ہے کہ نہیں سلہ نفع دیگا کسی نفس کو ایمان لانا اوسکا کہ نہ

آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ أَوْ كَسَبَتْ فِي إِيمَانِهَا خَيْرًا وَلَتَقُومَنَّ السَّاعَةُ وَقَدْ

لایا ہو ایمان پہلے اوس دن سے اور نفع دیگا کسی نفس کو نیکی کو اپنی ایمان میں اگر کسب کی تھی پہلے اوس سے اور البتہ قائم ہوگی قیامت اس حالت میں کہ

نَشَرَ الرَّجُلَانِ ثَوْبَهُمَا بَيْنَهُمَا فَلَا يَتَبَايَعَانِهِ وَلَا يَطْوِيَانِهِ وَلَتَقُومَنَّ

کھولا ہوگا دو شخصوں نے کپڑا اپنا درمیان اپنے پس خرید و فروخت نہیں کر چکینگے اوسکو اور نہیں لپیٹینگے اوسکو اور البتہ

السَّاعَةُ وَقَدِ انْصَرَفَ الرَّجُلُ بِلَبَنِ لِقْحَتِهِ فَلَا يَطْعَمُهُ وَلَتَقُومَنَّ

قیامت اس حالت میں کہ پھرا ہوگا ایک شخص ساتھ دودھ اونٹنی اپنی کے سو پس نہ پیویگا اوسکو اور البتہ قائم ہوگی

السَّاعَةُ وَهُوَ يَلِيطُ حَوْضَهُ فَلَا يَسْقِي فِيهِ وَلَتَقُومَنَّ السَّاعَةُ وَقَدْ

قیامت اس حالت میں کہ ایک شخص درست کرتا ہوگا حوض اپنا پس نہیں پلا سکیگا اوس میں اور البتہ قائم ہوگی قیامت اس حالت میں کہ

رَفَعَ أُكْلَتَهُ إِلَى فِيهِ فَلَا يَطْعَمُهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ

اوٹھایا ہوگا آدمی نے لقمہ طرف مونہ اپنے کے پس نہ کھا سکیگا اوسکو متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ رضی سے کہ کہا فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى تُقَاتِلُوا قَوْمًا نِعَالُهُمُ الشَّعَرُ وَحَتَّى تُقَاتِلُوا التُّرْكَ صِغَارَ الْأَعْيُنِ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہیں قائم ہوگی قیامت یہاں تک کہ لڑو گے تم ایک قوم سے جنکی جوتیاں بالوں کی ہونگی اور یہاں تک کہ لڑوگے تم ترکوں سے

حُمْرَ الْوُجُوهِ ذُلْفَ الْأُنُوفِ كَأَنَّ وُجُوهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ مُتَّفَقٌ

سرخ چہرے بیٹھے ہوئی ناکین گویا کہ مونہ اونکے ڈھالیں ہیں تہ بر تہ چمڑوں سے بنی ہوئی متفق

عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُومُ السَّاعَةُ

علیہ۔ اور روایت انہیں سے کہ کہا اونہوں نے فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں قائم ہوگی قیامت

حَتَّى تُقَاتِلُوا خُوزًا وَكِرْمَانَ مِنَ الْأَعَاجِمِ حُمْرَ الْوُجُوهِ فُطْسَ الْأُنُوفِ

یہاں تک کہ لڑو گے تم خوز اور کرمان سے کہ عجمیوں میں سے ہیں سرخ مونہہ پست بینی

صِغَارَ الْأَعْيُنِ وُجُوهُهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ نِعَالُهُمُ الشَّعَرُ رَوَاهُ

خورد چشم مونہہ اونکے مانند سپر دون تو بر تو کی پاپوشیں اونکی بالدار روایت کی یہ

الْبُخَارِيُّ وَفِي رِوَايَةٍ لَهُ عَنْ عَمْرِو بْنِ تَغْلِبَ عِرَاضَ الْوُجُوهِ وَعَنْ

بخاری نے اور ایک روایت بخاری کی میں عمرو بن تغلب سے بجائے سرخ منہ کے چکلے مونہہ۔ اور روایت ہے

أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يُقَاتِلَ

ابی ہریرہ رضی سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہیں قائم ہوگی قیامت یہاں تک کہ لڑینگے

المسلمون اليهود فيقتلهم المسلمون حتى يختبئ اليهودي من وراء الحجر

مسلمان یہودیوں سے پس مارینگے انکو مسلمان یہانتک کہ چھپیگا یہودی پیچھے پتھر کے

والشجر فيقول الحجر والشجر يا مسلم يا عبد الله هذا يهودي خلفي فتعال

اور درخت کے پس کہیگا پتھر اور درخت اے مسلمان اے بندے اللہ کے یہ ہے یہودی پیچھے میرے پس آ

فاقتله إلا الغرقد فإنه من شجر اليهود رواه مسلم وعنه قال قال

اور قتل کر اسکو مگر درخت غرقد اسلیے کہ وہ درخت یہودیوں کا ہے روایت کیا اسکو مسلم نے۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ رض سے

رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تقوم الساعة حتى يخرج رجل من قحطان

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں قائم ہونے کی قیامت یہانتک کہ نکلے گا ایک شخص قحطان میں سے

يسوق الناس بعصاه متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى

ہانکے گا وہ شخص لوگوں کو ساتھ لاٹھی اپنی کے متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ رض سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی

الله عليه وسلم لا تذهب الأيام والليالي حتى يملك رجل يقال له

اللہ علیہ وسلم نے کہ نہیں تمام ہونگے دن اور رات یہانتک کہ مالک ہوگا ایک شخص کہ کہا جاویگا اوسکو

الجهجاه وفي رواية حتى يملك رجل من الموالي يقال له الجهجاه رواه

جہجاہ اور ایک روایت میں یوں ہی ہے یہانتک کہ مالک ہوگا ایک شخص موالی میں سے کہا جاویگا اوسکو جہجاہ روایت کی یہ

مسلم وعن جابر بن سمرة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم

مسلم نے۔ اور روایت ہے جابر بن سمرہ رض سے کہ کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ

يقول لتفتحن عصابة من المسلمين كنز آل كسرى الذي في الأبيض

فرماتے تھے البتہ کھولیگی ایک جماعت مسلمانوں میں سے گنج آل کسرے کا وہ گنج بیچ محل سفید کے ہے

رواه مسلم وعن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

روایت کیا اسکو مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

هلك كسرى فلا يكون كسرى بعده وقيصر ليهلكن ثم لا يكون

ہلاک ہوا کسریٰ پس نہ ہوگا کسریٰ پیچھے اوسکے اور قیصر البتہ ہلاک ہوگا پس نہیں ہوگا

قيصر بعده ولتقسمن كنوزهما في سبيل الله وسمى الحرب خدعة

اور قیصر بعد اوسکے اور البتہ بانٹے جاوینگے خزانے اونکے راہ خدا میں اور نام رکھا آنحضرت نے لڑائی کا فریب

یہ کہ لڑائی صرف شمشیر زنی پر موقوف نہیں فریب اور تدبیر بھی ضرور چاہیے

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ نَافِعِ بْنِ عُتْبَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

متفق علیہ۔ اور روایت ہے نافع بن عتبہ رضی سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

تَغْزُوْنَ جَزِيْرَةَ الْعَرَبِ فَيَفْتَحُهَا اللّٰهُ ثُمَّ فَارِسَ فَيَفْتَحُهَا اللّٰهُ ثُمَّ تَغْزُوْنَ

جنگ کروگے جزیرہ عرب سے پس فتح کریگا اسکو اللہ تعالیٰ پھر جنگ کروگے ولایت فارس سے پس فتح کریگا اسکو اللہ پھر جنگ کروگے

الرُّوْمَ فَيَفْتَحُهَا اللّٰهُ ثُمَّ تَغْزُوْنَ الدَّجَّالَ فَيَفْتَحُهُ اللّٰهُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ

روم سے پس فتح کریگا اسکو اللہ تعالیٰ پھر جنگ کروگے دجال سے پس فتح دیگا اوپر اسکے اللہ روایت کی اسکو مسلم نے۔ اور روایت ہے عوف بن مالک سے

قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ وَهُوَ فِيْ قُبَّةٍ مِّنْ اَدَمٍ

کہا آیا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیچ غزوہ تبوک کے اس حال میں کہ آنحضرت ص چمڑے کے خیمہ میں تھے

فَقَالَ اُعْدُدْ سِتًّا بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ مَوْتِيْ ثُمَّ فَتْحُ بَيْتِ الْمَقْدِسِ

فرمایا گن تو چھ چیزوں کو پہلے آنے قیامت سے اول مرنا میرا دوسرے فتح ہونا بیت المقدس کا

ثُمَّ مُوْتَانٌ يَأْخُذُ فِيْكُمْ كَقُعَاصِ الْغَنَمِ ثُمَّ اسْتِفَاضَةُ الْمَالِ حَتّٰى يُعْطَى

تیسرے وبا عام کہ پیدا ہوگی تم میں مانند بیماری بکریوں کے چوتھے بہت ہونا مال کا یہانتک کہ دیا جاویگا

الرَّجُلُ مِائَةَ دِيْنَارٍ فَيَظَلُّ سَاخِطًا ثُمَّ فِتْنَةٌ لَا يَبْقٰى بَيْتٌ مِّنَ الْعَرَبِ

مرد کو سو دینار پس ہوگا ناراض پانچویں پیدا ہونا فتنہ کا کہ نہیں رہیگا کوئی گھر عرب سے

اِلَّا دَخَلَتْهُ ثُمَّ هُدْنَةٌ تَكُوْنُ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ بَنِي الْاَصْفَرِ فَيَغْدِرُوْنَ

مگر داخل ہوگا فتنہ اوس گھر میں چھٹے صلح کہ ہوگی درمیان تمہارے اور درمیان روم کے پس عہد شکنی کرینگے وہ

فَيَأْتُوْنَكُمْ تَحْتَ ثَمَانِيْنَ غَايَةً تَحْتَ كُلِّ غَايَةٍ اثْنَا عَشَرَ اَلْفًا رَوَاهُ

پس آوینگے تمپر نیچے اسی نشانوں کے نیچے ہر نشان کے بارہ ہزار آدمی ہونگے روایت کیا اسکو

الْبُخَارِيُّ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

بخاری نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رضی سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَنْزِلَ الرُّوْمُ بِالْاَعْمَاقِ اَوْ بِدَابِقَ فَيَخْرُجُ اِلَيْهِمْ

نہیں قائم ہوگی قیامت یہانتک کہ اوتریں گے روم ساتھ اعماق میں یا دابق میں پس نکلے گا طرف انکی

جَيْشٌ مِّنَ الْمَدِيْنَةِ مِنْ خِيَارِ اَهْلِ الْاَرْضِ يَوْمَئِذٍ فَاِذَا تَصَافُّوْا قَالَتِ الرُّوْمُ

ایک لشکر مدینہ سے کہ بہترین لوگوں زمین کے سے اوسدن پس جسوقت کہ صف باندھینگے کہینگے روم

خَلُّوا بَيْنَنَا وَبَيْنَ الَّذِيْنَ سَبَوْا مِنَّا نُقَاتِلْهُمْ فَيَقُوْلُ الْمُسْلِمُوْنَ لَا وَاللّٰهِ

خالی کرو جگہہ درمیان ہمارے اور درمیان اون لوگون کی کہ بندی پکڑ لائے ہین ہم مین سے لڑین ہم اونسے پس کہینگے مسلمان قسم ہے

لَا نُخَلِّيْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ اِخْوَانِنَا فَيُقَاتِلُوْنَهُمْ فَيَنْهَزِمُ ثُلُثٌ لَا يَتُوْبُ اللّٰهُ

نہین خالی کرین گی ہم درمیان تمہارے اور درمیان مسلمان بھائیون اپنو کے پس لڑینگے مسلمان ان سے پس شکست کہا وینگی تہائی

عَلَيْهِمْ اَبَدًا وَيُقْتَلُ ثُلُثُهُمْ اَفْضَلُ الشُّهَدَآءِ عِنْدَ اللّٰهِ وَيَفْتَتِحُ الثُّلُثُ

اونپر کبھی اور ماری جاویگی تہائی اونکی وہ بہتر ین شہید کے ہونگے نزدیک خدا کے اور فتح کرینگی تہائی مسلمان باقی

لَا يُفْتَنُوْنَ اَبَدًا فَيَفْتَتِحُوْنَ قُسْطُنْطِيْنِيَّةَ فَبَيْنَا هُمْ يَقْتَسِمُوْنَ الْغَنَآئِمَ

نہین فتنہ مین ڈالے جاوینگے کبھی پہر فتح کرین گے قسطنطنیہ پس اوسوقت کہ تقسیم کرتے ہونگے مسلمان غنیمتین

قَدْ عَلَّقُوْا سُيُوْفَهُمْ بِالزَّيْتُوْنِ اِذْ صَاحَ فِيْهِمُ الشَّيْطَانُ اِنَّ الْمَسِيْحَ قَدْ

حال آنکہ لٹکائی ہونگی تلوارین اپنی درخت زیتون پر ناگہان آواز دیگا اونمین شیطان یہہ کہ مسیح دجال تحقیق

خَلَفَكُمْ فِيْ اَهْلِيْكُمْ فَيَخْرُجُوْنَ وَذٰلِكَ بَاطِلٌ فَاِذَا جَآءُوا الشَّامَ خَرَجَ

پیچھے تمہارے آیا تمہارے اہل و اولاد مین پس نکلین گے اور یہہ خبر جھوٹی ہوگی پس جب آوینگے مسلمان شام مین نکلیگا دجال

فَبَيْنَا هُمْ يُعِدُّوْنَ لِلْقِتَالِ يُسَوُّوْنَ الصُّفُوْفَ اِذْ اُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ

پس اوسوقت یہہ کہ تیاری کرتے ہونگے لڑائی کی برابر کرین گے صفین ناگہان قائم کیجاویگی نماز

فَيَنْزِلُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ فَاَمَّهُمْ فَاِذَا رَاٰهُ عَدُوُّ اللّٰهِ ذَابَ كَمَا يَذُوْبُ

پس اوترین گے عیسی ابن مریم پس امام ہونگے مسلمانونکے پس جب دیکھیگا عیسی کو دشمن خدا کا گھلنے لگیگا جیسا گھلتا ہے

الْمِلْحُ فِي الْمَآءِ فَلَوْ تَرَكَهُ لَانْذَابَ حَتّٰى يَهْلِكَ وَلٰكِنْ يَقْتُلُهُ اللّٰهُ بِيَدِهٖ

نمک پانی مین پس اگر چھوڑ دین عیسی اوسکو بحال خود البتہ گلجاوے یہانتک کہ مرجاوے وہ ولیکن قتل کریگا اوسکو خدا تعالی عیسی کے ہاتھ سے

فَيُرِيْهِمْ دَمَهٗ فِيْ حَرْبَتِهٖ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ

پس دکہلاوینگے عیسی سب کو خون دجال کا اپنے نیزہ مین روایت کیا اسکو مسلم نے۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود رض سے

قَالَ اِنَّ السَّاعَةَ لَا تَقُوْمُ حَتّٰى لَا يُقْسَمَ مِيْرَاثٌ وَّلَا يُفْرَحَ بِغَنِيْمَةٍ ثُمَّ

کہ کہا تحقیق قیامت نہین قائم ہوگی یہانتک کہ نہ بانٹی جاویگی میراث اور نہین خوش ہوگا کوئی بسبب غنیمت کے پہر

قَالَ عَدُوٌّ يَّجْمَعُوْنَ لِاَهْلِ الشَّامِ وَيَجْمَعُ لَهُمْ اَهْلُ الْاِسْلَامِ يَعْنِيْ

کہا ابن مسعود نے دشمن جمع کرین گے لشکر واسطے مقابلہ اہل شام کے اور جمع کرین گے واسطے قتال ان دشمنونکے مسلمان بہی لشکر

الروم فيتشرط المسلمون شرطة للموت لا ترجع إلا غالبة فيقتتلون

روم پس چنین گے مسلمان اپنے لشکر میں سے ایک فوج جو مرنا قبول کرے گی پھیری وہ فوج مگر غالب ہو کر پس لڑینگے مسلمان اور کافر

حتى يحجز بينهم الليل فيفيء هؤلاء وهؤلاء كل غير غالب وتفنى الشرطة

یہاں تک کہ حائل ہوگی درمیان ان کے رات پس پھرینگے مسلمان اور کافر طرف ڈیروں اپنے کی ہر ایک غیر غالب اور فنا ہو جاویگی وہ فوج جو آگے

ثم يتشرط المسلمون شرطة للموت لا ترجع إلا غالبة فيقتتلون حتى

پھر چنین گے مسلمان ایک لشکر کو واسطے مرنے کے کہ نہ پھرے مگر غالب پس لڑینگے یہاں تک

يحجز بينهم الليل فيفيء هؤلاء وهؤلاء كل غير غالب وتفنى الشرطة

کہ حائل ہوگی درمیان ان کے رات پس پھرینگے مسلمان اور کافر طرف ڈیروں اپنے کی ہر ایک غیر غالب اور فنا ہو جاویگی وہ فوج جو آگے گئی

ثم يتشرط المسلمون شرطة للموت لا ترجع إلا غالبة فيقتتلون حتى

پھر چناؤ کرینگے مسلمان ایک لشکر کو مرنے کے لیے کہ نہ پھرے مگر غالب پس لڑینگے یہاں تک

يمسوا فيفيء هؤلاء وهؤلاء كل غير غالب وتفنى الشرطة فإذا كان يوم

کہ شام کر دینگے پس پھرینگے مسلمان اور کافر ہر ایک غیر غالب اور فنا ہو جاویگی وہ فوج جو آگے نکلی تھی لڑنے کے لیے پس جب ہوگا

الرابع نهد إليهم بقية أهل الإسلام فيجعل الله الدبرة عليهم

چوتھا قصد کرینگے طرف جنگ کفار کے باقی اہل اسلام پس کروائیگا اللہ تعالی شکست کفار پر

فيقتلون مقتلة لم ير مثلها حتى إن الطائر ليمر بجنباتهم فلا

پس لڑینگے لڑنا کہ نہیں دیکھا گیا مانند اوسکی یہاں تک کہ پرندہ البتہ ارادہ کریگا گزرنے کا اوپر جوانب ان کے پس نہیں

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَمَّارٍ حِيْنَ يَحْفِرُ الْخَنْدَقَ فَجَعَلَ

یہ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عمار بن یاسر کو اوس وقت کہ کھودتے تھے عمار خندق کو پس شروع کیا

يَمْسَحُ رَاْسَهٗ وَيَقُوْلُ بُؤْسَ ابْنِ سُمَيَّةَ تَقْتُلُكَ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ

کہ ہاتھ پھیرتے تھے عمار کے سر پر اور فرماتے تھے اے محنت بیٹے سمیہ کے قتل کریگی تجکو ایک جماعت گردن کش

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے سلیمان بن صرد سے کہ کہا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

حِيْنَ اُجْلِيَ الْاَحْزَابُ عَنْهُ اَلْاٰنَ نَغْزُوْهُمْ وَلَا يَغْزُوْنَا نَحْنُ

اوس وقت کہ متفرق ہوگئے گروہ کفار کے حضرت صلعم کے مقابلہ سے اب جہاد کرینگے ہم اونپر اور وہ نہیں لڑینگے ہمسے ہم

نسير إليهم رواه البخاري وعن عائشة قالت لما رجع رسول

چلیں گے سلسلہ طرف انکی روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے عائشہ رضی سے کہ کہا جبکہ پھرے رسول

الله صلى الله عليه وسلم من الخندق ووضع السلاح واغتسل أتاه

خدا صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ خندق سے اور رکھے ہتھیار اور غسل کیا آئے حضرت صلعم کے پاس

جبريل وهو ينفض رأسه من الغبار فقال قد وضعت

جبرئیل علیہ السلام کہ آنحضرت صلعم جھاڑتے تھے سر اپنا گرد سے پس کہا جبرئیل نے حضرت صلعم کو کہ تحقیق آپ نے تو رکھے

السلاح والله ما وضعته اخرج إليهم فقال النبي صلى الله

ہتھیار قسم ہے اللہ کی میں نے نہیں رکھے ہتھیار نکلو طرف ان کافروں کی پس فرمایا نبی صلی اللہ

عليه وسلم فأين فأشار إلى بني قريظة فخرج النبي صلى الله عليه وسلم إليهم

علیہ وسلم نے پس کہاں پس اشارہ کیا جبرئیل نے طرف بنی قریظہ کے پس نکلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم طرف بنی قریظہ

متفق عليه وفي رواية للبخاري قال أنس كأني أنظر إلى الغبار

روایت کی بخاری اور مسلم نے اور بخاری کی ایک روایت میں یوں آیا ہے کہ کہا انس نے گویا میں دیکھتا ہوں طرف غبار کے

ساطعا في زقاق بني غنم موكب جبريل عليه السلام حين سار

کہ اوٹھتا تھا بیچ کوچہ بنی غنم کے سواروں کی جماعت سے کہ ہمراہ جبرئیل علیہ السلام کے تھے جس وقت چلے

رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى بني قريظة وعن جابر قال عطش

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم طرف بنی قریظہ کے۔ اور روایت ہے جابر رضی سے کہا کہ پیاسے ہوئے

الناس يوم الحديبية ورسول الله صلى الله عليه وسلم بين يديه

لوگ دن حدیبیہ کے حالانکہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم آگے اونکے تھی

ركوة فتوضأ منها ثم أقبل الناس نحوه قالوا ليس عندنا

چھاگل پس وضو کیا اوس سے پھر متوجہ ہوئے لوگ طرف آنحضرت صلعم کے عرض کیا کہ نہیں ہے ہمارے پاس

ماء نتوضأ به ونشرب إلا ما في ركوتك فوضع النبي صلى الله عليه

پانی کہ وضو کریں ہم اوس سے اور پیویں اوسکو مگر یہی پانی ہے کہ جو آپکی چھاگل میں ہے پس رکھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

يده في الركوة فجعل الماء يفور من بين أصابعه كأمثال

دست مبارک اپنا چھاگل میں پس لگا پانی جوش مارنے آنحضرت صلعم کی انگلیوں کے درمیان میں سے مانند

الْعُيُوْنِ قَالَ فَشَرِبْنَا وَتَوَضَّأْنَا قِيْلَ لِجَابِرٍ كَمْ كُنْتُمْ قَالَ لَوْ كُنَّا مِائَةَ

چشموں کے کہا جابر نے پس پیا ہمنے اور وضو کیا ہمنے کہا گیا واسطے جابر کے کتنے تھے تم کہا جابر نے اگر ہوتے ہم لاکھ

أَلْفٍ لَكَفَانَا كُنَّا خَمْسَ عَشْرَةَ مِائَةً مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ

تو البتہ کفایت کرتا ہمکو تھے ہم پندرہ سو نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے۔ اور روایت ہے براء بن

عَازِبٍ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْبَعَ عَشْرَةَ مِائَةً يَوْمَ

عازب سے کہا کہ تھے ہم ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے چودہ سو دن

الْحُدَيْبِيَةِ وَالْحُدَيْبِيَةُ بِئْرٌ فَنَزَحْنَاهَا فَلَمْ نَتْرُكْ فِيْهَا قَطْرَةً

حدیبیہ کے اور حدیبیہ ایک کنواں ہے پس کھینچا ہمنے پانی اوسکا پس نہ چھوڑا ہمنے اوسمیں ایک قطرہ

فَبَلَغَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَاهَا فَجَلَسَ عَلَى شَفِيْرِهَا ثُمَّ دَعَا بِإِنَاءٍ

پس پہنچی یہ خبر نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو پس آئے حضرت اوس کنوئیں کے پاس اور بیٹھے کنوئیں کے کنارے پر پھر منگایا حضرت نے ایک باسن

مِنْ مَاءٍ فَتَوَضَّأَ ثُمَّ مَضْمَضَ وَدَعَا ثُمَّ صَبَّهُ فِيْهَا ثُمَّ قَالَ

پانی کا اور وضو کیا پھر بعد وضو کے پانی منہ میں لیا اور دعا کی پھر ڈالا آب دہن کنوئیں میں پھر فرمایا

دَعُوْهَا سَاعَةً فَأَرْوَوْا أَنْفُسَهُمْ وَرِكَابَهُمْ حَتَّى ارْتَحَلُوْا رَوَاهُ

چھوڑ دو اس کنوئیں کو ایک ساعت پس خوب سیراب کیا لوگوں نے اپنے تئیں اور اپنی سواری کے جانوروں کو یہانتک کہ کوچ کیا وہاں سے

الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عَوْفٍ عَنْ أَبِي رَجَاءٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ

بخاری نے۔ اور روایت ہے عوف تابعی سے کہ نقل کی ابی رجاء سے اور انہوں نے عمران بن حصین صحابی سے کہا

كُنَّا فِي سَفَرٍ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاشْتَكَى إِلَيْهِ النَّاسُ مِنَ الْعَطَشِ

تھے ہم ایک سفر میں ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پس شکایت کی حضرت سے لوگوں نے پیاس کی

فَنَزَلَ فَدَعَا فُلَانًا كَانَ يُسَمِّيْهِ أَبُوْ رَجَاءٍ وَنَسِيَهُ عَوْفٌ وَدَعَا

پس اوترے آنحضرت اور بلایا فلانے شخص کو نام لیتا تھا اوس فلانے کا ابو رجاء اور بھول گیا اوسکے نام کو عوف اور بلایا

عَلِيًّا فَقَالَ اذْهَبَا فَابْتَغِيَا الْمَاءَ فَانْطَلَقَا فَتَلَقَّيَا امْرَأَةً بَيْنَ

حضرت علی کو بھی پس فرمایا کہ جاؤ تم دونوں اور ڈھونڈو پانی پس گئے دونوں پس ملاقات کی ان دونوں نے ایک عورت کو کہ

مَزَادَتَيْنِ أَوْ سَطِيْحَتَيْنِ مِنْ مَاءٍ فَجَاءَا بِهَا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

دو پکھال کے اونٹ پر درمیان دو یا دو سطیحوں پانی کے پس لائے وہ دونوں صحابی اوس عورت کو پاس نبی صلعم کے

فاستنزلوها عن بعيرها ودعا النبي صلى الله عليه وسلم بإناء ففرغ فيه

پس اوتارا اوس عورت کو اونٹ پرسے اور منگوایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک باسن پس الٹا پانی اوسمین

من أفواه المزادتين ونودي في الناس اسقوا فاستقوا قال فشربنا

پکھال کے دہانون مین سے اور آواز دی گئی لوگونمین کہ پانی پلاؤ پس لیا پانی سبھون نے کہا عمران نے پس پیا ہمنے

عطاشا أربعين رجلا حتى روينا فملأنا كل قربة معنا وإداوة

درحالیکہ پیاسے تھے ہم چالیس مرد یہانتک کہ سیراب ہوئے ہم پہر بہری ہمنے ہر مشک اور ہر چھاگل کہ ہمارے ساتھ تھی

وايم الله لقد أقلع عنها وإنه ليخيل إلينا أنها أشد ملئة

اور قسم اللہ کی البتہ تحقیق الگ ہوئی اوس پکھال سے اسحالمین کہ تحقیق شان یہی کہ البتہ شبہ ڈالا جاتا تھا طرف ہمارے

منها حين ابتدأ متفق عليه وعن جابر قال سرنا مع رسول

اپنے اوسوقت سے کہ شروع کیا تھا حضرت نے پانی لینا اوس سے متفق علیہ۔ اور روایت ہے جابر سے کہا چلے ہم ساتھ رسول

الله صلى الله عليه وسلم حتى نزلنا واديا أفيح فذهب رسول الله صلى الله عليه وسلم

خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے یہانتک کہ اوترے ہم ایک میدان کشادہ مین پس تشریف لیگئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم

يقضي حاجته فلم ير شيئا يستتر به وإذا شجرتين بشاطئ

سے رفع حاجت کے لیے پس نہ دیکھی کوئی چیز کہ پردہ کریں ساتھ اوسکے اور ناگہاں دیکھا حضرت نے دو درخت بیچ کنارے

الوادي فانطلق رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى إحداهما فأخذ

میدان کے پس گئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم طرف ایک کے اون دونون مین سے پس پکڑی

بغصن من أغصانها فقال انقادي علي بإذن الله تعالى فانقادت

ایک شاخ اوسکی شاخون مین سے اور فرمایا کہ تو فرمانبرداری کر مجہپر ساتھ حکم خدا تعالی کے پس گردن رکھی اوسدرخت نے

معه كالبعير المخشوش الذي يصانع قائده حتى أتى الشجرة

ساتھ حضرت کے مانند اونٹ نکیل پڑے ہوئے کے فرمانبرداری کرتا ہے اپنے کھینچنے والے کی یہانتک کہ آئے حضرت دوسرے درخت

الأخرى فأخذ بغصن من أغصانها فقال انقادي علي بإذن

کے پاس پس پکڑی ایک شاخ اوسکی شاخون مین سے اور فرمایا کہ تابعداری کر تو واسطے پردہ کرنیکے مجہپر ساتھ حکم

الله فانقادت معه كذلك حتى إذا كان بالمنصف مما بينهما

اللہ تعالی کے پس تابعداری کی ساتھ حضرت کے اوسیطرح یہانتک کہ جسوقت ہوئے آنحضرت آدہ راہ پر درمیان

جیسے کہ عادت انسان کی ہوتی ہے کہ اپنے دل سے باتیں کرتا ہے اور اسکو حدیث نفس کہتے ہیں ۱۲

قَالَ الْتَئِمَا عَلَيَّ بِإِذْنِ اللهِ فَالْتَأَمَتَا فَجَلَسْتُ أُحَدِّثُ نَفْسِي

فرمایا کہ ملجاؤ مجھ پر ساتھ حکم خدا تعالیٰ کے پس مل گئے وہ دونوں (اجا ر کتے ہیں) پس بیٹھا میں سوچا میں باتیں کرتا تھا

فَحَانَتْ مِنِّي لَفْتَةٌ فَإِذَا أَنَا بِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُقْبِلًا وَإِذَا

پس ظاہر ہوا مجھ سے التفات اور دیکھا ایک جانب کو پس التفات کیا میں نے تو ناگہان دیکھتا ہوں میں آنحضرت صلعم کو کہ تشریف لیے آتے ہیں

الشَّجَرَتَيْنِ قَدِ افْتَرَقَتَا فَقَامَتْ كُلُّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا عَلَى سَاقٍ رَوَاهُ

اور دونوں درختوں کو کہ تحقیق جدا ہو گئے ہیں سو کھڑا ہوا ہر ایک درخت ان دونوں میں سے اپنی جگہہ پر روایت کی

مُسْلِمٌ وَعَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ قَالَ رَأَيْتُ أَثَرَ ضَرْبَةٍ فِي

مسلم نے۔ اور روایت ہے یزید بن ابی عبید سے کہا دیکھا میں نے نشان ضربکا بیچ

سَاقِ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ فَقُلْتُ يَا أَبَا مُسْلِمٍ مَا هَذِهِ الضَّرْبَةُ

پنڈلی سلمہ بن اکوع کے پس کہا میں نے اے ابو مسلم کیا ہے یہ زخم

قَالَ ضَرْبَةٌ أَصَابَتْنِي يَوْمَ خَيْبَرَ فَقَالَ النَّاسُ أُصِيبَ سَلَمَةُ فَأَتَيْتُ

کہا یہ زخم ہے کہ پہنچا تھا مجھکو دن خیبر کے پس کہا لوگوں نے کہ پہنچایا گیا سلمہ پس حاضر ہوا میں

النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَفَثَ فِيهِ ثَلَاثَ نَفَثَاتٍ فَمَا اشْتَكَيْتُهَا حَتَّى السَّاعَةِ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس پھونکا حضرت نے اوس زخم کی جگہہ میں تین بار پھونکنا پس نہ پایا میں نے دکھ اوسکا اس وقت تک

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ نَعَى النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْدًا وَجَعْفَرًا

روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے انس رضی سے کہا خبر پہنچائی نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے مرنے زید بن حارثہ اور جعفر

وَابْنَ رَوَاحَةَ لِلنَّاسِ قَبْلَ أَنْ يَأْتِيَهُمْ خَبَرُهُمْ فَقَالَ أَخَذَ الرَّايَةَ

اور عبداللہ بن رواحہ کی لوگوں کو پہلے اس سے کہ آوے لوگوں کو خبر اونکے مرنیکی پس فرمایا حضرت نے لیا جھنڈا

زَيْدٌ فَأُصِيبَ ثُمَّ أَخَذَ جَعْفَرٌ فَأُصِيبَ ثُمَّ أَخَذَ ابْنُ رَوَاحَةَ

زید نے پس شہید کیے گئے پھر لیا جعفر نے پس شہید کیے گئے پھر لیا عبداللہ بن رواحہ نے

فَأُصِيبَ وَعَيْنَاهُ تَذْرِفَانِ حَتَّى أَخَذَ الرَّايَةَ سَيْفٌ مِنْ سُيُوفِ اللهِ

پس شہید کیے گئے اور آنکھیں آنحضرت کی آنسو گراتی تھیں یہانتک کہ لیا نشان شمشیر نے شمشیر ان خدا سے

يَعْنِي خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ حَتَّى فَتَحَ اللهُ عَلَيْهِمْ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ

مراد رکھتے تھے حضرت خالد بن ولید یہانتک کہ فتح دی اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو اوپر ان کے روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے

عباس قال شهدت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم حنين فلما التقى
عباس رض سے کہا حاضر تہا مین ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے دن غزوہ حنین کے پس جب ملے
المسلمون والكفار ولى المسلمون مدبرين فطفق رسول الله صلى
مسلمان اور کافر پہرے مسلمان پشت دیکر پس شروع کیا رسول خدا صلی اللہ
عليه وسلم يركض بغلته قبل الكفار وانا اخذ بلجام بغلة رسول الله
علیہ وسلم نے کہ ایڑ کرتے تہے اپنی خچر کو طرف کفار کے اور مین پکڑے ہوئے تہا لگام خچر پیغمبر خدا
صلى الله عليه وسلم اكفها ارادة ان لا تسرع وابو سفيان بن الحارث اخذ
صلی اللہ علیہ وسلم کی تہا تہامتا تہا مین اوسکو بارادہ اسکو کہ نہ جلدی کرے خچر طرف دشمنون کی اور ابوسفیان بن حارث پکڑے ہوئے تہا
بركاب رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اى
رکاب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اے
عباس ناد اصحاب السمرة فقال عباس وكان رجلا صيتا فقلت
عباس آواز دے اصحاب سمرہ کو پس کہا عباس رض نے اور تہے وہ مرد بلند آواز پس پکارا مینے
باعلى صوتي اين اصحاب السمرة فقال والله لكان عطفتهم حين
بلند آواز سے کہ کہان ہین اصحاب سمرہ پس کہا عباس نے قسم ہے اللہ کی البتہ گویا کہ پہرنا اصحاب سمرہ کا اوسوقت
سمعوا صوتي عطفة البقر على اولادها فقالوا يا لبيك يا لبيك
کہ سنی آواز میری تہا مانند پہرنے گایون کے اپنے بچون پر پس کہا اونہون نے ای قوم حاضر ہین ای قوم حاضر ہین
قال فاقتتلوا والكفار والدعوة في الانصار يقولون يا معشر
کہا عباس رض نے پس لڑے مسلمان ساتھ کافرون کے اور دعوت انصار مین یون تہا کہتے ہین غازی اے گروہ
الانصار يا معشر الانصار قال ثم قصرت الدعوة على بني
انصار کی اے گروہ انصار کی پہر منحصر ہوا پکارنا اوپر اولاد
الحارث بن الخزرج فنظر رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو على بغلته
حارث بن خزرج کے پس دیکہا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اصحابین کہ وہ اپنے خچر پر سوار تہے
كالمتطاول عليها الى قتالهم فقال هذا حين حمي الوطيس ثم
مانند اوس شخص کے کہ دراز کرتا ہے گردن اپنی طرف قتال اونکی پس فرمایا حضرت صلعم نے یہ وقت گرم ہونے لڑائی کا ہے پہر

أخذ حصيات فرمى بهن وجوه الكفار ثم قال انهزموا ورب محمد

یعنی آنحضرت نے کنکریاں پس پھینکا اونکو کفار کے مونہ پر پھر فرمایا شکست کھائی کافروں نے قسم رب محمد کی

فوالله ما هو الا ان رماهم بحصياته فما زلت ارى حدهم كليلا

پس قسم ہے اللہ کی نہ تھی شکست کا سبب مگر کہ پھینکیں حضرت نے کنکریاں پس ہمیشہ دیکھتا رہا میں شدت انکی ضعیف

وامرهم مدبرا رواه مسلم وعن ابي اسحاق قال قال رجل

اور حال انکا ذلیل روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی اسحاق تابعی سے کہ کہا ایک شخص نے

للبراء يا ابا عمارة فررتم يوم حنين قال لا والله ما ولى رسول الله

واسطے براء بن عازب کے کہ ای ابا عمارہ کیا بھاگے تم کافروں سے دن حنین کے کہا براء نے قسم ہے اللہ کی نہیں پھیری پیٹھ آنحضرت

صلى الله عليه وسلم ولكن خرج شبان اصحابه ليس عليهم كثير سلاح

صلی اللہ علیہ وسلم نے ولیکن نکلے نوجوان حضرت کے صحابیوں میں سے کہ نہ تھے اونپر بہت سے ہتھیار

فلقوا قوما رماة لا يكاد يسقط لهم سهم فرشقوهم رشقا ما

پس ملے ایک قوم سے تیر انداز سے کہ نزدیک نہ تھا کہ گرے اونکا تیر پس مارے اوس قوم نے ان نوجوانوں کو تیر

يكادون يخطئون فاقبلوا هناك الى رسول الله صلى الله عليه و

قریب تھے کہ خطا کریں پس متوجہ ہوئے وہ جوان اوس وقت میں طرف رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور

رسول الله صلى الله عليه على بغلته البيضاء وابو سفيان بن الحارث

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سوار تھے اپنے خچر سفید پر اور ابو سفیان بن حارث

يقوده فنزل واستنصر وقال انا النبي لا كذب انا ابن عبد المطلب

چلاتے تھے آگے حضرت کے پس اوترے حضرت اور طلب کی اللہ سے مدد اور کہا میں نبی پیغمبر ہوں کچھ جھوٹ نہیں اس میں میں بیٹا ہوں عبد المطلب کا

ثم صفهم رواه مسلم وللبخاري معناه وفي رواية لهما قال

پھر صف باندھ کر کھڑا کیا اصحاب کو روایت کی یہ مسلم نے اور واسطے بخاری کی ہیں معنی اسکے اور ایک روایت بخاری اور مسلم میں ہے کہ کہا

البراء كنا والله اذا احمر البأس نتقي به وان الشجاع منا للذي

براء بن عازب نے کہ تھے ہم جس وقت کہ سخت ہوتی لڑائی پناہ ڈھونڈتے طرف اونکی اور تحقیق دلیر ہم میں سے وہ شخص ہوتا تھا

يحاذي به يعني النبي صلى الله عليه وعن سلمة بن الاكوع قال

برابر کھڑا ہوتا حضرت کے یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور روایت ہے سلمہ بن اکوع سے کہ کہا

غزونا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم حنينا فولّى صحابة رسول الله

جہاد کیا ہمنے ہمراہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے دن حنین کے پس پشت دی بعض صحابہ رسول خدا

صلى الله عليه وسلم فلمّا غشوا رسول الله صلى الله عليه وسلم نزل عن البغلة ثمّ

صلی اللہ علیہ وسلم کے نے پس جبکہ گھیرا کافرون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اوترے آنحضرت خچر سے پھر لی

قبض قبضة من تراب من الارض ثمّ استقبل به وجوههم

لی آنحضرت نے ایک مٹھی خاک کی زمین سے پھر مقابل کیا آنحضرت نے ساتھ اوس خاک کے کافرون کے

فقال شاهت الوجوه فما خلق الله منهم انسانا الّا ملأ عينيه

اور کہا برے ہوئے منہ اونکے پس نہ پیدا کیا اللہ تعالی نے اونمین سے کسی آدمی کو مگر کہ بھر دیا اللہ نے اوسکی دونون آنکھون کو

ترابا بتلك القبضة فولّوا مدبرين فهزمهم الله وقسم رسول

ساتھ خاک اوس مٹھی خاک کے پس پھیرے کافر پیٹھ دیکر پس شکست دی اونکو اللہ تعالی نے اور بانٹین آنحضرت

الله صلى الله عليه وسلم غنائمهم بين المسلمين رواه مسلم وعن ابي هريرة

صلی اللہ علیہ وسلم نے غنیمتین اونکی درمیان مسلمانون کے روایت کی یہ مسلم نے - اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

قال شهدنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم حنينا فقال رسول الله

کہ کہا حاضر ہوئے ہم ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوہ حنین مین پس فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وسلم لرجل ممّن معه يدّعي الاسلام هذا من اهل النار

صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کے حق مین اون لوگون مین سے کہ ہمراہ آپکے تھے دعوی کرتا تھا وہ شخص اسلام کا کہ یہ شخص دوزخی ہے

فلمّا حضر القتال قاتل الرّجل من اشدّ القتال وكثرت به

پس جب آیا وقت جنگ کا لڑا وہ شخص کافرون سے سخت ترین لڑنا اور بہت لگے اوسکو

الجراح فجاء رجل فقال يا رسول الله أرأيت الّذي تحدّثت

زخم پس آیا ایک شخص اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ خبر دو مجھکو حقیقت حال اوس شخص کی کہ فرماتے ہو تم

انّه من اهل النّار قد قاتل في سبيل الله من اشدّ القتال

کہ وہ دوزخیون مین سے ہے تحقیق وہ لڑا راہ خدا مین سخت ترین لڑنا

فكثرت به الجراح فقال اما انّه من اهل النّار فكاد بعض النّاس

پس بہت لگے اوسکو زخم پس فرمایا آنحضرت نے آگاہ رہو کہ وہ دوزخیون مین سے ہے پس قریب تھے بعضے لوگ

يرتاب فبينما هو على ذلك اذ وجد الرجل ألم الجراح فاهوى

کہ شک لاوے پس وہ اس حال پر تھا ناگہاں پایا اوس نے درد زخموں کا پس قصد کیا

بيده الى كنانته فانتزع سهما فانتحر بها فاشتد رجال من المسلمين

ساتھ ہاتھ اپنے کے طرف ترکش اپنے کے اور کھینچا تیر پس کاٹا سینہ اپنا ساتھ اوس تیر کے پس دوڑے گئے کتنے ایک شخص مسلمانوں میں

الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالوا يا رسول الله صدق الله حديثك

طرف رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ سچی کی اللہ تعالی نے بات آپکی

قد انتحر فلان وقتل نفسه فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم الله اكبر

تحقیق کاٹا سینہ اپنا فلانے نے اور مار ڈالا اپنے تئیں پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ بہت بڑا ہے

اشهد اني عبد الله ورسوله يا بلال قم فاذن لا يدخل الجنة

گواہی دیتا ہوں میں کہ میں بندہ خدا کا ہوں اور رسول اسکا (فرمایا) او بلال اٹھ پس خبر دے لوگوں کو ساتھ اسکے کہ نہیں داخل ہوگا

الا مؤمن وان الله ليؤيد هذا الدين بالرجل الفاجر رواه

مگر مومن اور تحقیق اللہ تعالی قوی کرتا ہے اس دین کو بسبب مرد فاجر کے روایت کی ہے

البخاري وعن عائشة قالت سحر رسول الله صلى الله عليه وسلم حتى انه

بخاری نے ۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ رض سے کہا سحر کیے گئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم یہانتک کہ

ليخيل اليه انه فعل الشيء وما فعله حتى اذا كان ذات يوم

البتہ حضرت کو خیال میں ڈالا جاتا تھا کہ اونہوں نے کی ہے ایک چیز اور حالانکہ نہیں کی ہوتا وقتیکہ تھے آنحضرت صلعم ایکروز

عندي دعا الله ودعاه ثم قال اشعرت يا عائشة ان الله

نزدیک میرے دعا کی اللہ تعالی سے اور دعا کی اوس سے پھر فرمایا آنحضرت نے کیا جانا تو نے اے عائشہ کہ اللہ تعالی نے

قد افتاني فيما استفتيته جاءني رجلان جلس احدهما

بیان کیا میرے لیے جو اوس امر کے طلب کیا میں نے آئے میرے پاس دو مرد بیٹھا ایک اون دو مردوں میں سے

عند رأسي والآخر عند رجلي ثم قال احدهما لصاحبه ما

میرے سر کے پاس اور دوسرا میرے پاؤں پاس پھر کہا ایک نے اونمیں سے واسطے دوسرے کے کیا ہے

وجع الرجل قال مطبوب قال ومن طبه قال لبيد بن الاعصم

بیماری اس شخص کو کہا دوسرے نے کہ سحر شدہ کیا گیا ہے کہا اوس ایک نے اور کسنے سحر کیا ہے اوسکو کہا دوسرے نے کہ سحر کیا ہے اوسکو

الیھودی قال فیماذا قال فی مشط ومشاطۃ وجف طلعۃ ذکر

یہودی نے کہا اوس ایک نے کس چیز مین سحر کیا ہے کہا دوسرے نے بیچ کنگھی کے اور ان بالوں کے کہ کنگھی کرنے سے جھڑتے ہیں اور بیچ

قال فاین ھو قال فی بئر ذروان فذھب النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی

کہا پس کہاں رکھا ہے اوسکو کہا بیچ کنوین ذروان کے پس گئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم درمیان

اناس من اصحابہ الی البئر فقال ھذہ البئر التی اریتہا وکان ماءھا

کتنے ایک آدمیوں کے اپنے اصحاب سے طرف اوس کنوین کے پس فرمایا کہ یہ کنواں ہے کہ دکھلایا گیا مجھکو گویا کہ پانی اوس کنوین کا

نقاعۃ الحناء وکان نخلھا رؤس الشیاطین فاستخرجہ متفق علیہ وعن ابی سعید

پانی مہندی کا سا تہا اور گویا کہ کھجور کے شگوفے اوسکے سر ہیں شیطانوں کے پس نکالا اوسکو حضرت نے متفق علیہ اور روایت ہے ابی سعید

الخدری قال بینما نحن عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو یقسم

خدری سے کہا کہ اوس وقت کہ ہم حاضر تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور وہ بانٹ رہے تھے

قسما اتاہ ذوالخویصرۃ وھو رجل من بنی تمیم فقال یا رسول اللہ

مال آیا حضرت کے پاس ذوالخویصرہ اور وہ ایک شخص تہا بنی تمیم میں سے پس کہا اوسنے یا رسول اللہ

اعدل فقال ویلک فمن یعدل اذا لم اعدل قد خبت وخسرت

عدل کرو تقسیم مین پس فرمایا حضرت نے وای ہے تجکو پس کون انصاف کریگا جسوقت کہ نہ کرونگا میں انصاف کی تحقیق

ان لم اکن اعدل فقال عمر ائذن لی ان اضرب عنقہ فقال

اگر نہ انصاف کرون میں پس کہا عمر نے کہ حکم دیجئے مجھکو کہ گردن ماروں میں اوسکی پس فرمایا

دعہ فان لہ اصحابا یحقر احدکم صلوتہ مع صلاتہم وصیامہ

چھوڑ دے اوسکو اسلئے کہ تحقیق واسطے اوسکے تابعدار ہونگے کہ حقیر جانیگا ایک تمہارا نماز اپنی کو بیچ مقابلہ نماز انکے اور روزے اپنے کو

مع صیامہم یقرؤن القران لا یجاوز تراقیہم یمرقون من الدین

بیچ مقابلہ روزے انکے پڑھینگے قرآن حالانکہ نہ گذریگا قرآن اونکی حلقوموں سے نکلینگے دین سے

کما یمرق السھم من الرمیۃ ینظر الی نصلہ الی رصافہ الی نضیہ

جیسے کہ نکلتا ہے تیر شکار سے دیکھا جاتا ہے طرف پیکان اوسکی طرف پے اوسکے کے طرف نضی اوسکی

وھو قدحہ الی قذذہ فلا یوجد فیہ شیء قد سبق الفرث و

اور وہ اوسکی لکڑی ہے دیکھا جاتا ہے طرف پرون تیر کے پس نہیں پایا جاتا ہے تیر مین کچھ اثر درحالیکہ آگے بڑھ گیا تیر نجاست سے اور

الدم آيتهم رجل اسود احدى عضديه مثل ثدي المرأة او

خون کی یعنی علامت تابعداری اس مرد کی یہ ہے گروہ ایک مرد ہے کالا سیاہ رنگ کا ایک دونوں بازوؤں اوسکے میں سے مانند پستان عورت کے ہوگا یا

مثل البضعة تدردر ويخرجون على خير فرقة من الناس قال

مانند ٹکڑے گوشت کے ہلتا ہوگا اور نکلیں گے اوپر بہترین فرقہ کے لوگوں میں سے کہا

ابو سعيد اشهد اني سمعت هذا الحديث من رسول الله صلى الله

ابو سعید خدری نے گواہی دیتا ہوں میں یہ کہ سنی میں نے یہ حدیث پیغمبر خدا صلے اللہ

عليه وسلم واشهد ان علي بن ابي طالب قاتلهم وانا معه فامر بذلك

علیہ وسلم سے اور گواہی دیتا ہوں میں یہ کہ علی بن ابی طالب رض لڑے اوس جماعت خوارج سے اور میں ساتھ اوکے تھا پس حکم فرمایا ساتھ

الرجل فالتمس فاتي به حتى نظرت اليه على نعت النبي صلى الله عليه وسلم

اوس شخص کے پس تلاش کیا گیا پس لایا گیا وہ علی رض کے پاس یہاں تک کہ دیکھا میں نے طرف اوسکی اوپر اوس صفت کے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے

نعته وفي رواية اقبل رجل غائر العينين ناتئ الجبهة كث اللحية

بیان کی تھی اور ایک روایت میں یوں ہے کہ آیا ایک مرد اندر کو دھنسی ہوئی تھیں آنکھیں بلند پیشانی انبوہ کی ڈاڑھی

مشرف الوجنتين محلوق الراس فقال يا محمد اتق الله فقال

اٹھے ہوئے رخسارے منڈا ہوا سر پس کہا اوس نے اے محمد ڈر اللہ سے پس فرمایا حضرت نے

فمن يطع الله اذا عصيته فيأمنني الله على اهل الارض ولا تأمنوني

کہ کون فرمانبرداری کریگا اللہ کی جبکہ میں نافرمانی کروں پس امین جانتا ہے مجھکو اللہ اوپر زمین کے لوگوں کے اور نہیں امین جانتے تم مجھکو

فسأل رجل قتله فمنعه فلما ولى قال ان من ضئضئ هذا قوما

پس پوچھا ایک شخص نے اوسکے قتل کی پس منع کیا حضرت صلے نے اوسکو قتل کرنے سے پس جب کہ پیٹھ پھیری اوس شخص نے فرمایا حضرت نے

يقرؤن القرآن لا يجاوز حناجرهم يمرقون من الاسلام مروق السهم

پڑھیں گے قرآن کہ نہ گذریگا اونکے حلقوں سے نکلیں گے اسلام سے مانند نکلنے تیر کے

من الرمية فيقتلون اهل الاسلام ويدعون اهل الاوثان لئن

شکار میں سے پس قتل کرینگے وہ خارجی اہل اسلام کو اور چھوڑ دینگے بت پرستوں کو فرمایا حضرت نے اگر

ادركتهم لاقتلنهم قتل عاد متفق عليه وعن ابي هريرة قال

پاؤں میں اونکو تو البتہ قتل کروں میں اونکو مانند قتل کرنے عاد کے متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا

اور بہترین فرقے سے نکلیں گے یعنی حضرت علی رض سے باغی ہونگے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ ہے کہ جیسا فرمایا ویسا ہی ہوا

مانند قتل کرنے عاد کے یعنی انکی جڑ کاٹ دونگا

پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم اور اصحاب حضرت علی رض

یعنی حضرت عدل سے تقسیم

كُنْتُ اَدْعُوا اُمِّي اِلَى الْاِسْلَامِ وَهِيَ مُشْرِكَةٌ فَدَعَوْتُهَا يَوْمًا فَاَسْمَعَتْنِي

تھا میں بلاتا اپنی ماں کو طرف اسلام کے اسحالیکہ وہ مشرکہ تھی پس بلایا میں نے اسکو ایکدن پس سنائی میری ماں نے مجھکو

فِي رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَكْرَهُ فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا اَبْكِي فَقُلْتُ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں وہ چیز کہ ناخوش رکھی میں نے پس آیا میں رسول خدا کے پاس اسحالیکہ روتا تھا میں

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰهَ اَنْ يَهْدِيَ اُمَّ اَبِي هُرَيْرَةَ فَقَالَ اللّٰهُمَّ اهْدِ

یا رسول اللہ دعا مانگیے اللہ تعالی سے یہہ کہ ہدایت کرے ابو ہریرہ کی ماں کو پس کہا آنحضرت صلعم نے خداوندا ہدایت کر

اُمَّ اَبِي هُرَيْرَةَ فَخَرَجْتُ مُسْتَبْشِرًا بِدَعْوَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا صِرْتُ

ابو ہریرہ کی ماں کو پس نکلا میں خوشحال بسبب دعا ہدایت کرنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پس جب پہنچا میں

اِلَى الْبَابِ فَاِذَا هُوَ مُجَافٌ فَسَمِعَتْ اُمِّي خَشْفَ قَدَمَيَّ فَقَالَتْ

طرف دروازے کی پس ناگہاں دروازہ بند تھا پس سنی ماں میری نے آواز میرے پاؤں کی پس کہا اوسنے

مَكَانَكَ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ وَسَمِعْتُ خَضْخَضَةَ الْمَاءِ فَاغْتَسَلَتْ فَلَبِسَتْ

ٹھیر تو اپنی جگہ پر اے ابو ہریرہ اور سنی میں نے آواز پانی کی پس غسل کیا میری ماں نے اور پہنا

دِرْعَهَا وَعَجِلَتْ عَنْ خِمَارِهَا فَفَتَحَتِ الْبَابَ ثُمَّ قَالَتْ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ

کرتہ اپنا اور شتابی کی اوڑھنی سے پس کھولا دروازہ پھر کہا اے ابو ہریرہ

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ

گواہی دیتی ہوں میں یہہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اور گواہی دیتی ہوں میں یہہ کہ محمد بندے اللہ کے ہیں اور رسول اوسکے

فَرَجَعْتُ اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا اَبْكِي مِنَ الْفَرَحِ فَحَمِدَ اللّٰهَ

پس پھر آیا میں پاس رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اسحالیکہ میں روتا تھا مارے خوشی کے پس تعریف کی حضرت نے اللہ کی

وَقَالَ خَيْرًا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ اِنَّكُمْ تَقُوْلُوْنَ اَكْثَرَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ

اور کہا نیک روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا تحقیق تم کہتے ہو کہ بہت نقل کرتا ہے حدیثیں ابو ہریرہ

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهُ الْمَوْعِدُ وَاِنَّ اِخْوَتِي مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اور اللہ ہے وعدہ گاہ ہمارا اور تحقیق بھائی میرے کہ مہاجرین

كَانَ يَشْغَلُهُمُ الصَّفْقُ بِالْاَسْوَاقِ وَاِنَّ اِخْوَتِي مِنَ الْاَنْصَارِ

تھے باز رکھتا تھا اونکو آنحضرت کی ملازمت شریف سے ہاتھ پر ہاتھ مارنا بازاروں میں اور تحقیق بھائی میرے کہ انصار ہیں

كَانَ يَشْغَلُهُمْ عَمَلُ أَمْوَالِهِمْ وَكُنْتُ امْرَأً مِسْكِينًا أَلْزَمُ رَسُولَ اللّٰهِ

بازر کہتا تھا اونکو سلہ کار مالون اونکا اور تھا مین ایک شخص مسکین لگا رہتا تھا رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى مِلْءِ بَطْنِي وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا لَنْ يَبْسُطَ

صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اوپر بھرنے پیٹ اپنے کے اور فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایکدن ہرگز نہین بچھاویگا یہ بات کہ

أَحَدٌ مِنْكُمْ ثَوْبَهُ حَتَّى أَقْضِيَ مَقَالَتِي هٰذِهِ ثُمَّ يَجْمَعَهُ إِلَى صَدْرِهِ

کوئی تم مین سے کپڑا اپنا یہانتک کہ تمام کرون مین بات اپنی یہ پھر اکٹھا کرے اور لگاوے اوسکو طرف سینہ اپنے کی

فَيَنْسَى مِنْ مَقَالَتِي شَيْئًا أَبَدًا فَبَسَطْتُ نَمِرَةً لَيْسَ عَلَيَّ ثَوْبٌ غَيْرُهَا

اور پھر بھولے کبھی میری حدیثون مین سے کچھ . پس بچھائی مین نے کملی کہ نہ تھا مجپر کوئی کپڑا سواے اوسکے

حَتَّى قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقَالَتَهُ ثُمَّ جَمَعْتُهَا إِلَى صَدْرِي فَوَالَّذِي

یہانتک کہ تمام کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بات اپنی پھر سمیٹا مین نے اوسکو طرف سینے اپنے کی پس قسم ہے اوس اللہ

بَعَثَهُ بِالْحَقِّ مَا نَسِيتُ مِنْ مَقَالَتِهِ تِلْكَ إِلَى يَوْمِي هٰذَا مُتَّفَقٌ

کہ بھیجا حضرت کو ساتھ حق کے نہین بھولا مین حضرت کی حدیثون سے کہ سنی تھی مین نے اوس دن تک کہ وقت روایت حدیث کا ہے متفق

عَلَيْهِ وَعَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

علیہ - اور روایت ہے جریر بن عبد اللہ بجلی رضی اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا مجھکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

أَلَا تُرِيحُنِي مِنْ ذِي الْخَلَصَةِ فَقُلْتُ بَلَى وَكُنْتُ لَا أَثْبُتُ عَلَى الْخَيْلِ

کیا نہین آرام دیتا تو مجھکو سلہ ذی الخلصہ سے پس کہا مین نے ہان اور تھا مین کہ نہین ٹھیر سکتا تھا گھوڑی پر سواری مین

فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَرَبَ يَدَهُ عَلَى صَدْرِي حَتَّى رَأَيْتُ

پس ذکر کیا مین نے اوسکو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے پس مارا آنحضرت صلعم نے دست مبارک اپنا میرے سینہ پر یہانتک کہ دیکھا مین نے

أَثَرَ يَدِهِ فِي صَدْرِي وَقَالَ اللّٰهُمَّ ثَبِّتْهُ وَاجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا

نشان آنحضرت صلعم کے دست شریف کا اپنے سینہ مین اور کہا خداوندا ثابت رکھ اوسکو اور گردان اوسکو راہ دکھانے والا اور راہ پایا

قَالَ فَمَا وَقَعْتُ عَنْ فَرَسِي بَعْدُ فَانْطَلَقَ فِي مِائَةٍ وَخَمْسِينَ فَارِسًا

کہا جریر نے پس نہ گرا مین اپنے گھوڑے سے بعد اوس دعا کے پس روانہ ہوا جریر ساتھ ڈیڑھ سو سوارون کے

مِنْ أَحْمَسَ فَحَرَّقَهَا بِالنَّارِ وَكَسَرَهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ

احمس سے پس جلادیا جریر نے ذی الخلصہ کو آگ سے اور توڑ ڈالا اوسکو متفق علیہ - اور روایت ہے انس رضی اللہ عنہ سے کہا

إنَّ رجلًا كان يكتبُ للنبيِّ صلى الله عليه وسلم فارتدَّ عن الإسلام ولحقَ

کہ تحقیق ایک شخص لکھتا تھا واسطے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پس مرتد ہو گیا اسلام سے اور ملا

بالمشركين فقال النبيُّ صلى الله عليه وسلم إنَّ الأرض لا تقبلُه فأخبرني

ساتھ مشرکون کے پس فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق زمین نہین قبول کریگی اسکو کہا انس نے پس

أبو طلحة أنَّه أتى الأرض التي مات فيها فوجده منبوذًا فقال ما

ابو طلحہ نے کہ ابو طلحہ آئے اُس زمین مین کہ مرا تھا وہ شخص اسمین پس پایا اسکو ابو طلحہ نے باہر قبر کے پڑا ہوا پس کہا کیا ہے

شأنُ هذا فقالوا دفنّاه مرارًا فلم تقبله الأرض متفق عليه

حال اُس شخص کا پس کہا لوگون نے کہ دفن کیا ہمنے اسکو کئی بار پس نہ قبول کیا اسکو زمین نے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے

وعن أبي أيوب قال خرج النبيُّ صلى الله عليه وسلم وقد وجبت الشمس

اور روایت ہے ابی ایوب سے کہ کہا اسنے نکلے نبی صلے اللہ علیہ وسلم اس حال مین کہ غروب ہوا تھا آفتاب

فسمع صوتًا فقال يهودُ تُعذَّبُ في قبورها متفق عليه وعن

پس سنی آنحضرت نے ایک آواز پس فرمایا کہ یہودی عذاب کیے جاتے ہین اپنی قبرون مین متفق علیہ - اور روایت ہے

جابر قال قدم النبيُّ صلى الله عليه وسلم من سفر فلمّا كان قرب

جابر سے کہ کہا آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک سفر سے پس جبکہ پہونچے نزدیک

المدينة هاجت ريحٌ تكاد أن تدفن الراكب فقال رسول

مدینہ کے چلی ایک ہوا پس قریب تھی کہ دفن کردے سوار کو پس کہا آنحضرت

الله صلى الله عليه وسلم بُعثت هذه الريح لموت منافق فقدم المدينة

صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ بھیجی گئی ہے یہ باؤ نیچے وقت مرنے ایک منافق کے پس پہونچے آنحضرت مدینہ مین

فإذا عظيمٌ من المنافقين قد مات رواه مسلم وعن

پس ناگہان ایک بڑا سردار منافقون مین سے مرگیا تھا نقل کی یہ مسلم نے - اور روایت ہے

أبي سعيد الخدري قال خرجنا مع النبيِّ صلى الله عليه وسلم حتى قدمنا

ابو سعید خدری سے کہ کہا نکلے ہم ساتھ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے یہانتک کہ پہونچے ہم

عسفان فأقام بها ليالي فقال الناس ما نحن ههنا في شيء وإنَّ عيالنا

عسفان مین پس ٹھہرے آنحضرت اسمین کئی راتین پس کہا لوگون نے نہین ہین ہم یہان کچھ لڑائی کے کام مین اور تحقیق

لخلوف ما نامن عليهم فبلغ ذلك النبي صلى الله عليه وسلم فقال والذي

البتہ پیچھے ہیں ہمارے نہیں خاطر جمع ہماری اوپر ان کے پس پہنچی یہ خبر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پس فرمایا قسم ہے اوس ذات کی

نفسي بيده ما في المدينة شعب ولا نقب الا عليه ملكان

کہ جان میری اوسکے ہاتھ میں ہے نہیں مدینہ میں کوئی گھاٹی راہ اور نہ کوچہ مگر کہ اوسپر ہیں دو فرشتے

يحرسانها حتى تقدموا اليها ثم قال ارتحلوا فارتحلنا واقبلنا

کہ نگہبانی کرتے ہیں مدینہ کی یہانتک کہ پہنچو تم طرف مدینہ کے پھر فرمایا حضرت نے کوچ کرو تم پس کوچ کیا ہمنے اور متوجہ ہوئے ہم

الى المدينة فوالذي يحلف به ما وضعنا رحالنا حين دخلنا

طرف مدینہ کے پس قسم ہے اوس ذات کی کہ قسم کھائی جاتی ہے اوسکی نہیں رکھے ہمنے اسباب اپنے اوس وقت کہ داخل ہوئے

المدينة حتى اغار علينا بنو عبد الله بن غطفان وما يهيجهم

مدینہ میں یہانتک کہ شبخون لائے اوپر ہمارے بنو عبد اللہ بن غطفان اور نہ برانگیختہ کیا تھا انکو

قبل ذلك شيء رواه مسلم وعن انس قال اصابت الناس

پہلے اس سے ہمارے کوئی چیز روایت کی اسکو مسلم نے۔ اور روایت ہے انس رضی اللہ عنہ سے کہا پہنچا لوگوں کو

سنة على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم فبينا النبي صلى الله عليه وسلم

قحط رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں پس اوس وقت کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم

يخطب في يوم الجمعة قام اعرابي فقال يا رسول الله هلك

خطبہ فرماتے تھے دن جمعہ کے کھڑا ہوا ایک گنوار اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ تحقیق ہلاک ہوا

المال وجاع العيال فادع الله لنا فرفع يديه وما نرى في

مال اور بھوکے ہوئے عیال پس دعا کیجے اللہ سے ہمارے لیے پس اوٹھائے حضرت نے دونوں ہاتھ اپنے اور نہیں دیکھتے تھے ہم

السماء قزعة فوالذي نفسي بيده ما وضعها حتى ثار السحاب

آسمان میں ایک ٹکڑا ابر کا پس قسم ہے اوس ذات کی کہ جان میری اوسکے ہاتھ میں ہے نہ رکھے ہاتھ یہانتک کہ اوٹھا ابر

امثال الجبال ثم لم ينزل عن منبره حتى رايت المطر يتحادر

مانند پہاڑوں کے پھر نہ اوترے آنحضرت منبر اپنے سے یہانتک کہ دیکھا میں نے مینہ کو کہ گرتا تھا

على لحيته فمطرنا يومنا ذلك ومن الغد ومن بعد الغد

آنحضرت کی داڑھی مبارک پر پس مینہ برسایا گیا ہم پر اوس دن اور اگلے دن اور اوس سے اگلے دن

حَتَّى الْجُمُعَةِ الْأُخْرَى وَقَامَ ذٰلِكَ الْأَعْرَابِيُّ أَوْ غَيْرُهُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ

دوسرے جمعہ تک اور کھڑا ہوا دوسرے جمعہ کو وہی اعرابی یا اور کوئی اور کہا یا رسول

اللّٰهِ تَهَدَّمَ الْبِنَاءُ وَغَرِقَ الْمَالُ فَادْعُ اللّٰهَ لَنَا فَرَفَعَ يَدَيْهِ فَقَالَ

اللہ گر پڑے مکان اور ڈوب گیا مال پس دعا کیجئے اللہ سے ہمارے لیے پس اٹھائے حضرت نے دونوں ہاتھ اپنے

اَللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا فَمَا يُشِيْرُ إِلَى نَاحِيَةٍ مِنَ السَّحَابِ إِلَّا انْفَرَجَتْ

خداوندا برسا گرداگرد ہمارے اور نہ برسا ہم پر پس نہ اشارہ کرتے تھے حضرت کسی طرف کسی جانب کو ابر سے مگر کھل جاتا تھا

وَصَارَتِ الْمَدِيْنَةُ مِثْلَ الْجَوْبَةِ وَسَالَ الْوَادِيْ قَنَاةُ شَهْرًا وَلَمْ يَجِئْ

اور ہو گیا اوپر مدینہ کے مانند گڑھے کے اور بہا نالہ قناۃ ایک مہینہ تک اور نہ آیا

أَحَدٌ مِنْ نَاحِيَةٍ إِلَّا حَدَّثَ بِالْجَوْدِ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ اللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا

کوئی کسی طرف سے مگر کہ خبر دی بہت مینہ برسنے کی اور ایک روایت میں ہے کہ کہا حضرت نے یا الٰہی برسا گرد ہمارے

وَلَا عَلَيْنَا اللّٰهُمَّ عَلَى الْآكَامِ وَالظِّرَابِ وَبُطُوْنِ الْأَوْدِيَةِ وَمَنَابِتِ

اور نہ برسا ہم پر یا اللہ برسا ٹیلوں پر اور پہاڑوں پر اور اندر نالوں کے اور جگہوں اُگنے

الشَّجَرِ قَالَ فَأَقْلَعَتْ وَخَرَجْنَا نَمْشِيْ فِي الشَّمْسِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ جَابِرٍ

درختوں کے کہا انس نے پس کھل گیا ابر اور باہر نکلے ہم اس حال میں کہ چلتے تھے ہم دھوپ میں متفق علیہ اور روایت ہے جابر سے

قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا خَطَبَ اسْتَنَدَ إِلَى جِذْعِ نَخْلَةٍ مِنْ سَوَارِيْ

کہ کہا تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت کہ خطبہ پڑھتے تکیہ کرتے اوپر تنہ کھجور کے ستونوں

الْمَسْجِدِ فَلَمَّا صُنِعَ لَهُ الْمِنْبَرُ فَاسْتَوَى عَلَيْهِ صَاحَتِ النَّخْلَةُ الَّتِيْ كَانَ يَخْطُبُ

مسجد کے سے پس جبکہ بنایا گیا منبر اور کھڑے ہوئے حضرت اوپر اس کے چلائی وہ ستون کہ خطبہ پڑھتے تھے

عِنْدَهَا حَتَّى كَادَتْ أَنْ تَنْشَقَّ فَنَزَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أَخَذَهَا

اس کے پاس یہاں تک کہ قریب تھا یہ کہ پھٹ جاوے پس اترے نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہاں تک کہ پکڑا اس کو

فَضَمَّهَا إِلَيْهِ فَجَعَلَتْ تَئِنُّ أَنِيْنَ الصَّبِيِّ الَّذِيْ يُسَكَّتُ حَتَّى اسْتَقَرَّتْ

اور اپنے گلے سے لگایا اس کو پس شروع کیا اس ستون نے کہ نالہ کرتا تھا مانند نالہ کرنے لڑکے کے کہ چپ کیا جاتا ہے یہاں تک کہ ٹھہر گیا

قَالَ بَكَتْ عَلَى مَا كَانَتْ تَسْمَعُ مِنَ الذِّكْرِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ سَلَمَةَ

فرمایا حضرت نے کہ رویا یہ ستون اوپر نہ پانے اس چیز کے کہ سنتا تھا ذکر سے روایت کی یہ بخاری نے اور روایت ہے سلمہ سے

ابن الاكوع ان رجلا اكل عند رسول الله صلى الله عليه وسلم بشماله

ابن اکوع سے ہے کہ ایک شخص نے کھایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس بائیں ہاتھ سے

فقال كل بيمينك قال لا استطيع قال لا استطعت ما منعه الا

پس فرمایا آنحضرتؐ نے کہ کھا داہنے ہاتھ اپنے سے کہا اس نے کہ نہیں کھا سکتا ہوں فرمایا حضرتؐ نے نہ کھا سکیو نہ باز رکھا اسکو مگر

الكبر قال فما رفعها الى فيه رواه مسلم وعن انس ان اهل

تکبر نے کہا راوی نے پس نہ اٹھا سکتا تھا وہ شخص داہنا ہاتھ طرف منہ اپنے کی نقل کیا اسکو مسلم نے ۔ اور روایت ہے انسؓ سے کہ تحقیق اہل

المدينة فزعوا مرة فركب النبي صلى الله عليه وسلم فرسا لابي طلحة بطيئا

مدینہ ڈر گئے ایک بار پس سوار ہوئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم گھوڑے پر ابو طلحہ کا تھا سست رو

وكان يقطف فلما رجع قال وجدنا فرسكم هذا بحرا فكان

اور پاس پاس رکھتا تھا قدم پس جبکہ پھرے آنحضرتؐ فرمایا کہ پایا ہم نے تمہارا اس گھوڑے کو مثل دریا پس ہوا گھوڑا

بعد ذلك لا يجارى وفي رواية فما سبق بعد ذلك اليوم

بعد آنحضرتؐ کی سواری کے اس طرح کہ کوئی گھوڑا اسکے ساتھ نہیں چل سکتا تھا اور ایک روایت میں آیا ہے پس آگے بڑھ سکتا تھا اسکو کوئی گھوڑا بعد

رواه البخاري وعن جابر قال توفي ابي وعليه دين فعرضت

نقل کیا یہ بخاری نے ۔ اور روایت ہے جابر بن عبداللہ سے کہا وفات پائی میرے باپ نے اس حال میں کہ اس پر قرض تھا پس میں نے پیش

على غرمائه ان ياخذوا التمر بما عليه فابوا فاتيت النبي صلى الله

انکے قرضخواہوں پر یہ کہ لیویں تمام کھجوریں ہماری بدلے اس دین کے کہ میرے باپ پر ہے پس نہ مانا انہوں نے پس آیا میں حضرت صلی اللہ

عليه وسلم فقلت قد علمت ان والدي قد استشهد يوم احد وترك

علیہ وسلم کے پاس اور عرض کیا میں نے کہ آپ جانتے ہیں یہ کہ باپ میرا شہید ہو گیا ہے روز احد کے اور چھوڑا ہے

دينا كثيرا واني احب ان يراك الغرماء فقال لي اذهب فبيدر كل

دین بہت اور میں چاہتا ہوں یہ کہ دیکھیں آپ کو قرضخواہ پس فرمایا آنحضرتؐ نے کہ جا اور ڈھیر لگا ہر قسم کی

تمر على ناحية ففعلت ثم دعوته فلما نظروا اليه كانهم اغروا بي تلك

کھجوروں کے علیحدہ علیحدہ پس کیا میں نے پھر بلایا میں نے آنحضرتؐ کو پس جب دیکھا قرضخواہوں نے طرف حضرتؐ کی گویا کہ وہ دلیر

الساعة فلما راى ما يصنعون طاف حول اعظمها بيدرا ثلث مرات

اسی وقت پس جبکہ دیکھا حضرتؐ نے جو کچھ کرتے ہیں قرضخواہ پھرے آنحضرتؐ تین بار گرد بڑے ڈھیر کے اینوں سے

ثم جلس عليه ثم قال ادع لي اصحابك فما زال يكيل لهم حتى ادى

پھر بیٹھے اسپر پھر فرمایا کہ بلا میرے پاس اپنے قرضخواہوں کو پس ہمیشہ ناپتے رہے آنحضرت انکو یہانتک کہ ادا کیا

الله عن والدي امانته وانا ارضى ان يؤدي الله امانة والدي

اللہ تعالے نے میرے باپ سے دین اسکا اور میں راضی تھا کہ ادا کرے اللہ تعالے دین باپ میرے کا

ولا ارجع الى اخواتي بتمرة فسلم الله البيادر كلها وحتى اني انظر

اور نہ لیجاؤں طرف بہنوں اپنی کی ایک کھجور پس سالم رکھے اللہ تعالے نے ڈھیر سب اور یہانتک کہ تحقیق میں دیکھتا تھا

الى البيدر الذي كان عليه النبي صلى الله عليه وسلم كانها لم تنقص تمرة

طرف اس ڈھیر کی کہ بیٹھے تھے اسپر پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم گویا کہ نہیں کم ہوئی اسمیں سے ایک

واحدة رواه البخاري وعنه قال ان ام مالك كانت تهدي

کھجور نقل کی یہ بخاری نے ۔ اور روایت ہے اسی جابر سے کہا ام مالک تھی ہدیہ بھیجتی

للنبي صلى الله عليه وسلم في عكة لها سمنا فياتيها بنوها فيسالون الادم و

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کیلئے اپنی کپی میں گھی پس آتے ام مالک کے پاس بیٹے اسکے اور مانگتے لاون حالانکہ

ليس عندهم شيء فتعمد الى الذي كانت تهدي فيه للنبي صلى الله

نہ ہوتا انکے پاس کچھ پس قصد کرتی ام مالک طرف اس کپی کی کہ بھیجتی تھی اسمیں گھی آنحضرت صلے اللہ

عليه وسلم فتجد فيه سمنا فما زال يقيم لها ادم بيتها حتى عصرته

علیہ وسلم کے تو پس پاتی اسمیں گھی پس ہمیشہ تھی ام مالک کو دیتے لاون گھر اسکے کا یہانتک کہ نچوڑا ام مالک نے اسکو

فاتت النبي صلى الله عليه وسلم فقال عصرتيها قالت نعم قال لو تركتيها ما

پس آئی ام مالک حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس فرمایا آنحضرت نے کیا نچوڑا تو نے اس کپی کو کہا اس نے ہاں فرمایا اگر چھوڑتی تو

زال قائما رواه مسلم وعن انس قال قال ابو طلحة لام سليم لقد سمعت

تو ہمیشہ رہتا لاون بیچ گھر کا نقل کی یہ مسلم نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہ کہا ابو طلحہ نے واسطے ام سلیم کے تحقیق سنی میں نے

صوت رسول الله صلى الله عليه وسلم ضعيفا اعرف فيه الجوع فهل عندك من شيء

آواز آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی سست پہچانتا ہوں میں اسمیں بھوک پس کیا ہے تیرے پاس کچھ

فقالت نعم فاخرجت اقراصا من شعير ثم اخرجت خمارا لها فلفت الخبز

کہا ام سلیم نے کہ ہاں ہے پس نکالیں ام سلیم نے کئی روٹیاں جو کی پھر نکالی ام سلیم نے اوڑھنی اپنی پس لپیٹا روٹیوں کو

بعضه ثم دسته تحت يدي ولاثتني ببعضه ثم ارسلني الى رسول

اور سکے ایک کو نیچے میرے ہاتھ کے چھپا دیا اور سکو میرے بدن پر لپیٹا اور عمامہ سا کیا پھر بھیجا مجھکو طرف رسول

الله صلى الله عليه وسلم فذهبت به فوجدت رسول الله صلى الله عليه وسلم في المسجد

خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پس لیکر گیا میں وہ روٹیاں حضرت کے پاس سو پایا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو بیچ مسجد کے

ومعه الناس فسلمت عليهم فقال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم آرسلك

اسکے ساتھ لوگ تھے پس سلام علیکم کی میں نے اونپر پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا بھیجا ہے تجھکو

ابو طلحة قلت نعم قال بطعام قلت نعم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم

ابو طلحہ نے کہا میں نے ہاں فرمایا کہ ساتھ طعام کے کہا میں نے ہاں پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

لمن معه قوموا فانطلق وانطلقت بين ايديهم حتى جئت ابا طلحة

واسطے اون لوگوں کے جو ساتھ حضرت کے تھے کہ کھڑے ہو پس چلے اور چلا میں بھی آگے حضرت کے یہانتک کہ آیا میں ابو طلحہ پاس

فاخبرته فقال ابو طلحة يا ام سليم قد جاء رسول الله صلى الله عليه وسلم

پس خبر دی میں نے اوسکو پس کہا ابو طلحہ نے اے ام سلیم تحقیق تشریف لائے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم

بالناس وليس عندنا ما نطعمهم فقالت الله ورسوله اعلم فانطلق

ساتھ لوگوں کے اور نہیں ہے ہمارے پاس کچھ کہ کھلاویں ہم اونکو کہا ام سلیم نے کہ اللہ اور رسول اوسکا دانا تر ہیں پس چلے

ابو طلحة حتى لقي رسول الله صلى الله عليه وسلم فاقبل رسول الله صلى الله عليه وسلم

ابو طلحہ یہانتک کہ ملے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے پس تشریف لائے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم

وابو طلحة معه فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم هلمي يا ام سليم ما عندك

اور ابو طلحہ ساتھ اونکے پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے لا اے ام سلیم جو کچھ کہ تیرے پاس ہے

فاتت بذلك الخبز فامر به رسول الله صلى الله عليه وسلم ففت وعصرت ام سليم

پس لائیں وہ روٹیاں کہ اون پاس تھیں پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ٹکڑے ٹکڑے توڑنے کے لیے پس ریزہ ریزہ کی گئیں

عكة فادمته ثم قال رسول الله صلى الله عليه وسلم فيه ما شاء الله ان

کپا [illegible] پس سالن کیا اوس [illegible] پھر فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اوس میں جو کچھ کہ چاہا اللہ نے کہ

يقول ثم قال ائذن لعشرة فاذن لهم فاكلوا حتى شبعوا ثم

کہیں پھر فرمایا حضرت نے کہ اذن دے دس کو پس بلایا دس کو پس کھایا اون دس نے یہانتک کہ سیر ہو گئے پھر

خَرَجُوا ثُمَّ قَالَ ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ ثُمَّ لِعَشَرَةٍ فَأَكَلَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ وَشَبِعُوا وَ

باہر نکلے وہ پھر فرمایا کہ بلا دس کو پھر دس کو پس کھایا ساری قوم نے اور سیر ہوئے اور

الْقَوْمُ سَبْعُونَ أَوْ ثَمَانُونَ رَجُلًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ أَنَّهُ قَالَ

قوم ستر آدمی تھے یا اسّی روایت کی بخاری اور مسلم نے اور مسلم کی ایک روایت میں یوں آیا ہے کہ آنحضرت نے

ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ فَدَخَلُوا فَقَالَ كُلُوا وَسَمُّوا اللّٰهَ فَأَكَلُوا حَتَّى فَعَلَ ذٰلِكَ

کہ اون دسے دس کو پس آئے وہ دس پس فرمایا کھاؤ اور نام لو اللہ کا پس کھایا اونھوں نے یہانتک کہ کیا یہہ

بِثَمَانِينَ رَجُلًا ثُمَّ أَكَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَهْلُ الْبَيْتِ وَتَرَكَ سُؤْرًا وَ

ساتھ اسّی مردوں کے پھر کھایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اور ابو طلحہ کے گھر والوں نے اور چھوڑا باقی اوٹھا اور

فِي رِوَايَةٍ لِلْبُخَارِيِّ قَالَ أَدْخِلْ عَلَيَّ عَشَرَةً حَتَّى عَدَّ أَرْبَعِينَ ثُمَّ أَكَلَ

بخاری کی ایک روایت میں ہے کہ فرمایا آنحضرت نے داخل کر مجھپر دس آدمی یہانتک کہ گنا چالیس شخصوں کو پھر کھایا

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلْتُ أَنْظُرُ هَلْ نَقَصَ مِنْهَا شَيْءٌ وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پس ہوا میں کہ دیکھتا تھا کہ آیا کم ہوا ہے اوسمیں سے کچھ یا نہیں اور مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ

ثُمَّ أَخَذَ مَا بَقِيَ فَجَمَعَهُ ثُمَّ دَعَا فِيهِ بِالْبَرَكَةِ فَعَادَ كَمَا كَانَ فَقَالَ دُونَكُمْ

پھر لیا آنحضرت صلعم نے ما بقی کو اور جمع کیا اوسکو پھر دعا کی اوسمیں ساتھ برکت کے پس ہو گیا جیسا کہ تھا پس فرمایا آنحضرت نے کہ لو اور کھاؤ

هٰذَا وَعَنْهُ قَالَ أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِإِنَاءٍ وَهُوَ بِالزَّوْرَاءِ فَوَضَعَ

اسکو۔ اور روایت ہے اوسی انس سے کہ لایا گیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک باسن اسحالیں کہ آنحضرت صلعم زوراء میں تھے

يَدَهُ فِي الْإِنَاءِ فَجَعَلَ الْمَاءُ يَنْبُعُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِهِ فَتَوَضَّأَ الْقَوْمُ

ہاتھ اپنا باسن میں پس شروع کیا پانی نے نکلنا درمیان سے اونگلیوں اونکی سے پس وضو کیا قوم نے اوس سے

قَالَ قَتَادَةُ قُلْتُ لِأَنَسٍ كَمْ كُنْتُمْ قَالَ ثَلٰثَمِائَةٍ أَوْ زُهَاءَ ثَلٰثِمِائَةٍ مُتَّفَقٌ

کہا قتادہ نے کہ کہا میں نے واسطے انس کے کہ کتنے تھے تم کہا تھے ہم تین سو یا کہا مقدار تین سو کے متفق

عَلَيْهِ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ كُنَّا نَعُدُّ الْآيَاتِ بَرَكَةً

علیہ۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود رضہ سے کہ کہا تھے ہم اصحاب رسول خدا کے گنتے معجزوں کو سبب برکت کا

وَأَنْتُمْ تَعُدُّونَهَا تَخْوِيفًا كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ فَقَلَّ

اور تم اے لوگو گنتے ہو اونکو سبب ڈرانیکا تھے ہم ہمراہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک سفر میں پس کم ہوا

الْمَاءُ فَقَالَ اطْلُبُوا فَضْلَةً مِّنْ مَّاءٍ فَجَاءُوا بِإِنَاءٍ فِيْهِ مَاءٌ قَلِيْلٌ

پانی پس فرمایا آنحضرت ﷺ نے کہ ڈھونڈو بچا ہوا پانی — پس لائے صحابہ ایک باسن کہ جسمین کچھ تھوڑا سا پانی تھا

فَأَدْخَلَ يَدَهُ فِي الْإِنَاءِ ثُمَّ قَالَ حَيَّ عَلَى الطَّهُوْرِ الْمُبَارَكِ وَالْبَرَكَةُ

پس داخل کیا آنحضرت ﷺ نے دست مبارک اپنا باسن مین پھر فرمایا کہ آؤ اوپر پانی پاک کرنیوالے بابرکت کے اور برکت

مِنَ اللّٰهِ وَلَقَدْ رَأَيْتُ الْمَاءَ يَنْبَعُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى

خدا ہی کی طرف سے ہے اور البتہ تحقیق دیکھا مینے پانی کو کہ نکلتا تھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیوں مین

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَقَدْ كُنَّا نَسْمَعُ تَسْبِيْحَ الطَّعَامِ وَهُوَ يُؤْكَلُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَ

سے اور البتہ تحقیق تھے ہم سنتے تسبیح طعام کی اسحال مین کہ کھایا جاتا تھا طعام نقل کی یہ بخاری نے — اور

عَنْ أَبِيْ قَتَادَةَ قَالَ خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّكُمْ

روایت ہے ابو قتادہ سے کہا خطبہ پڑھا ہمارے لیے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پس فرمایا تحقیق تم

تَسِيْرُوْنَ عَشِيَّتَكُمْ وَلَيْلَتَكُمْ وَتَأْتُوْنَ الْمَاءَ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ غَدًا فَانْطَلَقَ

چلوگے اول اس شب مین اور آخر اس شب مین اور آؤگے پانی پر انشاء اللہ کل کو — پس چلے

النَّاسُ لَا يَلْوِيْ أَحَدٌ عَلَى أَحَدٍ قَالَ أَبُوْ قَتَادَةَ فَبَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ

لوگ اس حال مین کہ نہیں التفات کرتا تھا کوئی کسی کی طرف کہا ابو قتادہ نے پس اسوقت کہ رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسِيْرُ حَتَّى ابْهَارَّ اللَّيْلُ فَمَالَ عَنِ الطَّرِيْقِ فَوَضَعَ رَأْسَهُ

صلی اللہ علیہ وسلم چلے جاتے تھے یہانتک کہ آدھی رات ہوئی پس ﷺ ایک طرف ہوئے راہ سے پس رکھا سر اپنا

ثُمَّ قَالَ احْفَظُوْا عَلَيْنَا صَلٰوتَنَا فَكَانَ أَوَّلَ مَنِ اسْتَيْقَظَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

پھر فرمایا نگہبانی کرنا ہم پر ہماری نماز کی — پس ہوئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اول ان

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالشَّمْسُ فِيْ ظَهْرِهِ ثُمَّ قَالَ ارْكَبُوْا فَرَكِبْنَا فَسِرْنَا حَتَّى

شخصون کے کہ جاگے اسحال مین کہ دھوپ پہونچی تھی آنحضرت ﷺ کی پیٹھ پر پھر فرمایا آنحضرت ﷺ نے کہ سوار ہوؤ پس سوار ہوئے ہم

إِذَا ارْتَفَعَتِ الشَّمْسُ نَزَلَ ثُمَّ دَعَا بِمِيْضَأَةٍ كَانَتْ مَعِيْ فِيْهَا شَيْءٌ

جب بلند ہوا آفتاب اترے آنحضرت ﷺ پھر منگایا باسن وضو کا کہ تھا ساتھ میرے اس مین کچھ

مِنْ مَّاءٍ فَتَوَضَّأَ مِنْهَا وُضُوْءًا دُوْنَ وُضُوْءٍ قَالَ وَبَقِيَ فِيْهَا شَيْءٌ مِّنْ

پانی — پس کیا اس سے وضو کم بہ نسبت اور وضوؤن کی کہا ابو قتادہ نے اور باقی رہا اس باسن مین کچھ

مَاءٍ ثُمَّ قَالَ احْفَظْ عَلَيْنَا مِيضَأَتَكَ فَسَيَكُونُ لَهَا نَبَأٌ ثُمَّ اَذَّنَ بِلَالٌ

پانی پھر فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ نگاہ رکھ ہمارے لیے ظرف وضو کا پس نزدیک ہے کہ ہو گی واسطے اوسکے ایک خبر پھر اذان کہی بلال نے

بِالصَّلٰوةِ فَصَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ صَلَّى الْغَدَاةَ وَرَكِبَ

واسطے نماز کے پس نماز پڑھی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعتین پھر پڑھی نماز صبح کی اور سوار ہوئے آنحضرت صلعم

وَرَكِبْنَا مَعَهٗ فَانْتَهَيْنَا اِلَى النَّاسِ حِيْنَ امْتَدَّ النَّهَارُ وَحَمِيَ كُلُّ شَيْءٍ وَّ

اور سوار ہوئے ہم ساتھ آپکے پس پہنچے ہم طرف لوگوں کے اوس وقت کہ چڑھا دن اور بلند ہوا آفتاب اور گرم ہوئی ہر چیز حالانکہ

هُمْ يَقُوْلُوْنَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلَكْنَا وَعَطِشْنَا فَقَالَ لَا هُلْكَ عَلَيْكُمْ

لوگ کہتے تھے یا رسول اللہ صلعم ہلاک ہوئے ہم اور پیاسے ہوئے ہم پس فرمایا آنحضرت صلعم نے نہیں ہے ہلاکت تمپر

وَدَعَا بِالْمِيْضَأَةِ فَجَعَلَ يَصُبُّ وَاَبُوْ قَتَادَةَ يَسْقِيْهِمْ فَلَمْ يَعْدُ اَنْ

اور منگوایا حضرت صلعم نے ابو قتادہ سے وضو کا باسن ہو کر حضرت صلعم کہ ڈالتے تھے پانی اوس باسن سے اور ابو قتادہ پانی پلاتے جاتے تھے لوگوں کو پس نہ گذرا

رَاَى النَّاسُ مَاءً فِي الْمِيْضَأَةِ تَكَابُّوْا عَلَيْهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

دیکھنا لوگوں کا پانی کو باسن مذکور میں ازدحام کرنے اونکے سے ازدحام کیا انھوں نے باسن پر پس فرمایا رسول خدا صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحْسِنُوا الْمَلَاَ كُلُّكُمْ سَيَرْوٰى قَالَ فَفَعَلُوْا فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

علیہ وسلم نے نیک کرو خلق کو قریب ہے کہ تم سب سیراب ہو جاؤ گے کہا راوی نے پس کیا سب نے خلق نیک پس ہو گئے رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُبُّ وَاَسْقِيْهِمْ حَتّٰى مَا بَقِيَ غَيْرِيْ وَغَيْرُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

صلی اللہ علیہ وسلم کہ ڈالتے تھے پانی اور میں پلاتا جاتا تھا اونکو یہانتک کہ نہ باقی رہا سوا میرے اور سوائے رسول خدا صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ صَبَّ فَقَالَ لِيَ اشْرَبْ فَقُلْتُ لَا اَشْرَبُ حَتّٰى تَشْرَبَ يَا رَسُوْلَ

علیہ وسلم کے پھر ڈالا پانی پس کہا مجکو کہ پی پس کہا میں نے کہ نہ پیونگا میں یہانتک کہ پیویں آپ یا رسول

اللّٰهِ فَقَالَ اِنَّ سَاقِيَ الْقَوْمِ اٰخِرُهُمْ قَالَ فَشَرِبْتُ وَشَرِبَ قَالَ فَاَتَى

اللہ پس فرمایا کہ تحقیق پلانیوالا قوم کا آخر اونکا ہے کہا ابو قتادہ نے پس پیا میں نے اور پیا حضرت صلعم نے کہا ابو قتادہ نے پس آئے

النَّاسُ الْمَاءَ جَامِّيْنَ رِوَاءً رَوَاهُ مُسْلِمٌ هٰكَذَا فِيْ صَحِيْحِهٖ وَكَذَا فِيْ

لوگ پانی پر آسائش کے ساتھ راحت پانیوالے سیراب روایت کی یہ مسلم نے اسیطرح ہے صحیح مسلم میں اور اسیطرح ہے بیچ

كِتَابِ الْحُمَيْدِيِّ وَجَامِعِ الْاُصُوْلِ وَزَادَ فِيْ

کتاب حمیدی کے اور جامع الاصول کے اور زیادہ کیا ہے

المصابیح بعد قوله اٰخرهم لفظة شربًا وعن ابی هریرة قال لما

مصابیح میں بعد از لفظ آخرہم کے لفظ شربا کا۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ کہا جبکہ

کان یوم غزوة تبوك اصاب الناس مجاعة فقال عمر یا رسول الله

ہوا دن غزوہ تبوک کا پہنچی لوگوں کو بھوک شدید پس کہا عمر رضی اللہ عنہ نے یا رسول اللہ

ادعهم بفضل ازوادهم ثم ادع الله لهم علیها بالبرکة فقال نعم

منگوائیے لوگوں سے بچا ہوا توشہ اونکا پھر دعا کیجیے اللہ سے اونکے لیے اون توشوں پر ساتھ برکت کے پس فرمایا حضرت نے اچھا

فدعا بنطع فبسط ثم دعا بفضل ازوادهم فجعل الرجل یجیء بکف

پس منگوایا حضرت نے دسترخوان چرمی کا پس بچھایا گیا وہ پھر منگوایا بچا ہوا توشہ اونکا پس شروع کیا کسی شخص نے کہ لاتا تھا مٹھی

ذرة ویجیء الاخر بکف تمر ویجیء الاخر بکسرة حتی اجتمع علی

چینے کی اور لاتا تھا اور شخص مٹھی کھجور کی اور لاتا تھا اور شخص ٹکڑا روٹی کا یہاں تک کہ جمع ہوئے

النطع شیء یسیر فدعا رسول الله صلی الله علیه وسلم بالبرکة ثم قال خذوا

دسترخوان پر تھوڑا سا چیز پس دعا کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے برکت کی اوس پر پھر فرمایا ڈال لو

فی اوعیتکم فاخذوا فی اوعیتهم حتی ما ترکوا فی العسکر وعاء الا ملؤه قال فاکلوا حتی

اپنے باسنوں میں پس لیا لوگوں نے اپنے باسنوں میں یہاں تک کہ نہ چھوڑا لشکر میں کوئی باسن مگر کہ بھر دیا اوسکو کہا ابو ہریرہ نے پس کھایا

شبعوا وفضلت فضلة فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم اشهد ان لا

کہ سیر ہوئے اور باقی رہا بقیہ بہت پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ گواہی دیتا ہوں میں یہ کہ نہیں کوئی

اله الا الله وانی رسول الله لا یلقی الله بهما عبد غیر شاك فیحجب

معبود مگر اللہ اور تحقیق میں ہوں رسول خدا کا نہیں ہے یہ بات کہ ملے اللہ سے ساتھ ان دونوں گواہیوں کے کوئی بندہ کہ نہ شک کرنے والا

عن الجنة رواه مسلم وعن انس قال کان النبی صلی الله علیه وسلم عروسا

سے بہشت سے روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے انس رضی اللہ عنہ سے کہ کہا تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم دولہا

بزینب فعمدت امی ام سلیم الی تمر وسمن واقط فصنعت حیسا

ساتھ زینب کے پس قصد کیا ماں میری ام سلیم نے طرف کھجور اور گھی اور قروت کے پس بنایا مالیدہ سا

فجعلته فی تور فقالت یا انس اذهب بهذا الی رسول الله صلی

پس رکھا اوسکو پیالہ میں اور کہا اے انس لیجا یہ اسکو رسول خدا صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْ بَعَثَتْ بِهٰذَا إِلَيْكَ أُمِّي وَهِيَ تُقْرِئُكَ السَّلَامَ وَتَقُولُ

علیہ وسلم کے پاس اور کہنا کہ بھیجا ہے اسکو طرف آپکی میری ماں نے اور وہ آپکو سلام کہتی ہے اور کہتی ہے

إِنَّ هٰذَا لَكَ مِنَّا قَلِيلٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَذَهَبْتُ فَقُلْتُ فَقَالَ ضَعْهُ

کہ تحقیق یہ آپکے لیے ہے ہماری طرف سے تھوڑا ہے یا رسول اللہ پس گیا میں اسکو پاس حضرت کے اور کہا میں جو کچھ کہ میری ماں نے کہا تھا

ثُمَّ قَالَ اذْهَبْ فَادْعُ لِي فُلَانًا وَفُلَانًا وَفُلَانًا رِجَالًا سَمَّاهُمْ وَادْعُ

پھر فرمایا کہ جا اور بلا لا میرے پاس فلانے کو اور فلانے کو اور فلانے کو کئی شخصوں کا نام لیا اور بلا لا

لِي مَنْ لَقِيتَ فَدَعَوْتُ مَنْ سَمَّى وَمَنْ لَقِيتُ فَرَجَعْتُ فَإِذَا الْبَيْتُ

میرے پاس جس سے ملے تو پس بلایا میں نے اونکو کہ نام لیا تھا حضرت نے اونکا اور انکو کہ ملا میں پس پھرا میں پس ناگہاں گھر

غَاصٌّ بِأَهْلِهِ قِيلَ لِأَنَسٍ عَدَدُكُمْ كَمْ كَانُوا قَالَ زُهَاءَ ثَلَاثِمِائَةٍ فَرَأَيْتُ

بھرا ہوا تھا لوگوں سے کہا گیا انس سے کہ کتنے تھے تم کہا انس نے بقدر تین سو کے پس دیکھا میں نے

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَضَعَ يَدَهُ عَلَى تِلْكَ الْحَيْسَةِ وَتَكَلَّمَ بِمَا شَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ رکھا دست مبارک اپنا اوس حلوے پر اور کلام کیا ساتھ اوس چیز کے کہ چاہا اللہ نے پھر

جَعَلَ يَدْعُو عَشَرَةً عَشَرَةً يَأْكُلُونَ مِنْهُ وَيَقُولُ لَهُمُ اذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ

شروع کیا حضرت نے بلانا دس دس کو درحالیکہ کھاتے تھے وہ اوس سے اور فرماتے تھے حضرت اونسے کہ یاد کرو نام اللہ کا

وَلْيَأْكُلْ كُلُّ رَجُلٍ مِمَّا يَلِيهِ قَالَ فَأَكَلُوا حَتَّى شَبِعُوا فَخَرَجَتْ طَائِفَةٌ

اور چاہیے کہ کھاوے ہر شخص اوس طرف سے کہ نزدیک اوسکے ہے کہا انس نے پس کھایا اونہوں نے یہانتک کہ سیر ہوئے پس نکلی ایک جماعت

وَدَخَلَتْ طَائِفَةٌ حَتَّى أَكَلُوا كُلُّهُمْ قَالَ لِي يَا أَنَسُ ارْفَعْ فَرَفَعْتُ

اور داخل ہوئی اور جماعت یہانتک کہ کھایا سب نے فرمایا آنحضرت نے مجھکو اے انس اوٹھا پس اوٹھایا میں نے

فَمَا أَدْرِي حِينَ وَضَعْتُ كَانَ أَكْثَرَ أَمْ حِينَ

پس نہیں جانتا میں کہ جسوقت رکھا تھا میں نے تھا زیادہ یا اوسوقت

رُفِعَتْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

کہ اوٹھایا میں نے متفق علیہ اور روایت ہے جابر رض سے کہ کہا غزوہ کیا میں نے ساتھ پیغمبر خدا صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا عَلَى نَاضِحٍ قَدْ أَعْيَى فَلَا يَكَادُ يَسِيرُ فَتَلَاحَقَ بِيَ النَّبِيُّ

علیہ وسلم کے اصحاب میں کہ میں سوار تھا اوپر اونٹ آبکش کے کہ تھک گیا تھا پس قریب تھا کہ راہ چل سکے پس ملے ساتھ میرے نبی

صلى الله عليه وسلم فقال ما لبعيرك قلت قد عيي فتخلف رسول الله صلى الله عليه وسلم

صلے اللہ علیہ وسلم پس فرمایا کیا ہوا اونٹ تیرے کو کہا میں نے کہ تحقیق تھک گیا ہے پس اونٹ کے پیچھے ٹھہرے رسول خدا صلعم

فزجره فدعا له فما زال بين يدي الإبل قدامها يسير فقال لي

اور ہانکا اوسکو اور دعا کی اوسکے لیے پس ہمیشہ رہا وہ اونٹ آگے آگے سب اونٹوں کے چلتا تھا پس فرمایا حضرت نے مجھکو

كيف ترى بعيرك قلت بخير قد أصابته بركتك قال أفتبيعنيه

کیسا دیکھتا ہے تو اپنے اونٹ کو کہا میں نے ساتھ اچھی حالت کے دیکھتا ہوں تحقیق پہونچی اوسکو برکت آپکی فرمایا حضرت نے کیا بیچتا ہے تو

بوقية فبعته على أن لي فقار ظهره إلى المدينة فلما قدم رسول

بدلے چالیس درہم کے پس بیچا میں نے اوسکو اس شرط پر کہ میرے لیے ہو سواری اوسکی مدینہ تک پس جبکہ پہونچے رسول

الله صلى الله عليه وسلم المدينة غدوت عليه بالبعير فأعطاني ثمنه و

خدا صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں صبح کو گیا میں حضرت صلعم کے پاس اونٹ پس دی آنحضرت نے مجھکو قیمت اونٹ کی اور

ردّه علي متفق عليه وعن أبي حميد الساعدي قال خرجنا

پھیر دیا اونٹ کو مجھپر متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابی حمید ساعدی رضہ سے کہ کہا نکلے ہم

مع رسول الله صلى الله عليه وسلم غزوة تبوك فأتينا وادي القرى على حديقة

ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوہ تبوک میں پس آئے ہم وادی قری میں گذرے ہم ایک باغیچے پر

لامرأة فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اخرصوها فخرصناها وخرصها

کہ تھا ایک عورت کا پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اندازہ کرو اسکے درختوں کے میوہ کو پس اندازہ کیا ہم نے اور اندازہ کیا اوسکو

رسول الله صلى الله عليه وسلم عشرة أوسق وقال أحصيها حتى نرجع إليك إن شاء الله

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دس وسق اور فرمایا حضرت صلعم نے یاد رکھنا گنتی اسکی یہانتک کہ پھر کر آویں طرف تیری انشاء اللہ

تعالى وانطلقنا حتى قدمنا تبوك فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم

تعالی اور چلے ہم یہانتک کہ پہنچے ہم تبوک میں پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

ستهب عليكم الليلة ريح شديدة فلا يقم فيها أحد فمن كان

نزدیک ہے کہ چلے تم پر آج کی رات باد سخت پس نہ کھڑا ہووے اسمیں کوئی پس جو شخص کہ ہو

له بعير فليشد عقاله فهبت ريح شديدة فقام رجل فحملته

واسطے اوسکے اونٹ پس چاہیے کہ مضبوط باندھے رسی پانو اوسکی پس چلی ہوا سخت پس کھڑا ہوا ایک شخص پس اوٹھایا اوسکو

الرِّيحُ حَتَّى أَلْقَتْهُ بِجَبَلَيْ طَيٍّ ثُمَّ أَقْبَلْنَا حَتَّى قَدِمْنَا وَادِيَ الْقُرَى فَسَأَلَ

ہوا نے یہانتک کہ پھینکدیا اوسکو بیچ دونوں پہاڑوں طے کے پہر متوجہ ہوئے ہم یہانتک کہ آئے ہم وادی قری میں پس پوچھا

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَرْأَةَ عَنْ حَدِيقَتِهَا كَمْ بَلَغَ ثَمَرُهَا فَقَالَتْ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اوس عورت سے حال اوسکے باغ کا کہ کتنا ہوا میوہ اوسکا پس کہا اوس عورت نے

عَشَرَةَ أَوْسُقٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

دس وسق کو روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے - اور روایت ہے ابی ذر رضی سے کہ کہا فرمایا رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّكُمْ سَتَفْتَحُونَ مِصْرَ وَهِيَ أَرْضٌ يُسَمَّى فِيهَا الْقِيرَاطُ فَإِذَا

صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق تم نزدیک ہے کہ فتح کروگے مصر کو اور مصر ایک زمین ہے کہ ذکر جاری ہے اوسمیں قیراط کا پس جبوقت

فَتَحْتُمُوهَا فَأَحْسِنُوا إِلَى أَهْلِهَا فَإِنَّ لَهَا ذِمَّةً وَرَحِمًا أَوْ قَالَ ذِمَّةً وَ

کہ فتح کروگے مصر کو پس احسان کرنا مصر والوں پر اسلیے کہ اہل مصر کے ذمہ ہے اور اونکو قرابت ہے یا فرمایا ذمہ اور

صِهْرًا فَإِذَا رَأَيْتُمْ رَجُلَيْنِ يَخْتَصِمَانِ فِي مَوْضِعِ لَبِنَةٍ فَاخْرُجْ مِنْهَا قَالَ

علاقہ سسرال کا ہی پس جب دیکھو تم دو شخصوں کو کہ جھگڑتے ہیں ایک اینٹ کی جگہہ پر پس نکل تو مصر سے کہا ابوذر نے

فَرَأَيْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ شُرَحْبِيلَ بْنِ حَسَنَةَ وَأَخَاهُ رَبِيعَةَ يَخْتَصِمَانِ

پس دیکھا میں نے عبد الرحمان بیٹے شرحبیل بیٹے حسنہ کو اور اوسکے بھائی ربیعہ کو کہ جھگڑتے تھے دونوں

فِي مَوْضِعِ لَبِنَةٍ فَخَرَجْتُ مِنْهَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ حُذَيْفَةَ عَنِ النَّبِيِّ

بیچ جگہہ ایک اینٹ کے پس نکلا میں مصر سے روایت کی یہ مسلم نے - اور روایت ہے حذیفہ سے اوسنے روایت کی نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي أَصْحَابِي وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ فِي أُمَّتِي اثْنَا عَشَرَ مُنَافِقًا

صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا بیچ صحابیوں میں اور ایک روایت میں ہے فرمایا بیچ امت میں بارہ منافق ہیں

لَا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ وَلَا يَجِدُونَ رِيحَهَا حَتَّى يَلِجَ الْجَمَلُ فِي سَمِّ الْخِيَاطِ

کہ نہ داخل ہونگے بہشت میں اور نہ پاوینگے بو جنت کی یہانتک کہ بیٹھے اونٹ سوئی کے ناکے میں

ثَمَانِيَةٌ مِنْهُمْ تَكْفِيهِمُ الدُّبَيْلَةُ سِرَاجٌ مِنْ نَارٍ يَظْهَرُ فِي أَكْتَافِهِمْ

آٹھ کو ہلاک کریگا اونکو دبیلہ شعلہ ہے آگ کا کہ پیدا ہوگا اونکے مونڈھوں میں

حَتَّى يَنْجُمَ فِي صُدُورِهِمْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَسَنَذْكُرُ حَدِيثَ سَهْلِ بْنِ

یہانتک کہ نمودار ہوگا اوس حرارت کا اونکے سینوں میں روایت کی یہ مسلم نے اور ذکر کرینگے ہم حدیث سہل بن

سَعْدٍ لَأُعْطِيَنَّ هٰذِهِ الرَّايَةَ غَدًا إِلَى بَابِ مَنَاقِبِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ

سعد کی کہ سرا اوسکا یہ ہے لاعطین ہذہ الرایۃ غدا بیچ باب مناقب علی رضی اللہ عنہ کی

وَحَدِيثُ جَابِرٍ مَنْ يَصْعَدُ الثَّنِيَّةَ فِي بَابِ جَامِعِ الْمَنَاقِبِ إِنْ شَاءَ اللهُ

اور حدیث جابر کی کہ سرا اوسکا یہ ہے من یصعد الثنیۃ بیچ باب جامع المناقب کے اگر چاہیگا اللہ

تَعَالَى اَلْفَصْلُ الثَّانِي عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ خَرَجَ أَبُو طَالِبٍ إِلَى

تعالی۔ فصل دوسری۔ روایت ہے ابی موسی اشعری سے کہ کہا نکلے ابوطالب طرف

الشَّامِ وَخَرَجَ مَعَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَشْيَاخٍ مِنْ قُرَيْشٍ فَلَمَّا

شام کے اور نکلے ساتھ اونکے نبی صلی اللہ علیہ وسلم درمیان شیخون قریش کے پس جبکہ

أَشْرَفُوا عَلَى الرَّاهِبِ هَبَطُوا فَحَلُّوا رِحَالَهُمْ فَخَرَجَ إِلَيْهِمُ الرَّاهِبُ

وارد ہوئے راہب پر اوترے پس کہولے کجاوے اپنے پس باہر نکلا طرف اونکی راہب

وَكَانُوا قَبْلَ ذٰلِكَ يَمُرُّونَ بِهِ فَلَا يَخْرُجُ إِلَيْهِمْ قَالَ فَهُمْ يَحُلُّونَ

اور تھے پہلے اس سے کہ بارہا سفر کرتے گذرتے اوسکے مکان پر پس نہ نکلتا وہ طرف اونکی کہا راوی نے پس وہ کہولتے تھے

رِحَالَهُمْ فَجَعَلَ يَتَخَلَّلُهُمُ الرَّاهِبُ حَتَّى جَاءَ فَأَخَذَ بِيَدِ رَسُولِ اللهِ

کجاوے اپنے پس شروع کیا کر ڈھونڈتا پھرتا تھا درمیان اونکے راہب یہانتک کہ آیا اور پکڑا ہاتھ رسول خدا

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هٰذَا سَيِّدُ الْعَالَمِينَ هٰذَا رَسُولُ رَبِّ الْعَالَمِينَ

صلی اللہ علیہ وسلم کا کہا یہ ہے سردار عالمین کا یہ ہے رسول رب العالمین کا

يَبْعَثُهُ اللهُ رَحْمَةً لِلْعَالَمِينَ فَقَالَ لَهُ أَشْيَاخٌ مِنْ قُرَيْشٍ مَا عِلْمُكَ

بہیجا ہے اوسکو اللہ تعالی نے سبب رحمت کا جہان کے لوگوں کو ہے پس کہا راہب کو بعضے شیخون نے قریش میں سے کہا تو کیا جانتا ہے کہ حال اوسکا

فَقَالَ إِنَّكُمْ حِينَ أَشْرَفْتُمْ مِنَ الْعَقَبَةِ لَمْ يَبْقَ شَجَرٌ وَلَا حَجَرٌ إِلَّا خَرَّ

پس کہا راہب نے تحقیق تم جسوقت کہ نمودار ہوئے اس راہ سے کہ درمیان دو پہاڑونکے ہے باقی نہ رہا کوئی درخت اور نہ پتھر مگر گرا

سَاجِدًا وَلَا يَسْجُدَانِ إِلَّا لِنَبِيٍّ وَإِنِّي أَعْرِفُهُ بِخَاتَمِ النُّبُوَّةِ أَسْفَلَ

سجدہ کرتا ہوا اور نہیں سجدہ کرتے ہیں پتھر اور درخت مگر پیغمبر کو اور تحقیق میں پہچانتا ہوں اوسکو بسبب مہر نبوت کے جو نیچے

مِنْ غُضْرُوفِ كَتِفِهِ مِثْلَ التُّفَّاحَةِ ثُمَّ رَجَعَ فَصَنَعَ لَهُمْ طَعَامًا فَلَمَّا

کرکری ہڈی شانہ کی کے ہے مانند سیب کے پھر گیا راہب اور تیار کیا قافلہ کے لیے طعام پس جسوقت

أَتَاهُم بِهِ وَكَانَ هُوَ فِي رِعْيَةِ الْإِبِلِ فَقَالَ أَرْسِلُوا إِلَيْهِ فَأَقْبَلَ وَعَلَيْهِ

غَمَامَةٌ تُظِلُّهُ فَلَمَّا دَنَا مِنَ الْقَوْمِ وَجَدَهُمْ قَدْ سَبَقُوهُ إِلَى فَيْءِ الشَّجَرَةِ

فَلَمَّا جَلَسَ مَالَ فَيْءُ الشَّجَرَةِ عَلَيْهِ فَقَالَ انْظُرُوا إِلَى فَيْءِ الشَّجَرَةِ مَالَ

عَلَيْهِ فَقَالَ أَنْشُدُكُمُ اللّٰهَ أَيُّكُمْ وَلِيُّهُ قَالُوا أَبُو طَالِبٍ فَلَمْ يَزَلْ

يُنَاشِدُهُ حَتَّى رَدَّهُ أَبُو طَالِبٍ وَبَعَثَ مَعَهُ أَبُو بَكْرٍ بِلَالًا وَزَوَّدَهُ

الرَّاهِبُ مِنَ الْكَعْكِ وَالزَّيْتِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عَلِيِّ بْنِ

أَبِي طَالِبٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ فَخَرَجْنَا فِي بَعْضِ نَوَاحِيهَا

فَمَا اسْتَقْبَلَهُ جَبَلٌ وَلَا شَجَرٌ إِلَّا وَهُوَ يَقُولُ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُولَ

اللّٰهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ

بِالْبُرَاقِ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِهِ مُلْجَمًا مُسْرَجًا فَاسْتَصْعَبَ عَلَيْهِ فَقَالَ لَهُ

جِبْرِيلُ أَبِمُحَمَّدٍ تَفْعَلُ هٰذَا فَمَا رَكِبَكَ أَحَدٌ أَكْرَمُ عَلَى اللّٰهِ مِنْهُ قَالَ

فَارْفَضَّ عَرَقًا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ وَعَنْ

بُرَيْدَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا انْتَهَيْنَا اِلٰى بَيْتِ الْمُقَدَّسِ

بریدہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب پہنچے ہم طرف بیت المقدس کے

قَالَ جِبْرَئِيْلُ بِاِصْبَعِهٖ فَخَرَقَ بِهَا الْحَجَرَ فَشَدَّ بِهِ الْبُرَاقَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

کہا اشارہ کیا جبرئیل نے ساتھ انگلی اپنی کے پس سوراخ کیا ساتھ اشارہ کے پتھر میں پس باندھا ساتھ اوس پتھر کے براق کو

وَعَنْ يَعْلَى بْنِ مُرَّةَ الثَّقَفِيِّ قَالَ ثَلٰثَةُ اَشْيَاءَ رَأَيْتُهَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ

اور روایت ہے یعلی بن مرہ ثقفی رضی اللہ عنہ سے کہ کہا تین چیزیں دیکھیں میں نے رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَا نَحْنُ نَسِيْرُ مَعَهٗ اِذْ مَرَرْنَا بِبَعِيْرٍ يُسْنٰى عَلَيْهِ فَلَمَّا رَاٰهُ

صلی اللہ علیہ وسلم سے اور سو وقت کہ ہم چلے جاتے تھے ساتھ حضرت کے ناگہاں گذرے ہم ایک اونٹ پر کہ پانی کھینچا جاتا تھا اوس پر پس جب

الْبَعِيْرُ جَرْجَرَ فَوَضَعَ جِرَانَهٗ فَوَقَفَ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَيْنَ

اوس اونٹ نے تو آواز کی پھر رکھدی گردن اپنی پس ٹھیر گئے حضرت اوسکے پاس اور فرمایا کہ کہاں ہے

صَاحِبُ هٰذَا الْبَعِيْرِ فَجَاءَهٗ فَقَالَ بِعْنِيْهِ فَقَالَ بَلْ نَهَبُهٗ لَكَ يَا رَسُوْلَ

مالک اس اونٹ کا پس آیا مالک اوسکا حضرت کے پاس پس فرمایا حضرت نے بیچ تو میرے ہاتھ اس اونٹ کو پس کہا

اللّٰهِ وَاِنَّهٗ لِاَهْلِ بَيْتٍ مَّا لَهُمْ مَعِيْشَةٌ غَيْرُهٗ قَالَ اَمَّا اِذْ ذَكَرْتَ هٰذَا

اللہ اور حال یہ ہے کہ یہ اونٹ تعلق ایسے گھر والوں کا ہے کہ نہیں اونکی معیشت سوا اسکے فرمایا حضرت نے اب جو وقت کہ ذکر کیا تو نے یہ

مِنْ اَمْرِهٖ فَاِنَّهٗ شَكٰى كَثْرَةَ الْعَمَلِ وَقِلَّةَ الْعَلَفِ فَاَحْسِنُوْا اِلَيْهِ ثُمَّ سِرْنَا

حال اوسکا تو تحقیق اسنے گلہ کیا تھا بہت لینے کام کا اور کم دینے چارہ کا پس بھلائی کرو اوس سے پھر چلے ہم

حَتّٰى نَزَلْنَا مَنْزِلًا فَنَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَتْ شَجَرَةٌ تَشُقُّ الْاَرْضَ

یہاں تک کہ اوترے ہم ایک منزل میں پس آرام کیا نبی صلعم نے پس آیا ایک درخت پھاڑتا ہوا زمین کو

حَتّٰى غَشِيَتْهُ ثُمَّ رَجَعَتْ اِلٰى مَكَانِهَا فَلَمَّا اسْتَيْقَظَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

یہاں تک کہ ڈھانک لیا اوس نے حضرت کو پھر پھر گیا وہ درخت طرف جگہ اپنی کے پس جبکہ بیدار ہوئے پیغمبر خدا صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرْتُ لَهٗ فَقَالَ هِيَ شَجَرَةٌ اسْتَاْذَنَتْ رَبَّهَا فِيْ اَنْ تُسَلِّمَ

علیہ وسلم ذکر کیا میں نے آنحضرت سے پس فرمایا آنحضرت نے کہ وہ درخت تھا کہ اذن مانگا تھا اسنے اپنے رب سے اسمیں کہ سلام کرے

عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَذِنَ لَهَا قَالَ ثُمَّ سِرْنَا فَمَرَرْنَا بِمَاءٍ فَاَتَتْهُ

پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم پر پس اذن دیا خدا تعالی نے اوسکو پھر کہا یعلی راوی نے پھر چلے ہم پس گذرے ہم ایک پانی پر

امرأة بابن لها به جنة فاخذ النبي صلى الله عليه وسلم بمنخره ثم قال اخرج فاني

ایک عورت اپنے بیٹے کو کہ اوسکو جنون تھا پس پکڑی آنحضرت صلعم نے ناک اوسکی سے پہر فرمایا آنحضرت نے باہر نکل پس تحقیق میں

محمد رسول الله ثم سرنا فلما رجعنا مررنا بذلك الماء فسألها عن

محمد ہوں رسول خدا کا پہر چلے ہم پس جبکہ پہرے ہم گذرے ہم اوسی پانی پر پس پوچھا آنحضرت نے اوس عورت سے

الصبي فقالت والذي بعثك بالحق ما رأينا منه ريبا بعدك رواه

اوس لڑکے کا پس کہا اوس عورت نے قسم ہے اوس ذات کی کہ بہیجا آپکو ساتھ حق کے نہیں دیکہی ہمنے اوس لڑکے سے کوئی چیز کہ بکرو ہ آپکے بعد روایت کیا

في شرح السنة وعن ابن عباس قال ان امرأة جاءت بابن لها

بغوی نے شرح السنہ میں ۔ اور روایت ہے ابن عباس رضہ سے کہ کہا تحقیق ایک عورت لائی اپنی بیٹے کو

الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالت يا رسول الله ان ابني به جنون وانه

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا یا رسول اللہ تحقیق بیٹے میرے کو جنون ہے اور تحقیق جنون

ليأخذه عند غدائنا وعشائنا فمسح رسول الله صلى الله عليه وسلم صدره

البتہ پکڑتا ہے اوسکو وقت کہانے طعام صبح شام کے پس پہیرا ہاتہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اوسکے سینہ پر

ودعا فثع ثعة وخرج من جوفه مثل الجرو الاسود يسعى رواه

اور دعا کی پس قی کی اوس لڑکے نے قی کرنی اور نکلا اوسکے پیٹ سے ایک شے مانند کتے کے پلے سیاہ کے دوڑتا ہوا روایت کی یہ

الدارمي وعن انس قال جاء جبريل الى النبي صلى الله عليه وسلم وهو جالس

دارمی نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہا آئے جبرئیل پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور آنحضرت بیٹھے ہوئے تھے

حزين قد تخضب بالدم من فعل اهل مكة فقال يا رسول الله هل

غمگین اسی الیمن کہ تحقیق رنگین ہو رہے تھے آنحضرت ساتھ خون کے سبب کردار اہل مکہ کے پس کہا جبرئیل نے یا رسول اللہ کیا

تحب ان نريك اية قال نعم فنظر الى شجرة من ورائه فقال ادع بها

چاہتے ہو کہ دکہلاوین ہم تمکو ایک نشان معجزہ فرمایا حضرت نے ہاں پس دیکہا جبرئیل نے طرف ایک درخت کے پیچہے اونکے پس کہا

فدعا بها فجاءت فقامت بين يديه فقال مرها فلترجع فامرها

پس بلایا آنحضرت نے اوسکو پس آیا اور کہڑا رہا روبرو حضرت کے پس کہا جبرئیل نے کہ حکم کرو اوسکو تا پہر جاوے پس حکم کیا اوسکو

فرجعت فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم حسبي حسبي رواه الدارمي

پس پہر گیا پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بس کفایت ہے مجکو کفایت ہے مجکو روایت کی یہ دارمی نے

وعن ابن عمر رض قال كنا مع النبي صلى الله عليه وسلم في سفر فاقبل اعرابي فلما

اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہا تھے ہم ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک سفر میں پس آیا ایک گنوار پس جبکہ

دنا قال له رسول الله صلى الله عليه وسلم تشهد ان لا اله الا الله وحده لا

نزدیک ہوا فرمایا اوسکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا گواہی دیتا ہی تو اس بات کی کہ نہیں کوئی معبود سوا اللہ کے اکیلا

شريك له وان محمدا عبده ورسوله قال ومن يشهد على ما

نہیں شریک اوسکا اور اس بات کی کہ محمد بندہ اوسکا ہے اور رسول اوسکا کہا گنوار نے اور کون گواہی دیگا اوپر اس چیز کے

تقول قال هذه السلمة فدعاها رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو

کہ تو کہتا ہے فرمایا حضرت صلعم نے یہ درخت کیکر کا پس بلایا اوسکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اور تھے حضرت

بشاطئ الوادي فاقبلت تخد الارض حتى قامت بين يديه فاستشهدها

کنارے پر نالے کے کھڑے ہوئے پس آیا وہ درخت پھاڑتا ہوا زمین کو یہانتک کہ کھڑا ہوا روبرو حضرت کے پس گواہی طلب کی اوسکی

ثلثا فشهدت ثلثا انه كما قال ثم رجعت الى منبتها رواه الدارمي

تین بار پس گواہی دی درخت نے تین بار کہ واقع میں اسطرح ہے کہ جیسے حضرت نے کہا پھر پھر گیا طرف جگہ اپنی کے روایت کی دارمی نے

وعن ابن عباس قال جاء اعرابي الى رسول الله صلى الله عليه وسلم قال بما

اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا آیا ایک گنوار پاس رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا کس دلیل سے

اعرف انك نبي قال ان دعوت هذا العذق من هذه النخلة يشهد

جانوں میں کہ تم نبی ہو فرمایا آنحضرت نے اس دلیل سے جان کہ بلاؤں میں اس خوشہ کو اس کھجور کے درخت میں سے گواہی دیگا

اني رسول الله فدعاه رسول الله صلى الله عليه وسلم فجعل ينزل من النخلة حتى

کہ میں رسول خدا کا ہوں پس بلایا اوسکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پس اوترنے لگا وہ خوشہ کھجور سے یہانتک کہ

سقط الى النبي صلى الله عليه وسلم قال ارجع فعاد فاسلم الاعرابي رواه الترمذي

گر گرا وہ زمین پر طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر فرمایا حضرت نے پھر جا پس چلا گیا وہ پس اسلام لایا وہ اعرابی روایت کی یہ

وصححه وعن ابي هريرة قال جاء ذئب الى راعي غنم فاخذ منها شاة

اور صحیح کہا اسکو اور روایت ہے ابو ہریرہ رض سے کہا آیا ایک بھیڑیا طرف چرواہے ریوڑ کے پس لی بھیڑئیے نے ریوڑ میں سے ایک بکری

فطلبه الراعي حتى انتزعها منه قال فصعد الذئب على تل فاقعى

پس ڈھونڈا اوس بھیڑیے کو چرواہے نے یہانتک کہ چھڑا لیا بکری کو بھیڑیے کے منہ سے کہا ابوہریرہ نے پس چڑھ گیا بھیڑیا ایک ٹیلے پر پس بیٹھا

استثفر وقال قد عمدت الى رزق رزقنيه الله اخذته ثم انتزعته

واخل کی درمیان دونوں پانوں کے اور کہا بھیڑیئے نے تحقیق قصد کیا میں نے طرف رزق کی کہ دیا مجھکو وہ رزق اللہ نے پکڑا تھا میں نے

مني فقال الرجل تالله ان رأيت كاليوم ذئب يتكلم فقال الذئب

مجھ سے پس کہا اوس شخص نے قسم ہے اللہ کی نہیں دیکھا میں نے اعجوبہ مانند اعجوبہ آجکے دن کہ بھیڑیا بولتا ہو پس کہا بھیڑیئے نے

اعجب من هذا رجل في النخلات بين الحرتين يخبركم بما مضى

عجیب تر اس حال سے ایک شخص کا ہے بیچ کھجور کے درختوں کے کہ واقع ہیں درمیان دو سنگستان کے خبر دیتا ہے تمکو اون چیزوں کی

وما هو كائن بعدكم قال فكان الرجل يهوديا فجاء الى النبي صلى الله

اور اون چیزوں کی کہ ہونیوالی ہیں بعد تمہارے کہا ابو ہریرہ نے پس تھا وہ شخص چرواہا قوم یہود سے پس آیا وہ نبی صلی اللہ

عليه وسلم فاخبره واسلم فصدقه النبي صلى الله عليه وسلم ثم قال النبي صلى الله عليه وسلم

علیہ وسلم کے پاس اور خبر دی اونکو اور اسلام لایا پس باور کیا اوسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

انها امارات بين يدي الساعة قد اوشك الرجل ان يخرج فلا

کہ یہ حالت اور مانند اسکی علامتیں ہیں پہلے قیامت کی تحقیق قریب ہے شخص کہ باہر نکلیگا پس نہ

يرجع حتى يحدثه نعلاه وسوطه بما احدث اهله بعده رواه في

پھریگا اپنے گھر کو یہاں تک کہ خبر دینگے اوسکو پاپوشیں اور کوڑا اوسکا اوس امر کی کہ احداث کیا ہوگا اوسکے گھروالوں نے پیچھے اوسکے

شرح السنة وعن ابي العلاء عن سمرة بن جندب قال كنا

شرح السنہ میں - اور روایت ہے ابی العلاء سے کہ روایت کی سمرہ بن جندب صحابی سے کہ کہا تھے ہم

مع النبي صلى الله عليه وسلم نتداول من قصعة من غدوة حتى الليل يقوم

ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نوبت بنوبت کہاتے ایک بڑے پیالہ میں سے صبح سے رات تک اوٹھتے

عشرة ويقعد عشرة قلنا فمما كانت تمد قال من اي شيء تعجب

دس کہا کر اور بیٹھتے دس کہا ہمنے پس کیا چیز تھی کہ مدد کیا جاتا تھا پیالہ اور سے کہا سمرہ نے کس چیز سے

ما كانت تمد الا من ههنا واشار بيده الى السماء رواه الترمذي

نہ تھا مدد کیا جاتا مگر اس جگہ سے اور اشارہ کیا ساتھ ہاتھ اپنے کے طرف آسمان کی روایت کی یہ ترمذی

والدارمي وعن عبد الله بن عمرو ان النبي صلى الله عليه وسلم خرج يوم

اور دارمی نے - اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نکلے دن

بدرٍ فی ثلثمائة وخمسة عشر قال اللهم انهم حفاة فاحملهم اللهم

غزوہ بدر کے تین سو پندرہ آدمیوں میں دعا کی آنحضرت صلعم نے خداوندا یہ ننگے پانوں ہیں پس سواری دے تو انکو یا الٰہی

انهم عراة فاكسهم اللهم انهم جياع فاشبعهم ففتح الله له فانقلبوا

تحقیق یہ ننگے بدن ہیں پس لباس دے تو انکو یا الٰہی تحقیق یہ بھوکے ہیں پس سیر کر تو انکو پس فتح دی اللہ نے آنحضرت کو

وما منهم رجل الا وقد رجع بجمل او جملين واكتسوا وشبعوا رواه

اسحالیکہ نہیں تھا ان میں سے کوئی شخص مگر حال یہ تھا کہ پھرا ساتھ ایک اونٹ اور دو اونٹ کے اور کپڑے پہنے اور سیر ہوئے

ابو داود وعن ابن مسعود عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال انكم

ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے ابن مسعود سے اونے روایت کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آنحضرت نے تحقیق

منصورون ومصيبون ومفتوح لكم فمن ادرك ذلك منكم فليتق

مدد کیے جاؤ گے اور البتہ پاؤ گے غنیمت اور فتح کیے جاوینگے تمہارے لیے پس جو شخص کہ پاوے یہ تم میں سے پس چاہیے کہ ڈرے

الله وليامر بالمعروف ولينه عن المنكر رواه ابو داود وعن جابر

اللہ سے اور چاہیے کہ حکم کرے ساتھ بھلائی کے اور منع کرے بری بات سے روایت کی یہ ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے جابر سے

ان يهودية من اهل خيبر سمت شاة مصلية ثم اهدتها

کہ تحقیق ایک عورت یہودیہ نے اہل خیبر میں سے زہر ملایا بکری بھنی ہوئی میں پھر تحفہ لائی اوسکو

لرسول الله صلى الله عليه وسلم فاخذ رسول الله صلى الله عليه وسلم الذراع فاكل منها

روبرو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس لیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دست اور کھایا اوس میں سے

واكل رهط من اصحابه معه فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ارفعوا

اور کھایا ایک جماعت نے حضرت صلعم کے یاروں میں سے ساتھ حضرت صلعم کے پھر فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اوٹھا لو

ايديكم وارسل الى اليهودية فدعاها فقال سممت هذه الشاة

ہاتھ اپنے اور بھیجا ایک آدمی کو طرف یہودیہ کے پس بلایا اوسکو پس فرمایا حضرت صلعم نے کہ زہر ملایا ہے تو نے اس بکری میں

فقالت من اخبرك قال اخبرتني هذه في يدي للذراع قالت

پس کہا یہودیہ نے کہ کسنے خبر دی تمکو فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ خبر دی مجکو اسنے کہ میرے ہاتھ میں ہے فرمایا یہ اشارہ کر کر طرف دست کے

نعم قلت ان كان نبيا فلن تضره وان لم يكن نبيا استرحنا منه

کہا ہاں کہا میں نے اگر ہے محمد نبی تو ہرگز نہیں ضرر کرے گی یہ بکری زہر آلودہ اور اگر نہیں ہے وہ پیغمبر تو آرام پاویں گے ہم اوس سے

فعفا عنها رسول الله صلى الله عليه وسلم ولم يعاقبها وتوفي أصحابه الذين

پس درگذر کیا اوس عورت سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اور سزا نہ دی اوسکو اور مر گئے وہ اصحاب حضرت کے

أكلوا من الشاة واحتجم رسول الله صلى الله عليه وسلم على كاهله من أجل

کہ کھایا تھا اونہوں نے اوس بکری مین سے اور پچھنے لیے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے درمیان مونڈھوں اپنے کے سبب

الذي أكل من الشاة حجمه أبو هند بالقرن والشفرة وهو

اوس گوشت کے کہ کھایا بکری زہر آلودہ مین سے پچھنے لگائی اونکو ابوہند نے ساتھ شاخ کے اور چھری چھوٹی کی اور وہ

مولى لبني بياضة من الأنصار رواه أبو داود والدارمي وعن

غلام آزاد تھا بنی بیاضہ کا ایک قبیلہ ہے انصار میں سے روایت کی یہ ابو داؤد اور دارمی نے اور روایت ہے

سهل بن الحنظلية أنهم ساروا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم حنين

سہل بن حنظلیہ سے کہ تحقیق صحابہ چلے ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے دن حنین کے

فأطنبوا السير حتى كان عشية فجاء فارس فقال يا رسول الله إني

پس بہت دراز کیا چلنا یہانتک کہ ہوا وقت رات کا پس آیا ایک سوار اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ تحقیق میں

طلعت على جبل كذا وكذا فإذا أنا بهوازن على بكرة أبيهم بظعنهم

چڑھا تھا اوپر پہاڑ ایسے اور ایسے کے پس ناگہاں دیکھا مینے ہوازن کو کہ بڑا قبیلہ ہے اور تکہ اونٹ باپ اپنے کے ساتھ

ونعمهم اجتمعوا إلى حنين فتبسم رسول الله صلى الله عليه وسلم وقال تلك غنيمة

اور چارپایوں اپنے کے جمع ہوئے ہین طرف حنین کے پس مسکرائے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور فرمایا کہ یہ غنیمت ہے

المسلمين غدا إن شاء الله ثم قال من يحرسنا الليلة قال أنس بن

مسلمانوں کی کل کو اگر چاہے اللہ تعالی پھر فرمایا کون شخص محافظت کریگا ہماری آج کی رات کہا انس بن

أبي مرثد الغنوي أنا يا رسول الله قال اركب فركب فرسا له فقال

ابی مرثد غنوی نے کہ میں یا رسول اللہ فرمایا حضرت نے کہ سوار ہو پس سوار ہوئے وہ اپنے گھوڑے پر پس

استقبل هذا الشعب حتى تكون في أعلاه فلما أصبحنا خرج رسول

کہ متوجہ ہو اس راہ کو کہ پہاڑ مین ہے یہانتک کہ ہووے تو بیچ بلندی اوس پہاڑ کے پس جبکہ صبح کی ہمنے نکلے رسول

الله صلى الله عليه وسلم إلى مصلاه فركع ركعتين ثم قال هل حسستم فارسكم

خدا صلی اللہ علیہ وسلم طرف جگہ نماز اپنی کے پس پڑھین آنحضرت نے دو رکعتین پھر فرمایا حضرت نے کہ کیا معلوم کیا تمنے اپنے

فقال رجل يا رسول الله ما حسسنا فثوب بالصلوة فجعل رسول

پس کہا ایک شخص نے یا رسول اللہ نہیں پس تکبیر کہی گئی نماز فجر کی پس شروع کیا رسول

الله صلى الله عليه وسلم وهو يصلي يلتفت الى الشعب حتى اذا قضى الصلوة

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بحالت نماز میں دیکھنا کنکھیوں سے طرف اوس درہ پہاڑ کے یہانتک کہ جب پڑھ چکے حضرت نماز

قال ابشروا فقد جاء فارسكم فجعلنا ننظر الى خلال الشجر في الشعب

فرمایا خوش ہوؤ پس تحقیق آیا سوار تمہارا پس شروع کیا ہمنے دیکھنا درمیان درختوں کے بیچ درہ پہاڑ کے

فاذا هو قد جاء حتى وقف على رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال

پس ناگہاں وہ سوار آیا یہانتک کہ کھڑا ہوا سامنے روبرو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس کہا

اني انطلقت حتى كنت في اعلى هذا الشعب حيث امرني رسول الله

تحقیق میں روانہ ہوا یہانتک کہ پہنچا میں اوپر بلندی اس درہ پہاڑ کے جہاں کہ حکم فرمایا تھا مجکو رسول خدا

صلى الله عليه وسلم فلما اصبحت طلعت الشعبين كليهما فلم ار احدا فقال

صلی اللہ علیہ وسلم نے پس جبکہ صبح کی میں نے آیا میں دونوں درون پہاڑ کی میں پس نہ دیکھا میں نے کسیکو پس فرمایا

له رسول الله صلى الله عليه وسلم هل نزلت الليلة قال لا الا مصليا او قاضي

انس بن ابی مرثد کو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کیا اترا تھا تو آجکی رات کہا کہ نہیں اترا میں مگر نماز پڑھنے کے لیے یا استنجا

حاجة قال رسول الله صلى الله عليه وسلم فلا عليك ان لا تعمل بعدها رواه

فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پس نہیں تجھپر حرج اسمیں کہ نہ عمل کرے تو بعد اس شب کے روایت کی یہ

ابوداود وعن ابي هريرة قال اتيت النبي صلى الله عليه وسلم بتمرات فقلت

ابوداود نے — اور روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے کہ کہا لایا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کتنی ایک کھجوریں پس کہا میں نے

يا رسول الله ادع الله فيهن بالبركة فضمهن ثم دعا لي فيهن بالبركة

یا رسول اللہ دعا کیجیے انمیں اللہ سے ساتھ برکت کی پس ملایا انکو حضرت صلعم نے پھر دعا کی حضرت صلعم نے میرے لیے انمیں [illegible]

قال خذهن فاجعلهن في مزودك كلما اردت ان تاخذ منه

فرمایا کہ لے انکو پس رکھ انکو توشہ دان میں جب چاہے تو کہ لیوے اسمیں سے

شيئا فادخل فيه يدك فخذه ولا تنثره نثرا فقد حملت من ذلك

کچھ پس داخل کر توشہ دان میں ہاتھ اپنا پس لے کھجور اسمیں سے اور نہ جھاڑ تو اوسکو جھاڑنا پس تحقیق [illegible]

التمر كذا وكذا من وسق في سبيل الله فكنا نأكل منه ونطعم وكان

کہجوروں مین سے اتنی اور اتنی وسق راہ خدا مین پس تہے ہم کہاتے اونمین سے اور کہلاتے اور تہا

لا يفارق حقوي حتى كان يوم قتل عثمان رض فإنه انقطع رواه الترمذي

نہ جدا ہوتا میری کمر سے یہانتک کہ ہوا دن شہید ہوئے حضرت عثمان رضی کا پس تحقیق وہ توشہ دان کہل پڑا روایت کی

الفصل الثالث عن ابن عباس قال تشاورت قريش ليلة

فصل تیسری - روایت ہے ابن عباس رض سے کہا مشورت کیا قریش نے ایک رات

بمكة فقال بعضهم إذا أصبح فأثبتوه بالوثاق يريدون النبي صلى الله عليه وسلم

مکہ مین پس کہا بعضوں نے اونمین سے جب صبح ہو پس باندہو اوسکو ساتھ بندہن کے یعنی نبی صلعم کو

فقال بعضهم بل اقتلوه وقال بعضهم بل أخرجوه فأطلع الله نبيه

اور کہا بعضے مشرکین نے بلکہ مار ڈالو اوسکو اور کہا بعضوں نے بلکہ نکالدو اوسکو پس مطلع کیا خدا تعالی نے اپنے نبی کو

صلى الله عليه وسلم على ذلك فبات علي رض على فراش النبي صلى الله عليه وسلم تلك

صلی الله علیہ وسلم اس مشورہ پر پس رات گذاری علی رضی نے اوپر بچہونے نبی صلی الله علیہ وسلم کے اوس

الليلة وخرج النبي صلى الله عليه وسلم حتى لحق بالغار وبات المشركون يحرسون

رات اور نکلے نبی صلے الله علیہ وسلم یہانتک کہ پہنچے غار ثور پر اور رات گذاری مشرکون نے نگہبانی کرتے

عليا يحسبونه النبي صلى الله عليه وسلم فلما أصبحوا ثاروا إليه فلما رأوا عليا

علی رضی کی گمان کرتے تہے علی رضی کو نبی صلی الله علیہ وسلم پس جب صبح کی شتابی سے حملہ کیا اونہوں نے اوسپر پس جبکہ دیکہا علی کو

رد الله مكرهم فقالوا أين صاحبك هذا قال لا أدري فاقتصوا

رد کی الله تعالی نے بدخواہی اونکی پس کہا اونہوں نے کہاں گیا یہ یار تیرا کہا علی رض نے کہ نہیں جانتا مین پس کہوج مین لگے

أثره فلما بلغوا الجبل اختلط عليهم فصعدوا الجبل فمروا

حضرت صلعم کی پس جب پہنچے مشرک جبل ثور کو تو مشتبہ ہوا اونپر نشان قدم پس چڑہے وہ پہاڑ پر پس گذرے

بالغار فرأوا على بابه نسج العنكبوت فقالوا لو دخل ههنا لم يكن

غار پر پس دیکہا اونہوں نے غار کے دروازہ پر جالا مکڑی کا پس کہا مشرکون نے اگر داخل ہوتے محمد یہاں تو نہ ہوتا

نسج العنكبوت على بابه فمكث فيه ثلاث ليال رواه أحمد وعن

جالا مکڑی کا اوسکے دروازہ پر پس ٹہہرے آنحضرت صلعم غار مین تین رات دن روایت کی یہ احمد نے۔ اور روایت ہے

ابی هریرة قال لما فتحت خیبر اهدیت لرسول الله صلی الله علیه وسلم شاة فیها

ابو ہریرہ رض سے کہا جبکہ فتح کیا گیا خیبر بھیجی گئی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے بکری بھنی ہوئی کہ اوس میں

سم فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم اجمعوا الی من کان ههنا من الیهود

زہر تھا پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جمع کرو میرے لیے جو ہوں اس جگہ یہودیوں میں سے

فجمعوا له فقال لهم رسول الله صلی الله علیه وسلم انی سائلکم عن شیء فهل

پس جمع کیا حضرت کے لیے یہود کو پس فرمایا واسطے اونکے رسول خدا صلعم نے کہ تحقیق میں پوچھتا ہوں تم سے حال ایک چیز کا پس آیا

انتم مصدقی عنه قالوا نعم یا ابا القاسم فقال لهم رسول الله صلی

ہو تم باور کرنیوالے میری کہا اونہوں نے ہاں اے ابا القاسم پس فرمایا اونکے لیے رسول خدا صلی اللہ

علیه وسلم من ابوکم قالوا فلان قال کذبتم بل ابوکم فلان قالوا صدقت

علیہ وسلم نے کہ کون ہے باپ تمہارا کہا یہود نے کہ فلانا فرمایا حضرت نے جھوٹ بولے تم بلکہ باپ تمہارا فلانا شخص ہے کہا یہود نے

وبررت قال فهل انتم مصدقی عن شیء ان سألتکم عنه قالوا نعم

اور خوب کہا تم نے فرمایا حضرت نے پس آیا باور کروگے تم میری خبر دینے کو ایک چیز سے اگر سوال کروں میں تم سے اوس چیز سے کہا یہود نے ہاں

یا ابا القاسم وان کذبناک عرفت کما عرفته فی ابینا فقال لهم من

اے ابو القاسم اور اگر جھوٹ بولیں ہم تم سے پہچان لوگے تم جھوٹ ہمارا جیسا کہ پہچان لیا تمنے اوسکو بیچ مقدمہ باپ ہمارے کے پس

اهل النار قالوا نکون فیها یسیرا ثم تخلفونا فیها قال رسول الله

دوزخی کہا اونہوں نے کہ رہیں گے ہم دوزخ میں تھوڑے دن پھر خلیفہ ہوگے تم ہمارے اے مسلمانوں دوزخ میں فرمایا رسول خدا

صلی الله علیه وسلم اخسؤوا فیها والله لا نخلفکم فیها ابدا ثم قال هل انتم

صلی اللہ علیہ وسلم نے دور ہو ذلیل ہو کر اوس میں تم قسم ہے اللہ کی نہیں خلیفہ ہونگے ہم تمہارے آگ میں کبھی پھر فرمایا حضرت نے

مصدقی عن شیء ان سألتکم عنه فقالوا نعم یا ابا القاسم قال

کروگے میری خبر دینے کو ایک چیز سے اگر پوچھوں میں تم سے اوس سے پس کہا اونہوں نے ہاں اے ابا القاسم فرمایا

هل جعلتم فی هذه الشاة سما قالوا نعم قال فما حملکم علی ذلک

کیا ملایا ہے تمنے اس بکری میں زہر کہا اونہوں نے ہاں فرمایا حضرت نے کیا باعث ہوا تمکو اسپر

قالوا اردنا ان کنت کاذبا ان نستریح منک وان کنت صادقا لم یضرک

کہا اونہوں نے کہ ارادہ کیا ہم نے کہ اگر ہو تم جھوٹے تو راحت پاویں ہم تم سے اور اگر تم سچے ہو تو نہ ضرر کرے گا تمکو

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ اَخْطَبَ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ

روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے عمرو بن اخطب انصاری سے کہا نماز پڑھائی ہمکو رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا الْفَجْرَ وَصَعِدَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَخَطَبَنَا حَتّٰى حَضَرَتِ الظُّهْرُ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک روز فجر کی اور چڑہے منبر پر پس وعظ فرمایا ہمکو یہانتک کہ آگیا وقت ظہر کی نماز کا

فَنَزَلَ فَصَلّٰى ثُمَّ صَعِدَ الْمِنْبَرَ فَخَطَبَنَا حَتّٰى حَضَرَتِ الْعَصْرُ ثُمَّ نَزَلَ

پہر اترے اور نماز پڑہی ظہر کی پہر چڑہے منبر پر اور خطبہ فرمایا ہمارے لیے یہانتک کہ آیا وقت عصر کی نماز کا پہر اترے

فَصَلّٰى ثُمَّ صَعِدَ الْمِنْبَرَ حَتّٰى غَرَبَتِ الشَّمْسُ فَاَخْبَرَنَا بِمَا هُوَ كَائِنٌ

اور نماز پڑہی عصر کی پہر چڑہے منبر پر یہانتک کہ غروب ہوا آفتاب پس خبر دی ہمکو ساتھ اس چیز کے کہ وہ ہونیوالی ہے

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ قَالَ فَاَعْلَمُنَا اَحْفَظُنَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ مَعْنِ بْنِ

قیامت تک کہا عمرو نے پس داناترین ہمارا بہت یاد رکہنیوالا ہمارا ہے روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے معن بن

عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ سَمِعْتُ اَبِيْ قَالَ سَاَلْتُ مَسْرُوْقًا مَنْ اٰذَنَ النَّبِيَّ

عبد الرحمن تابعی سے کہا معن نے کہ سنا مینے اپنے باپ سے کہ کہا پوچہا مینے مسروق سے کسنے خبر دی نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْجِنِّ لَيْلَةَ اسْتَمَعُوا الْقُرْاٰنَ فَقَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْكَ يَعْنِيْ

صلی اللہ علیہ وسلم کو آنے جنات کی اوس رات کہ سنا تہا اونہوں نے قرآن پس کہا مسروق نے خبر دی مجکو تیرے باپ نے یعنے

عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ اَنَّهٗ قَالَ اٰذَنَتْ بِهِمْ شَجَرَةٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَ

عبد اللہ بن مسعود نے کہ اوسنے کہا کہ خبر دی حضرت کو آنے جنات کی ایک درخت نے متفق علیہ۔ اور

عَنْ اَنَسٍ قَالَ كُنَّا مَعَ عُمَرَ بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ فَتَرَاءَيْنَا الْهِلَالَ وَ

روایت ہے انس رضی اللہ عنہ سے کہا تہے ہم ہمراہ عمر بن الخطاب کے درمیان مکہ اور مدینہ کے پس تلاش کی ہمنے ماہ نو کی دیکہنیکی اور

كُنْتُ رَجُلًا حَدِيْدَ الْبَصَرِ فَرَاَيْتُهٗ وَلَيْسَ اَحَدٌ يَزْعُمُ اَنَّهٗ رَاٰهُ غَيْرِيْ

تہا مین مرد تیز نظر پس دیکہا مینے چاند اور حالانکہ نہین تہا کوئی کہ کہے کہ دیکہا ہے اوسکو سوائے میرے

فَجَعَلْتُ اَقُوْلُ لِعُمَرَ اَمَا تَرَاهُ فَجَعَلَ لَا يَرَاهُ قَالَ يَقُوْلُ عُمَرُ سَاَرَاهُ وَاَنَا

پس شروع کیا مینے کہ کہتا تہا مین عمر رضہ کو کہ کیا نہین دیکہتے تم چاند پس وہ نہین دیکہتے تہے اوسکو کہا انس نے کہتے تہے عمر عنقریب دیکہونگا کہ

مُسْتَلْقٍ عَلٰى فِرَاشِيْ ثُمَّ اَنْشَاَ يُحَدِّثُنَا عَنْ اَهْلِ بَدْرٍ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ

لیٹا ہونگا اپنے بچہونے پر پہر شروع کیا عمر نے کہ حدیث بیان کرتے تہے ہمارے لئے قصے اہل بدر کے کہا عمر نے کہ تحقیق رسول

اللهم اغفر لكاتبه

الله صلى الله عليه وسلم كان يرينا مصارع أهل بدر بالأمس يقول هذا مصرع

خدا صلی اللہ علیہ وسلم تھے کہ دکھاتے تھے ہمکو جگہ پڑنے مشرکون کی ایک روز پہلے لڑائی سے فرماتے تھے حضرت یہ جگہ ہے پڑنے کی

فلان غدا إن شاء الله وهذا مصرع فلان غدا إن شاء الله قال عمر و

فلانیکے ہے کل کو اگر چاہا ہے خدا نے اور یہ جگہ ہے پڑنے فلانے کی ہے کل کو اگر چاہا ہے خدا نے کہا عمر نے قسم

الذي بعثه بالحق ما أخطؤا الحدود التي حدها رسول الله صلى الله عليه

اوس ذات کی کہ بھیجا ہے حضرت کو ساتھ حق کے نہیں خطا کی ہے جانیوالوں نے اون جگہوں سے کہ بیان کیا تھا رسول خدا صلی اللہ

قال فجعلوا في بئر بعضهم على بعض فانطلق رسول الله صلى الله عليه وسلم حتى

کہا پس ڈالے گئے کنوئیں میں بعضے اونکے بعض پر پس چلے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم یہانتک کہ

انتهى إليهم فقال يا فلان بن فلان ويا فلان بن فلان هل وجدتم

پہنچے طرف اونکے پس فرمایا اے فلانے بیٹے فلانیکے اور اے فلانے بیٹے فلانے کے آیا پایا تم نے

ما وعدكم الله ورسوله حقا فإني قد وجدت ما وعدني الله حقا

وہ چیز کہ وعدہ کی تھی اللہ نے اور اوسکے رسول نے پس تحقیق میں نے حق پائی وہ چیز کہ وعدہ کی مجھسے اللہ نے

فقال عمر يا رسول الله كيف تكلم أجسادا لا أرواح فيها فقال ما

پس کہا عمر رضی نے یا رسول اللہ کسطرح کلام کرتے ہو تم بدنوں سے کہ نہیں ہیں روحیں اونمیں پس فرمایا کہ نہیں

أنتم بأسمع لما أقول منهم غير أنهم لا يستطيعون أن يردوا علي شيئا

تم زیادہ سننے والے اوس بات کے کہ کہتا ہوں میں سوا اسکے کہ نہیں طاقت رکھتے یہ کہ جواب دیں مجھکو کچھ

رواه مسلم وعن أنيسة بنت زيد بن أرقم عن أبيها أن النبي

روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے انیسہ بیٹی زید بن ارقم کی سے کہ روایت کرتی ہے اپنے باپ سے یہ کہ نبی

صلى الله عليه وسلم دخل على زيد يعوده من مرض كان به قال ليس عليك من

صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے زید بن ارقم کے پاس عیادت کرتے تھے اونکی بسبب بیماری کے کہ تھی اونکو فرمایا

مرضك بأس ولكن كيف لك إذا عمرت بعدي فعميت قال أحتسب

بیماری تیری سے ڈر ولیکن کیسا حال ہوگا تیرا جسوقت کہ دراز ہوگی عمر تیری پیچھے میرے پس اندھا ہو جاوے گا تو کہا زید نے

وأصبر قال إذن تدخل الجنة بغير حساب قال فعمي بعد ما مات

اور صبر کرونگا حکم پر فرمایا حضرت نے اب داخل ہوگا تو بہشت میں بے حساب کہا راوی نے پس اندھا ہو گیا زید بعد مرنے

النبي صلى الله عليه وسلم ثم رد الله عليه بصره ثم مات وعن اسامة بن

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سلیے پھر پھیری اللہ تعالیٰ نے اسپر بینائی اوسکی پھر مرگیا۔ اور روایت ہے اسامہ بیٹے

زيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من تقول علي ما لم اقل فليتبوأ

زید کے سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ جھوٹ بولے مجھپر کہ نہیں کہی میں نے پس چاہیے کہ تیار کرے

مقعده من النار وذلك انه بعث رجلا فكذب عليه فدعا عليه

جگہ اپنی آگ دوزخ سے اور یہ اسلیے کہ آنحضرت صلعم نے بھیجا ایک شخص کو پس جھوٹ باندھا اوسنے حضرت صلعم پر پس

رسول الله صلى الله عليه وسلم فوجد ميتا وقد انشق بطنه ولم تقبله

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پس پایا گیا وہ شخص مردہ اسحال میں کہ تحقیق پھٹ گیا تھا پیٹ اوسکا اور نہ قبول کیا اوسکو

الارض رواهما البيهقي في دلائل النبوة وعن جابر ان رسول الله

زمین نے روایت کیں یہ دونوں حدیثیں بیہقی نے کتاب دلائل النبوۃ میں۔ اور روایت ہے جابر رضی اللہ عنہ سے کہ تحقیق رسول خدا

صلى الله عليه وسلم جاءه رجل يستطعمه فاطعمه شطر وسق شعير فما زال

صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا ایک شخص کہ طعام طلب کرتا تھا حضرت سے پس دیا اوسکو آنحضرت صلعم نے آدھا وسق جو کا پس ہمیشہ رہا وہ

الرجل ياكل منه وامرأته وضيفهما حتى كاله ففني فاتى النبي صلى الله عليه وسلم

شخص کھاتا اوس میں سے اور کھاتی بیوی اوسکی بھی اور مہمان اونکا یہانتک کہ ناپا اوسنے اوسکو پس تمام ہوگیا جلدی پس

فقال لو لم تكله لاكلتم منه ولقام لكم رواه مسلم وعن عاصم

پس فرمایا حضرت صلعم نے اگر نہ ناپتا تو اوسکو تو البتہ کھاتے رہتے تم اوس میں سے اور البتہ باقی رہتا وہ تمہارے لیے روایت کی یہ مسلم نے اور روایت ہے

ابن كليب عن ابيه عن رجل من الانصار قال خرجنا مع رسول الله صلى

بن کلیب سے کہ روایت کی اپنے باپ سے اوسنے نقل کی ایک شخص سے انصار میں سے کہ کہا نکلے ہم ہمراہ پیغمبر خدا صلی اللہ

الله عليه وسلم في جنازة فرأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو على القبر يوصي

علیہ وسلم کے واسطے نماز جنازہ کے پس دیکھا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو اس حال میں کہ وہ بیٹھے تھے پاس قبر کے وصیت کرتے تھے

الحافر يقول اوسع من قبل رجليه اوسع من قبل رأسه فلما رجع

گورکن کو فرماتے تھے فراخ کر بیت کو پاؤں کیطرف سے اور فراخ کر اوسکو سر کی جانب سے پس جبکہ پھرے آنحضرت صلعم

استقبله داعي امرأته فاجاب ونحن معه فجيء بالطعام فوضع يده

سامنے سے آیا حضرت صلعم کی دعوت کرنیوالا طعام کی اوس میت کی بیوی کیطرف سے پس قبول کی حضرت نے دعوت اوسکی اور گئے اوسکے گھر میں اور ہم

ثُمَّ وَضَعَ الْقَوْمُ فَأَكَلُوا فَنَظَرْنَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلُوكُ لُقْمَةً

پھر رکھو قوم نے ہاتھ اپنے پس کہایا قوم نے طعام پس دیکھا ہمنے طرف رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ چباتے ہیں لقمہ کو

فِي فِيهِ ثُمَّ قَالَ أَجِدُ لَحْمَ شَاةٍ أُخِذَتْ بِغَيْرِ إِذْنِ أَهْلِهَا فَأَرْسَلَتِ

انکے دہن مبارک میں پھر فرمایا آپنے کہ پاتا ہوں میں یہ گوشت ایسی بکری کا کہ لیگئی ہے بے اجازت مالک اوسکے پس بہیجا

الْمَرْأَةُ تَقُولُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي أَرْسَلْتُ إِلَى النَّقِيعِ وَهُوَ مَوْضِعٌ يُبَاعُ فِيهِ

اوس عورت نے کسیکو حضرت کے پاس حالیکہ کہتی تھی یا رسول اللہ تحقیق میں نے بہیجا تھا خادم کو طرف نقیع کے اور نقیع ایک موضع ہے کہ بیچی جاتی ہیں

الْغَنَمُ لِيَشْتَرِيَ لِي شَاةً فَلَمْ تُوجَدْ فَأَرْسَلْتُ إِلَى جَارٍ لِي قَدِ اشْتَرَى شَاةً

بکریاں تاکہ خرید کر لاوے میرے لیے ایک بکری پس پائی گئی بکری پس بہیجا میں نے کسیکو پاس ہمسایہ اپنے کے کہ تحقیق خرید کی تھی اوسنے ایک بکری

أَنْ يُرْسِلَ بِهَا إِلَيَّ بِثَمَنِهَا فَلَمْ يُوجَدْ فَأَرْسَلْتُ إِلَى امْرَأَتِهِ فَأَرْسَلَتْ

کہ بہیجدے اوس بکری خرید کی ہوئی کو ساتہ مول اوسکے پس پایا گیا ہمسایہ پس بہیجا میں نے ہمسایہ کی بیوی کے پاس پس بہیجدی اوسنے

إِلَيَّ بِهَا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَطْعِمِي هٰذَا الطَّعَامَ الْأُسَارَى رَوَاهُ

طرف میری وہ بکری پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ کہلاوے یہہ طعام قیدیوں کو روایت کیا یہ

أَبُو دَاوُدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي دَلَائِلِ النُّبُوَّةِ وَعَنْ حِزَامِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ

ابوداؤد نے اور بیہقی نے دلائل النبوۃ میں ۔ اور روایت ہے حزام بیٹے ہشام سے کہ اونسے نقل کی انہوں نے باپ

عَنْ جَدِّهِ حُبَيْشِ بْنِ خَالِدٍ وَهُوَ أَخُو أُمِّ مَعْبَدٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اونسے روایت کی یہ حزام کے دادا سے کہ نام اوسکا حبیش بن خالد ہے اور حبیش بھائی ہے ام معبد کا روایت کرتا ہے حبیش یہ کہ رسول خدا ص

حِينَ أُخْرِجَ مِنْ مَكَّةَ خَرَجَ مُهَاجِرًا إِلَى الْمَدِينَةِ هُوَ وَأَبُو بَكْرٍ وَمَوْلَى

جسوقت کہ حکم کیے گئے نکلنے کا مکہ سے نکلے ہجرت کرنیوالے مکہ سے طرف مدینہ کے آنحضرت اور ابوبکر اور غلام آزاد

أَبِي بَكْرٍ عَامِرُ بْنُ فُهَيْرَةَ وَدَلِيلُهُمَا عَبْدُ اللّٰهِ اللَّيْثِيُّ مَرُّوا عَلَى خَيْمَتَيْ أُمِّ

ابی بکر کا عامر بن فہیرہ اور رہبر آنحضرت اور ابی بکر کا عبد اللہ لیثی گذرے اوپر دو خیموں ام

مَعْبَدٍ فَسَأَلُوهَا لَحْمًا وَتَمْرًا لِيَشْتَرُوا مِنْهَا فَلَمْ يُصِيبُوا عِنْدَهَا شَيْئًا

معبد کے پس طلب کیا گوشت اور خرما تاخریدیں اوس سے پس نہ پایا اوسکے پاس کچھ

مِنْ ذٰلِكَ وَكَانَ الْقَوْمُ مُرْمِلِينَ مُسْنِتِينَ فَنَظَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اسمیں سے اور تھے لوگ بےزاد و بے توشہ قحط زدہ پس دیکھا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

إِلَى شَاةٍ فِي كَسْرِ الْخَيْمَةِ فَقَالَ مَا هٰذِهِ الشَّاةُ يَا أُمَّ مَعْبَدٍ قَالَتْ شَاةٌ

طرف ایک بکری کے کہ خیمہ کی ایک جانب میں تھی پس فرمایا حضرت صلعم نے کہ کیا حال ہے اس بکری کا اے ام معبد کہا ام معبد نے بکری

خَلَّفَهَا الْجَهْدُ عَنِ الْغَنَمِ قَالَ هَلْ بِهَا مِنْ لَبَنٍ قَالَتْ هِيَ أَجْهَدُ مِنْ

چھوڑ رکھا ہے اسکو دبلاپے نے ریوڑ کے ساتھ جانے سے فرمایا حضرت صلعم نے کیا ہے اسکو کچھ دودھ کہا ام معبد نے کہ یہ بکری دور تر اس سے ہے

ذٰلِكَ قَالَ أَتَأْذَنِينَ لِي أَنْ أَحْلُبَهَا قَالَتْ بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي إِنْ رَأَيْتَ بِهَا

کہ ہو اسکو دودھ فرمایا حضرت صلعم نے کیا اذن دیتی ہے تو مجھکو یہ کہ دودھ دوہوں میں اسکا کہا ام معبد نے کہ باپ اور ماں میری فدا آپکی ہوں

حَلَبًا فَاحْلُبْهَا فَدَعَا بِهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَسَحَ بِيَدِهِ ضَرْعَهَا

دودھ تو دوہ لیں پھر طلب کیا بکری کو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اور ہاتھ پھیرا اوسکے تھنوں پر

وَسَمَّى اللّٰهَ تَعَالَى وَدَعَا لَهَا فِي شَاتِهَا فَتَفَاجَّتْ عَلَيْهِ وَدَرَّتْ

اور بسم اللہ کہی اور دعا کی ام معبد کے لیے بکری کے حق میں پس پانوں کھولے بکری نے اور دودھ دیا

وَاجْتَرَّتْ فَدَعَا بِإِنَاءٍ يُرْبِضُ الرَّهْطَ فَحَلَبَ فِيهِ ثَجًّا حَتّٰى عَلَاهُ الْبَهَاءُ

اور جگالی کرنے لگی پس منگوایا حضرت صلعم نے ایسا باسن کہ سیراب کرے ایک گروہ کو پھر دوہا بیچ اوس کے دودھ بہتا ہوا یہانتک

ثُمَّ سَقَاهَا حَتّٰى رَوِيَتْ وَسَقَى أَصْحَابَهُ حَتّٰى رَوُوا ثُمَّ شَرِبَ آخِرَهُمْ

پھر پلایا ام معبد کو یہانتک کہ سیراب ہوئی اور پلایا ساتھیوں اپنے کو یہانتک کہ سیراب ہوئے پھر پیا حضرت صلعم نے سب کے آخر

ثُمَّ حَلَبَ فِيهِ ثَانِيًا بَعْدَ بَدْءٍ حَتّٰى مَلَأَ الْإِنَاءَ ثُمَّ غَادَرَهُ عِنْدَهَا

پھر دوہا اوسمیں دوسری بار بعد پہلی بار کے یہانتک کہ بھرا باسن پھر باقی چھوڑا دودھ ام معبد کے پاس

وَبَايَعَهَا وَارْتَحَلُوا عَنْهَا رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَابْنُ عَبْدِ الْبَرِّ فِي

اور بیعت لی آنحضرت صلعم نے ام معبد سے اسلام پر اور کوچ کیا ام معبد کے پاس سے روایت کی یہ شرح السنہ میں اور ابن عبد البر نے

الْاِسْتِيعَابِ وَابْنُ الْجَوْزِيِّ فِي كِتَابِ الْوَفَاءِ وَفِي الْحَدِيثِ قِصَّةٌ

استیعاب میں اور ابن جوزی نے کتاب الوفا میں اور حدیث میں قصہ طویل ہے

بَابُ الْكَرَامَاتِ الْفَصْلُ الْأَوَّلُ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ أُسَيْدَ

باب ہے بیچ بیان کرامتوں کے — فصل پہلی — روایت ہے انس رضی اللہ عنہ سے یہ کہ اسید

ابْنَ حُضَيْرٍ وَعَبَّادَ بْنَ بِشْرٍ تَحَدَّثَا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَاجَةٍ

بن حضیر اور عباد بن بشر باتیں کر رہے تھے نزدیک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بیچ کسی حاجت کے

لهما حتى ذهب من الليل ساعة في ليلة شديدة الظلمة ثم

کرتے رہے ان دونوں تک یہاں تک کہ گئی رات میں سے ایک ساعت بیچ رات نہایت اندھیری کے پھر

خرجا من عند رسول الله صلى الله عليه وسلم ينقلبان وبيد كل واحد

باہر نکلے وہ دونوں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے اس حال میں کہ پھرے وہ طرف گھر اپنے کی اور بیچ ہاتھ ہر ایک کے

منهما عصية فأضاءت عصا أحدهما لهما حتى مشيا في ضوءها

اون میں سے لاٹھیاں تھیں پس روشن ہوئی لاٹھی ایک کی اون دونوں میں سے واسطے دونوں کے یہاں تک کہ چلے دونوں بیچ روشنی اوس

حتى إذا افترقت بهما الطريق أضاءت للآخر عصاه فمشى كل واحد

یہاں تک کہ جب جدا ہوئی راہ دونوں کی روشن ہوئی دوسرے کے لیے بھی لاٹھی اوسکی پس چلا ہر ایک

منهما في ضوء عصاه حتى بلغ أهله رواه البخاري وعن جابر قال

اون دونوں میں سے بیچ روشنی لاٹھی اپنی کے یہاں تک کہ پہنچا ہر ایک اپنے اہل میں روایت کی یہ بخاری نے - اور روایت ہے جابر رضی اللہ عنہ سے کہا

لما حضر أحد دعاني أبي من الليل فقال ما أراني إلا مقتولا في أول

جب پیش آئی جنگ احد بلایا مجھکو میرے باپ نے بعض رات میں پس کہا نہیں گمان کرتا میں اپنے تئیں مگر مارا گیا بیچ اول

من يقتل من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وإني لا أترك بعدي أعز علي منك

اون لوگوں کے کہ مارے جاوینگے آنحضرت صلعم کے یاروں میں سے اور تحقیق میں نہیں چھوڑتا ہوں پیچھے اپنے کسی کو عزیز زیادہ ہو میرے نزدیک

غير نفس رسول الله صلى الله عليه وسلم وإن علي دينا فاقض واستوص

سوائے ذات مبارک رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور تحقیق مجھ پر ہے قرض پس ادا کرنا اور قبول کر وصیت بیچ

بأخواتك خيرا فأصبحنا فكان أول قتيل ودفنته مع آخر في قبر

اپنی بہنوں کے خوبی کے ساتھ پس صبح کی ہم نے پس تھا وہ اول قتیل کیا گیا اور دفن کیا میں نے اوسکو ساتھ ایک اور شخص کے

رواه البخاري وعن عبد الرحمن بن أبي بكر رض قال إن أصحاب الصفة

روایت کی یہ بخاری نے - اور روایت عبد الرحمان بن ابی بکر رض سے کہ کہا تحقیق صحاب صفہ

كانوا أناسا فقراء وإن النبي صلى الله عليه وسلم قال من كان عنده طعام

تھے فقیر لوگ اور تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کے پاس ہو طعام

اثنين فليذهب بثالث ومن كان عنده طعام أربعة فليذهب

دو شخصوں کا پس چاہیے کہ لیجاوے تیسرے شخص کو اور جسکو پاس ہو طعام چار شخصوں کا پس چاہیے کہ لیجاوے

بخامس او سادس وان ابا بكر جاء بثلثة وانطلق النبي صلى الله عليه وسلم

پانچویں کو یا چھٹے کو اور تحقیق ابوبکر رضہ لائے تین شخصوں کو اور لیگئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم

بعشرة وان ابا بكر تعشى عند النبي صلى الله عليه وسلم ثم لبث حتى صليت

دس شخصوں کو اور تحقیق ابوبکر رضہ نے کھایا طعام شب کا نزدیک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر ٹھیرے حضرت کے پاس یہانتک کہ پڑھی گئی

العشاء ثم رجع فلبث حتى تعشى النبي صلى الله عليه وسلم فجاء بعد ما

عشا کی پھر پھرے ابوبکر طرف گھر کی پس ٹھیرے یہانتک کہ کھانا رات کا کھایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پس آئے ابوبکر گھر بعد اس کے کہ

مضى من الليل ما شاء الله قالت له امرأته ما حبسك عن اضيافك

گذرے رات سے اسقدر کہ چاہا اللہ نے کہا ابوبکر رضہ سے اونکی بیوی نے کہ کس چیز نے باز رکھا تجھکو تیرے مہمانوں سے

قال او ما عشيتهم قالت ابوا حتى تجيء فغضب وقال والله لا اطعمه

کہا ابوبکر رضہ نے کیا انہیں طعام کھلایا تو نے مہمانوں کو کہا بیوی نے کہ انکار کیا انہوں نے کھانے سے یہانتک کہ آوے تو پس غصہ ہوئے ابوبکر اور کہا

ابدا فحلفت المرأة ان لا تطعمه وحلف الاضياف ان لا يطعموه

ہرگز پس قسم کھائی ابوبکر رضہ کی بیوی نے کہ نہ کھاویگی وہ طعام کو اور قسم کھائی مہمانوں نے کہ نہیں کھاوینگے اوسکو عوض

قال ابو بكر كان هذه من الشيطان فدعا بالطعام فاكل واكلوا

کہا ابوبکر رضہ نے کہ ہے یہ شیطان سے ہے پس منگایا ابوبکر نے طعام اور کھایا اور انہوں نے اور اونکے اہل و عیال

فجعلوا لا يرفعون لقمة الا ربت من اسفلها اكثر منها فقال لامرأته

پس ہوئے ابوبکر اور اونکے مہمان کہ نہ اوٹھاتے تھے لقمہ مگر کہ بڑھ جاتا تھا طعام اوس لقمے کے نیچے سے پس کہا ابوبکر رضہ نے اپنی بیوی سے

يا اخت بني فراس ما هذا قالت وقرة عيني انها الان لاكثر منها

اے بہن قبیلہ بنی فراس کی کیا ہے یہ امر عجیب کہا ابوبکر کی بیوی نے قسم ہے اپنی آنکھ کی ٹھنڈک کی کہ تحقیق یہ کھانا اب ہے چند زیادہ

قبل ذلك بثلث مرار فاكلوا وبعث بها الى النبي صلى الله عليه وسلم فذكر

پہلے اسکے تہا پس کھایا سب مہمانوں نے اور بھیجا ابوبکر نے اوسکو پاس نبی صلعم کے پس روایت کیا گیا ہے

انه اكل منها متفق عليه وذكر حديث عبد الله بن مسعود كنا نسمع

کہ آنحضرت صلعم نے کھایا اوس طعام میں سے متفق علیہ اور ذکر کی گئی حدیث عبد اللہ بن مسعود کی کہ ابتدا اوسکی یہ ہے کنا نسمع

تسبيح الطعام في المعجزات الفصل الثاني عن عائشة رض

تسبیح الطعام باب المعجزات میں۔ فصل دوسری۔ روایت ہے حضرت عائشہ رضہ سے

ابو الحارث کنیت ہے شیر کی ۱۲ قصد کرتا طرف اوسکے الخ الربع الرابع یعنے اوسکے دفع کے لیے اس حدیث سے سفینہ کی فضیلت اور کرامت ثابت ہوئی ۱۲

قَالَتْ لَمَّا مَاتَ النَّجَاشِيُّ كُنَّا نَتَحَدَّثُ اَنَّهُ لَا يَزَالُ يُرٰى عَلٰى قَبْرِهٖ نُوْرٌ

کہا جب مرا نجاشی تہے ہم بیان کیے جاتے تحقیق ہمیشہ دیکھا جاتا ہے اوسکی قبر پر نور

رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْهَا قَالَتْ لَمَّا اَرَادُوْا غُسْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا

روایت کی یہ ابو داود نے۔ اور روایت ہے اوسی عائشہ رضی سے کہ جب چاہا لوگوں نے غسل دینا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا کہا

لَا نَدْرِيْ اَنُجَرِّدُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ ثِيَابِهٖ كَمَا نُجَرِّدُ مَوْتَانَا اَمْ

نہیں جانتے ہم کہ آیا ننگا کریں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو اونکے کپڑوں سے جیسے کہ کرتے ہیں اپنے مردوں کے لیے یا

نُغَسِّلُهٗ وَعَلَيْهِ ثِيَابُهٗ فَلَمَّا اخْتَلَفُوْا اَلْقَى اللّٰهُ عَلَيْهِمُ النَّوْمَ حَتّٰى مَا

غسل دیویں ہم اونکو اسحالمیں کہ ہوں اونکے بدن مبارک پر کپڑے اونکے پس جب اختلاف کیا صحابہ نے تو ڈالی اللہ نے اونپر نیند یہانتک

مِنْهُمْ رَجُلٌ اِلَّا وَذَقْنُهٗ فِيْ صَدْرِهٖ ثُمَّ كَلَّمَهُمْ مُكَلِّمٌ مِّنْ نَاحِيَةِ الْبَيْتِ

او نمیں سے کوئی شخص مگر کہ تہوڑی اوسکے سینہ پر تہی پہر کلام کیا اونسے کلام کرنیوالے نے گہر کے کونے میں سے

لَا يَدْرُوْنَ مَنْ هُوَ اغْسِلُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ ثِيَابُهٗ فَقَامُوْا

اسحالمیں کہ نہیں جانتے تہے وہ کہ کون ہے نہلاؤ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اسحالمیں کہ ہوں اوپر کپڑے اونکے پس اوٹہے

فَغَسَّلُوْهُ وَعَلَيْهِ قَمِيْصُهٗ يَصُبُّوْنَ الْمَاءَ فَوْقَ الْقَمِيْصِ وَيُدَلِّكُوْنَهٗ بِالْقَمِيْصِ

اور غسل دیا آنحضرت صلعم کو اسحالمیں کہ اوپر قمیص اونکا تہا اور ڈالتے تہے پانی قمیص پر اور ملتے تہے آنحضرت صلعم کو بدنکو ساتہ کرتے کے

رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ دَلَائِلِ النُّبُوَّةِ وَعَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ اَنَّ سَفِيْنَةَ مَوْلٰى

روایت کی یہ بیہقی نے دلائل النبوۃ میں۔ اور روایت ہے ابن منکدر سے یہ کہ سفینہ غلام آزاد

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْطَاَ الْجَيْشَ بِاَرْضِ الرُّوْمِ اَوْ اُسِرَ فَانْطَلَقَ هَارِبًا

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا بہول گیا رستہ لشکر کا زمین روم میں یا قید کیا گیا پس چلے بہاگ کر ڈہونڈتا ہوا

يَلْتَمِسُ الْجَيْشَ فَاِذَا هُوَ بِالْاَسَدِ فَقَالَ يَا اَبَا الْحَارِثِ اَنَا مَوْلٰى رَسُوْلِ

اسحالمیں کہ ڈہونڈتے تہے لشکر کو پس ناگہان ملے وہ ایک بڑے شیر سے پس کہا اے ابو الحارث میں ہوں مولی رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ مِنْ اَمْرِيْ كَيْتَ وَكَيْتَ فَاَقْبَلَ الْاَسَدُ لَهٗ بَصْبَصَةٌ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا تہا امر میرا ایسا اور ایسا پس پیش آیا شیر واسطے اوسکے دم ہلاتا ہوا

حَتّٰى قَامَ اِلٰى جَنْبِهٖ كُلَّمَا سَمِعَ صَوْتًا اَهْوٰى اِلَيْهِ ثُمَّ اَقْبَلَ يَمْشِيْ

یہانتک کہ کہڑا ہوا شیر سفینہ کے پہلو میں جب سنتا تہا شیر آواز خوفناک قصد کرتا اوس طرف اوسکے پہر آتا ہمراہ چلتا

إلى جنبه حتى بلغ الجيش ثم رجع الأسد رواه في شرح السنة وعن

سفینہ کے پہلو میں یہاں تک کہ پہنچا سفینہ لشکر میں پھر پھر گیا شیر روایت کی یہ بغوی نے شرح السنہ میں۔ اور روایت ہے

أبي الجوزاء قال قحط أهل المدينة قحطا شديدا فشكوا إلى عائشة

ابی الجوزاء سے کہا ڈالے گئے اہل مدینہ قحط شدید میں پس شکایت کی طرف عائشہ رضی سے

فقالت انظروا قبر النبي صلى الله عليه وسلم فاجعلوا منه كوى إلى السماء

پس کہا عائشہ نے دیکھو تم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کو پس کر دا تو حضرت کی قبر شریف سے کئی روشندان طرف آسمان کے

حتى لا يكون بينه وبين السماء سقف ففعلوا فمطروا مطرا حتى

یہاں تک کہ نہ ہو درمیان قبر کے اور درمیان آسمان کے چھت پس کیا لوگوں نے جو کچھ کہا عائشہ نے پس برسائے گئے مینہ

نبت العشب وسمنت الإبل حتى تفتقت من الشحم فسمي عام

کہ پیدا ہوئی گھانس اور فربہ ہوئے اونٹ یہاں تک کہ پھٹ گئے بسبب کثرت چربی کے پس نام رکھا گیا اوس سال کا

الفتق رواه الدارمي وعن سعيد بن عبد العزيز قال لما كان

سال فتق روایت کی یہ دارمی نے۔ اور روایت ہے سعید بن عبد العزیز رضی سے کہا جبکہ ہوا

أيام الحرة لم يؤذن في مسجد النبي صلى الله عليه وسلم ثلاثا ولم يقم ولم

واقعہ حرہ کا نہیں اذان دی گئی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد میں تین روز اور نہ تکبیر کہی گئی اور نہیں

يبرح سعيد بن المسيب المسجد وكان لا يعرف وقت الصلوة إلا

باہر نکلے سعید بن مسیب مسجد سے اور تھے سعید بن مسیب نہیں پہچانتے تھے آنا وقت نماز کا مگر

بهمهمة يسمعها من قبر النبي صلى الله عليه وسلم رواه الدارمي وعن

بسبب آواز خفی کے کہ سنتے تھے اوسکو حجرہ کے اندر سے کہ قبر شریف آنحضرت صلعم کی وہاں تھی روایت کی یہ دارمی نے۔ اور روایت ہے

أبي خلدة قال قلت لأبي العالية سمع أنس من النبي صلى الله عليه وسلم

ابی خلدہ تابعی سے کہ کہا کہا میں نے واسطے ابی العالیہ کے کہ کیا کہ سنی ہیں انس نے حدیثیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی

قال خدمه عشر سنين ودعا له النبي صلى الله عليه وسلم وكان له بستان

کہا ابو العالیہ نے کہ خدمت کی انس نے حضرت صلعم کی دس برس اور دعا کی اوس کے لیے نبی صلعم نے اور تھا انس کے لیے باغ

يحمل في كل سنة الفاكهة مرتين وكان فيها ريحان يجيء منه ريح

اور تباہ کی اوس نے تجھپر آخرت تیری پہنچی ہے مجھکو یہ بات کہ تو کہتا تھا ابن زبیر کو اے بیٹے دو ٹکڑے کمربند والی کے

أَنَا وَاللّٰهِ ذَاتُ النِّطَاقَيْنِ أَمَّا أَحَدُهُمَا فَكُنْتُ أَرْفَعُ بِهِ طَعَامَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَطَعَامَ

قسم ہے اللہ کی میں ہوں ذات النطاقین لیکن ایک اون دونو میں سے پس تھی میں اوٹھاتی ساتھ اوسکے طعام حضرت کا اور طعام

أَبِي بَكْرٍ مِنَ الدَّوَابِّ وَأَمَّا الْآخَرُ فَنِطَاقُ الْمَرْأَةِ الَّتِي لَا تَسْتَغْنِي عَنْهُ

ابی بکر کا واسطے محافظت کے جانوروں سے اور لیکن دوسرا پس کمربند عورت کا ہے کہ نہیں بے پرواہ ہوتی عورت اوس سے

أَمَا إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنَا أَنَّ فِي ثَقِيفٍ كَذَّابًا وَمُبِيرًا

خبردار ہو تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حدیث کی ہمکو کہ تحقیق ثقیف میں ہو گا ایک بڑا جھوٹا اور ایک ہلاکو

فَأَمَّا الْكَذَّابُ فَرَأَيْنَاهُ وَأَمَّا الْمُبِيرُ فَلَا إِخَالُكَ إِلَّا إِيَّاهُ قَالَ فَقَامَ

پس لیکن بڑا جھوٹا پس دیکھا ہمنے اوسکو اور لیکن ہلاکو پس گمان نہیں کرتی میں تجھکو مگر وہ ہلاکو کہ حضرت نے خبر دی ہے

عَنْهَا فَلَمْ يُرَاجِعْهَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ نَافِعٍ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ أَتَاهُ رَجُلَانِ

اسما کے پاس سے اور نہ جواب دیا اونکو روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے نافع سے یہ کہ ابن عمر کے پاس آئے دو شخص

فِي فِتْنَةِ ابْنِ الزُّبَيْرِ فَقَالَا إِنَّ النَّاسَ صَنَعُوا مَا تَرٰى وَأَنْتَ ابْنُ عُمَرَ

بیچ فتنہ ابن زبیر کے پس کہا اونہوں نے کہ تحقیق لوگوں نے کیا جو کچھ کہ دیکھتے ہو تم اور تم بیٹے ابن عمر کے ہو

وَصَاحِبُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا يَمْنَعُكَ أَنْ تَخْرُجَ فَقَالَ يَمْنَعُنِي

اور یار رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ہو پس کیا چیز باز رکھتی ہے تمکو نکلنے سے پس کہا ابن عمر نے کہ باز رکھتا

إِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَيَّ دَمَ أَخِي الْمُسْلِمِ قَالَا أَلَمْ يَقُلِ اللّٰهُ تَعَالَى وَقَاتِلُوهُمْ حَتّٰى

علم سپاہیات کا کہ خدا تعالیٰ نے حرام کیا ہے مجھ پر خون بھائی مسلمان کا کہا ان دونوں نے کہ کیا نہیں فرمایا ہے خدا نے اور لڑو ان سے

لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ قَدْ قَاتَلْنَا حَتّٰى لَمْ تَكُنْ فِتْنَةٌ وَكَانَ

نہ پایا جاوے فتنہ پس کہا ابن عمر نے کہ تحقیق لڑے ہم یہانتک کہ نہ تھا فتنہ اور رہا

الدِّينُ لِلّٰهِ وَأَنْتُمْ تُرِيدُونَ أَنْ تُقَاتِلُوا حَتّٰى تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّينُ

دین اسلام خالص خدا کیلیے اور تم چاہتے ہو یہ کہ لڑو تم یہانتک کہ واقع ہو فتنہ اور ہو دین

لِغَيْرِ اللّٰهِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ الطُّفَيْلُ بْنُ عَمْرٍو

واسطے غیر اللہ کے روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہا کہ آئے طفیل بن عمرو

الدَّوْسِيُّ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ دَوْسًا قَدْ هَلَكَتْ

دوسی طرف رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور کہا کہ تحقیق ہلاک ہوا قبیلہ دوس کا اسلیے

عَصَتْ وَأَبَتْ فَادْعُ اللّٰهَ عَلَيْهِمْ فَظَنَّ النَّاسُ أَنَّهُ يَدْعُو عَلَيْهِمْ فَقَالَ

کہ نافرمانی کی اور باز رہے طاعت سے پس بددعا کیجئے اللہ سے اونپر پس گمان کیا لوگوں نے کہ آنحضرت بددعا کرینگے اونپر پس کہا حضرت نے

اللّٰهُمَّ اهْدِ دَوْسًا وَائْتِ بِهِمْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ

خداوندا راہ راست دکھا دوس کو اور لے آ انکو متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہا

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحِبُّوا الْعَرَبَ لِثَلَاثٍ لِأَنِّي عَرَبِيٌّ وَالْقُرْآنُ

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ دوست رکھو تم عرب کو تین سبب سے ایک تو اس سبب سے کہ میں عربی ہوں اور

عَرَبِيٌّ وَكَلَامُ أَهْلِ الْجَنَّةِ عَرَبِيٌّ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ

عربی زبان ہے اور تیسرے اس سبب سے کہ کلام بہشتیوں کا عربی ہے روایت کی یہ بیہقی نے شعب الایمان میں۔

بَابُ مَنَاقِبِ الصَّحَابَةِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ أَجْمَعِينَ

باب ہے بیچ بیان مناقب صحابہ کے راضی ہو اللہ ان سب سے

الْفَصْلُ الْأَوَّلُ

فصل پہلی۔

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

روایت ہے ابی سعید خدری رض سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

لَا تَسُبُّوا أَصْحَابِي فَلَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ أَنْفَقَ مِثْلَ أُحُدٍ ذَهَبًا مَا بَلَغَ مُدَّ

کہ نہ برا کہو تم میرے صحابہ کو قسم ہے اوس ذات کی جسکے قابو میں میری جان ہے اگر کوئی تم میں خرچ کرے احد پہاڑ کے برابر سونا تو نہ پہنچے انکے

أَحَدِهِمْ وَلَا نَصِيفَهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ رَفَعَ

اور نہ اسکے آدھے کو برابر متفق علیہ ۔ اور روایت ہے ابی بردہ سے کہ روایت کی اپنے باپ سے کہا اونچا کیا

يَعْنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأْسَهُ إِلَى السَّمَاءِ وَكَانَ كَثِيرًا مِمَّا يَرْفَعُ رَأْسَهُ

یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سر مبارک اپنا طرف آسمان کے اور تھے حضرت بہت اوٹھاتے سر مبارک اپنا

إِلَى السَّمَاءِ فَقَالَ النُّجُومُ أَمَنَةٌ لِلسَّمَاءِ فَإِذَا ذَهَبَتِ النُّجُومُ أَتَى السَّمَاءَ

طرف آسمان کے پس فرمایا آنحضرت نے کہ ستارے سبب امن کے ہیں آسمان کے لیے پس جسوقت کہ جاتے رہیں گے ستارے آویگی آسمان کو

مَا تُوعَدُ وَأَنَا أَمَنَةٌ لِأَصْحَابِي فَإِذَا ذَهَبْتُ أَتَى أَصْحَابِي مَا

وہ چیز کہ وعدہ کیا جاتا ہے اور میں سبب امن کا ہوں اپنے اصحاب کے لیے پس جبکہ جاؤنگا میں عالم سے آویگی میرے اصحاب کو وہ چیز کہ

يُوعَدُونَ وَأَصْحَابِي أَمَنَةٌ لِأُمَّتِي فَإِذَا ذَهَبَ أَصْحَابِي أَتَى أُمَّتِي

وعدہ دیئے جاتے ہیں اور صحاب میرے باعث امن کے ہیں میری امت کے لیے پس جبکہ جاتے رہیں گے صحاب میرے آویگی امت میری کو

مَا يُوعَدُونَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ

وہ چیز کہ وعدہ دیئے جاتے ہیں روایت کی یہ مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابی سعید خدری رضی اللہ عنہ سے کہ کہا فرمایا

رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ فَيَغْزُو فِئَامٌ مِّنَ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ آویگا لوگوں پر ایک زمانہ پس جہاد کریگی ایک جماعت

النَّاسِ فَيَقُولُونَ هَلْ فِيكُمْ مَنْ صَاحَبَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

لوگوں میں سے پس کہیں گے جہاد کرنیوالے اپنی جماعت سے آیا ہے درمیان تمہارے وہ شخص کہ صحبت رکھی ہو ساتھ حضرت کے

فَيَقُولُونَ نَعَمْ فَيُفْتَحُ لَهُمْ ثُمَّ يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ فَيَغْزُو فِئَامٌ

پس کہیں گے ہاں ہے پس فتح ہوگی انکو پھر آویگا لوگوں پر ایک زمانہ پس جہاد کریگی ایک جماعت

مِّنَ النَّاسِ فَيُقَالُ هَلْ فِيكُمْ مَنْ صَاحَبَ أَصْحَابَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

لوگوں میں سے پس کہا جاویگا آیا ہے درمیان تمہارے وہ شخص کہ صحبت رکھی ہو ساتھ صحاب رسول خدا کے

فَيَقُولُونَ نَعَمْ فَيُفْتَحُ لَهُمْ ثُمَّ يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ فَيَغْزُو فِئَامٌ

پس کہیں گے ہاں پس فتح کیجاویگی واسطے انکو پھر آویگا لوگوں پر ایک زمانہ پس جہاد کریگی ایک جماعت

مِّنَ النَّاسِ فَيُقَالُ هَلْ فِيكُمْ مَنْ صَاحَبَ مَنْ صَاحَبَ أَصْحَابَ رَسُولِ

لوگوں میں سے پس کہا جاویگا آیا ہے درمیان تمہارے وہ شخص کہ صحبت رکھی ہو ساتھ اسکے کہ صحبت رکھی ہو ساتھ اصحاب رسول

اللهِ صلى الله عليه وسلم فيقولون نعم فيفتح لهم متفق عليه وفي رواية

خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس کہیں گے ہاں پس فتح کیجاویگی واسطے انکی متفق علیہ اور ایک روایت

لمسلم قال يأتي على الناس زمان يبعث منهم البعث فيقولون

مسلم کی میں یوں آیا ہے کہ فرمایا حضرت نے کہ آویگا لوگوں پر ایک زمانہ کہ بھیجا جاویگا لوگوں میں سے لشکر پس کہیں گے لوگ

انظروا هل تجدون فيكم احدا من اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم

دیکھو آیا پاتے ہو اپنے میں سے کسی کو اصحاب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے

فيوجد الرجل فيفتح لهم به ثم يبعث البعث الثاني فيقولون هل

پس پایا جاویگا ایک شخص صحابہ میں سے پس فتح کیجاویگی بسبب اوسکے پھر بھیجا جاویگا دوسرا لشکر پس کہیں گے کیا ہے

فيهم من رأى اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم فيوجد فيفتح لهم ثم

انمیں وہ شخص کہ دیکھا ہو اوسنے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کو پس پایا جاویگا پس فتح کیجاویگی واسطے انکے پھر

يبعث البعث الثالث فيقال انظروا هل ترون فيهم من رأى

بھیجا جاویگا تیسرا لشکر پس کہا جاویگا کہ دیکھو آیا پاتے ہو انمیں اوس شخص کو کہ دیکھا اوسنے

من رأى اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم ثم يكون البعث الرابع فيقال

اوسکو کہ دیکھا ہو اوسنے یاروں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی کو پھر ہوگا بھیجنا چوتھے لشکر کا پس کہا جاویگا

انظروا هل ترون فيهم احدا رأى من رأى احدا رأى اصحاب

کہ دیکھو آیا دیکھتے ہو انمیں کسیکو کہ دیکھا ہو اوسکو کہ دیکھا ہو کسیکو کہ دیکھا ہو اوسنے اصحاب

النبي صلى الله عليه وسلم فيوجد الرجل فيفتح له وعن عمران بن حصين

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پس پایا جاویگا ایسا شخص پس فتح کیجاویگی سبب اوسکے اور روایت ہے عمران بن حصین سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خير امتي قرني ثم الذين يلونهم

کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بہتر امت میری کے قرن میرا ہے پھر وہ لوگ کہ متصل اونکے ہیں

ثم الذين يلونهم ثم ان بعدهم قوما يشهدون ولا

پھر وہ لوگ کہ متصل ہیں اونکے پھر تحقیق بعد ان قرنوں کے ہوگی ایک قوم کہ گواہی دینگے حالانکہ نہیں

يستشهدون ويخونون ولا يؤتمنون وينذرون ولا يفون

طلب کیجاویگی اونسے گواہی اور خیانت کرینگے اور امین نہ پکڑے جاوینگے اور نذر مانینگے اور وفا نہ کرینگے

میں دیکھنا اصحاب کا کافی ہے جیسا کہ صحابہ میں دیکھنا آنحضرت صلعم کا معتبر ہے اور بعضوں نے کہا کہ صحابہ میں تو دیکھنا کافی ہے لیکن تابعین میں صحبت اور ملازمت چاہیے کہ پہلی روایت میں گذرا بلکہ پر کہ یہاں دیکھنا سا صحبت کے ہو اور ایک نسخہ میں ہم ہے بدلے اوسکے بعض واسطے ہو تاکہ اس کو معلوم ہو کہ تابعین

ويظهر فيهم السمن وفي رواية ويحلفون ولا يستحلفون

اور پیدا ہوگا اونمیں موٹاپا اور ایک روایت میں ہے اور قسم کھاوینگے اور نہ قسم دلائے جاوینگے

متفق عليه وفي رواية لمسلم عن ابي هريرة ثم يخلف قوم

روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے اور مسلم کی ایک روایت میں ابو ہریرہ رضہ سے یوں آیا ہے کہ پھر پیچھے انکے آویگی ایک قوم

يحبون السمانة الفصل الثاني عن عمر قال قال رسول الله

کہ دوست رکھیگی فربہی کو۔ فصل دوسری۔ روایت ہے عمر رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وسلم اكرموا اصحابي فانهم خياركم ثم الذين يلونهم

صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تعظیم کرو میرے یاروں کی اسلیئے کہ وہ نیکتر ہیں تمہارے پھر وہ لوگ کہ قریب اونکے ہیں

ثم الذين يلونهم ثم يظهر الكذب حتى ان الرجل ليحلف

پھر وہ لوگ کہ قریب اونکے ہیں پھر ظاہر ہوگا جھوٹ یہانتک کہ تحقیق ایک شخص ہوگا قسم کھاویگا

ولا يستحلف ويشهد ولا يستشهد الا من سره بحبوحة الجنة

اور قسم نہیں دیا جاویگا اور گواہی دیگا اور گواہی نہیں طلب کیا جاویگا آگاہ ہو جو شخص کہ خوش لگے اوسکو بیچوں بیچ

فليلزم الجماعة فان الشيطان مع الفذ وهو من الاثنين ابعد

بہشت کا پس چاہیئے کہ لازم پکڑے جماعت کو اسواسطے کہ تحقیق شیطان ساتھ تنہا کے ہے اور شیطان دو شخصوں سے دور ہے

ولا يخلون رجل بامراة فان الشيطان ثالثهم ومن سرته

اور ہرگز تنہا ہو مرد ساتھ عورت اجنبیہ کے اسلیئے کہ شیطان انکا تیسرا ہوتا ہے اور جسکو خوش کرے

حسنته وساءته سيئته فهو مؤمن رواه النسائي واسناده

نیکی اوسکی اور غمگین کرے اوسکو بدی اوسکی پس وہ مومن ہے روایت کی یہ نسائی نے اور اسناد اسکی

صحيح ورجاله رجال الصحيح الا ابراهيم بن الحسن الخثعمي فانه

صحیح ہے اور سب راوی اسکے راوی صحیح کے ہیں سوای ابراہیم بن الحسن خثعمی کے اس سبب سے کہ

لم يخرج عنه الشيخان وهو ثقة ثبت وعن جابر عن النبي صلى الله

نہیں روایت کی اس سے بخاری اور مسلم نے اور وہ ثقہ ثبت ہے۔ اور روایت ہے جابر رضہ سے نقل کی نبی صلی اللہ

عليه وسلم قال لا تمس النار مسلما رآني او رأى من رآني رواه الترمذي

علیہ وسلم سے کہ فرمایا حضرت نے نہ لگیگی آگ اوس مسلمان کو کہ دیکھا ہے مجھکو یا دیکھا ہے اوسکو کہ دیکھا ہے مجھکو روایت کی یہ ترمذی

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهَ اَللّٰهَ

اور روایت ہے عبداللہ بن مغفل سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ڈرو اللہ سے ڈرو اللہ سے

فِيْ اَصْحَابِيْ اَللّٰهَ اَللّٰهَ فِيْ اَصْحَابِيْ لَا تَتَّخِذُوْهُمْ غَرَضًا مِّنْ بَعْدِيْ فَمَنْ

بیچ حق اصحاب میرے کے ڈرو اللہ سے ڈرو اللہ سے بیچ حق اصحاب میرے کے نہ پکڑو ان کو نشانہ بعد میرے کے پس جو شخص کہ

اَحَبَّهُمْ فَبِحُبِّيْ اَحَبَّهُمْ وَمَنْ اَبْغَضَهُمْ فَبِبُغْضِيْ اَبْغَضَهُمْ وَمَنْ اٰذَاهُمْ

دوست رکھتا ہے انکو پس بسبب دوست رکھنے میرے کے انکو دوست رکھتا ہے اور جو شخص کہ دشمن رکھتا ہے انکو پس بسبب دشمنی میرے کے دشمن رکھتا ہے

فَقَدْ اٰذَانِيْ وَمَنْ اٰذَانِيْ فَقَدْ اٰذَى اللّٰهَ وَمَنْ اٰذَى اللّٰهَ فَيُوْشِكُ

پس تحقیق ایذا دی مجھکو اور جو شخص ایذا دی مجھکو پس تحقیق ایذا دی خدا کو اور جو شخص کہ ایذا دی خدا کو پس نزدیک ہے

اَنْ يَّاْخُذَهٗ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعَنْ

کہ پکڑیگا خدا اوسکو روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔ اور روایت ہے

اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ اَصْحَابِيْ فِيْ اُمَّتِيْ كَالْمِلْحِ فِي

انس رض سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مثل اصحاب میرے کے درمیان امت میرے کے مانند نمک کے ہے

الطَّعَامِ لَا يَصْلُحُ الطَّعَامُ اِلَّا بِالْمِلْحِ قَالَ الْحَسَنُ فَقَدْ ذَهَبَ مِلْحُنَا

طعام میں نہیں سنورتا کھانا مگر ساتھ نمک کے کہا حسن بصری نے پس تحقیق جاتا رہا نمک ہمارا

فَكَيْفَ نَصْلُحُ رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ

پس کیونکر سنوریں ہم روایت کی یہ بغوی نے شرح السنہ میں۔ اور روایت ہے عبداللہ بن بریدہ سے

عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ اَصْحَابِيْ

کہ نقل کی اپنے باپ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے کوئی صحابہ میرے میں سے

يَمُوْتُ بِاَرْضٍ اِلَّا بُعِثَ قَائِدًا وَّنُوْرًا لَّهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ رَوَاهُ

کہ مرے کسی زمین میں مگر کہ اوٹھایا جاویگا وہ قبر سے اصحاب الیمین کہ پہنچنے والا ہو گا اور سبب روشنی کا ہو گا انکے لیے

التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَذُكِرَ حَدِيْثُ ابْنِ مَسْعُوْدٍ

ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے اور ذکر کی گئی حدیث ابن مسعود کی کہ مراد اوسکا یہ ہے

لَا يُبَلِّغُنِيْ اَحَدٌ فِيْ بَابِ حِفْظِ اللِّسَانِ اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ عَنْ

لا یبلغنی احد بیچ باب محافظت زبان کے۔ فصل تیسری۔ روایت ہے

ابن عمر قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا رأیتم الذین یسبون

ابن عمر رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ دیکھو تم ان لوگوں کو برا کہتے ہیں

اصحابی فقولوا لعنة الله علی شرکم رواه الترمذی وعن عمر

میرے صحابیوں کو پس کہو لعنت خدا کی ہو تمہارے شر اس فعل بد پر روایت کی یہ ترمذی نے ۔ اور روایت ہے عمر

ابن الخطاب قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول سألت ربی

بن خطاب رضہ سے کہ کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے سوال پوچھا میں نے اپنے رب سے

عن اختلاف اصحابی من بعدی فاوحی الی یا محمد ان اصحابك

اختلاف صحابہ اپنے سے پیچھے میرے پس وحی کی اللہ نے طرف میری کہ اے محمد بلاشبہ اصحاب تیرے

عندی بمنزلة النجوم فی السماء بعضها اقوی من بعض ولکل

نزدیک میرے بمنزلہ ستاروں کے ہیں آسمان میں بعضے ان ستاروں میں سے قوی تر ہیں بعضے سے اور واسطے ہر ایک کے

نور فمن اخذ بشیء مما هم علیه من اختلافهم فهو عندی

نور ہے پس جس شخص نے کہ لیا کچھ اوس چیز سے کہ وہ اوس چیز پر ہیں اختلافات اپنے سے پس وہ نزدیک میرے

علی هدی قال وقال رسول الله صلی الله علیه وسلم اصحابی کالنجوم

ہدایت پر ہے کہا عمر رضہ نے کہ فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اصحاب میرے مانند ستاروں کے ہیں

فبایهم اقتدیتم اهتدیتم رواه رزین باب مناقب

پس ساتھ جس کسی کے اونمیں سے پیروی کروگے راہ پاؤگے روایت کی یہ رزین نے ۔ باب ہے مناقب

ابی بکر رضه الفصل الاول عن ابی سعید الخدری عن

ابی بکر رضہ کا ۔ فصل پہلی ۔ روایت ہے ابی سعید خدری رضہ سے اونسے روایت کی

النبی صلی الله علیه وسلم قال ان من امن الناس علی فی صحبته وماله

نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا حضرت نے کہ تحقیق بہت احسان کرنیوالے مجھپر اپنی صحبت میں اور اپنے مال میں

ابوبکر وعند البخاری ابا بکر ولو کنت متخذا خلیلا لاتخذت

ابوبکر رضہ ہیں اور نزدیک بخاری کے ابا بکر واقع ہوا ہے اور اگر ہوتا میں پکڑنیوالا دوست جانی تو البتہ پکڑتا میں

ابا بکر خلیلا ولکن اخوة الاسلام ومودته لا یبقین فی المسجد

ابوبکر رضہ کو ایسا دوست ولیکن برادری اسلام کی اور محبت اوسکی ثابت ہے نہ باقی چھوڑی جاوے مسجد میں

خوخة الا خوخة ابى بكر وفى رواية لو كنت متخذا خليلا غير

کوئی کھڑکی مگر کھڑکی ابو بکر کی دیوار میں ہے اور ایک روایت میں یوں ہے کہ اگر ہوتا میں پکڑنے والا دوست سوائے

ربى لاتخذت ابا بكر خليلا متفق عليه وعن عبد الله بن

رب اپنے کے تو البتہ پکڑتا میں ابو بکر کو دوست روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن

مسعود عن النبى صلى الله عليه وسلم قال لو كنت متخذا خليلا لاتخذت

مسعود سے روایت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا حضرت صلعم نے اگر ہوتا میں پکڑنے والا دوست تو البتہ پکڑتا میں

ابا بكر خليلا ولكنه اخى وصاحبى وقد اتخذ الله صاحبكم

ابو بکر رضہ کو گہرا دوست ولیکن ابو بکر رضہ میرے بھائی ہیں اور یار میرے اور تحقیق پکڑا ہے اللہ نے تمہارے صاحب کو

خليلا رواه مسلم وعن عائشة قالت قال لى رسول الله

دوست روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے عائشہ رضہ سے کہ کہا فرمایا واسطے میرے رسول خدا

صلى الله عليه وسلم فى مرضه ادعى لى ابا بكر اباك واخاك حتى اكتب كتابا

صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی مرض الموت میں کہ بلا واسطے میرے ابو بکر رضہ کو کہ باپ تیرا ہے اور بلا اپنے بھائی کو تاکہ لکھ دوں میں ایک نوشتہ

فانى اخاف ان يتمنى متمن ويقول قائل انا اولى ويابى الله

اسلئے کہ میں ڈرتا ہوں یہ کہ آرزو کرے کوئی آرزو کرنے والا اور کہے کہنے والا کہ میں مستحق ہوں واسطے خلافت کے حالانکہ نہیں ہوگا

والمؤمنون الا ابا بكر رواه مسلم وفى كتاب الحميدى انا

اور مؤمن مگر ابو بکر رضہ کو روایت کی یہ مسلم نے اور بیچ کتاب حمیدی کے واقع ہوا ہے کہ انا

اولى بدل انا ولا وعن جبير بن مطعم قال اتت النبى

اولی بجائے انا ولا کے۔ اور روایت ہے جبیر بن مطعم رضہ سے کہا جبیر نے کہ آئی نبی

صلى الله عليه وسلم امرأة فكلمته فى شىء فامرها ان ترجع اليه قالت

صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک عورت اور کلام کیا آپ سے کسی چیز میں پس حکم کیا حضرت صلعم نے اس عورت کو کہ اور وقت

يا رسول الله ارايت ان جئت ولم اجدك كانها تريد

یا رسول اللہ خبر دیجئے مجھکو کہ اگر آؤں میں اور نہ پاؤں آپکو کہا جبیر نے گویا کہ وہ عورت مراد رکھتی تھی آپکے حضرت

الموت قال فان لم تجدينى فاتى ابا بكر متفق عليه وعن

کی موت کو فرمایا حضرت صلعم نے پس اگر نہ پاوے تو مجھکو پس آنا تو ابو بکر رضہ کے پاس متفق علیہ۔ اور روایت ہے

عمرو بن العاص ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعثہ علی جیش ذات السلاسل

عمرو بن عاص رض سے کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے بھیجا انکو امیر کر کے ذات السلاسل کی لڑائی پر

قال فاتیتہ فقلت ای الناس احب الیک قال عائشۃ قلت

کہا پس آیا میں حضرت کے پاس پس کہا میں نے حضرت سے کہ کون محبوب تر ہے طرف آپکی فرمایا عائشہ کہا میں نے

من الرجال قال ابوھا قلت ثم من قال عمر فعد رجالا فسکت

مردوں میں سے فرمایا باپ اسکا کہا میں نے پھر کون بہت محبوب ہے فرمایا عمر پس گنا حضرت نے اور مردوں کو پس چپ ہو رہا میں

مخافۃ ان یجعلنی فی اخرھم متفق علیہ وعن محمد بن الحنفیۃ

بسبب خوف اسکے کہ کر دیں آپ مجکو بیچ آخر لوگوں کے متفق علیہ۔ اور روایت ہے محمد بن حنفیہ سے

قال قلت لابی ای الناس خیر بعد النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ابو بکر قلت

کہا کہا میں نے واسطے باپ اپنے کے کہ کون لوگوں میں سے بہتر ہے بعد نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے کہا علی نے ابو بکر بہتر ہیں کہا میں نے

ثم من قال عمر وخشیت ان یقول عثمان قلت ثم انت قال

پھر کون ہے کہا عمر رض اور ڈرا میں اس سے کہ کہیں عثمان رض کہا میں نے کہ پھر تم ہو کہا علی نے

ما انا الا رجل من المسلمین رواہ البخاری وعن ابن عمر قال

کہ نہیں ہوں میں مگر ایک شخص مرد مسلمانوں میں سے روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ کہا

کنا فی زمن النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا نعدل بابی بکر احدا ثم عمر ثم عثمان

تھے ہم بیچ زمانہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ برابر نہیں کرتے تھے ہم ساتھ ابو بکر رض کے کسی کو پھر ساتھ عمر رض کے پھر عثمان کے

ثم نترک اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا نفاضل بینھم رواہ البخاری

پھر چھوڑ دیتے تھے ہم اصحاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ نہیں فضیلت دیتے تھے ہم درمیان انکے ایک کو دوسرے پر روایت کی یہ بخاری نے

وفی روایۃ لابی داؤد قال کنا نقول ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حی

اور بیچ روایت ابی داؤد کے ہے کہ کہا ابن عمر نے تھے ہم کہ کہتے تھے اصحاب میں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم زندہ تھے

افضل امۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعدہ ابو بکر ثم عمر ثم عثمان

بہتر امت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد آنحضرت کے ابو بکر رض ہیں پھر عمر پھر عثمان

رضوان اللہ تعالی علیھم اجمعین الفصل الثانی

رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین۔ فصل دوسری

عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لِاَحَدٍ عِنْدَنَا

روایت ہے ابو ہریرہ رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے کسیکے لیے نزدیک ہمارے

يَدٌ اِلَّا وَقَدْ كَافَيْنَاهُ مَا خَلَا اَبَا بَكْرٍ فَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا يَدًا يُكَافِئُهُ

عطا مگر کہ بدلا اوتار رہے ہمنے اوسکا سوائے ابو بکر رضہ کے پس تحقیق ابو بکر کے لیے نزدیک ہمارے نعمت ہے کہ بدلا دیگا اوسکو

اللهُ بِهَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَا نَفَعَنِیْ مَالُ اَحَدٍ قَطُّ مَا نَفَعَنِیْ مَالُ

خدا تعالیٰ عوض اوس نعمت کے دن قیامت کے اور نہیں نفع دیا مجھکو کبھی کسیکو مال نے مانند نفع دینے مجھکو مال

اَبِیْ بَكْرٍ وَلَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيْلًا لَاتَّخَذْتُ اَبَا بَكْرٍ خَلِيْلًا اَلَا وَ

ابو بکر رضہ کے اور اگر ہوتا میں پکڑنیوالا دوست جانی تو البتہ پکڑتا میں ابو بکر رضہ کو دوست جانی آگاہ ہو

اِنَّ صَاحِبَكُمْ خَلِيْلُ اللهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ

کہ صاحب تمہارا دوست خدا کا ہے روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے عمر رضہ سے کہ کہا کہ ابو بکر رضہ

سَيِّدُنَا وَخَيْرُنَا وَاَحَبُّنَا اِلٰى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ

سردار ہے ہمارے ہیں اور افضل ہے ہمارے ہیں اور بہت پیارے ہمارے ہیں طرف پیغمبر خدا صلعم کے روایت کی یہ ترمذی نے۔

وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَبِیْ بَكْرٍ اَنْتَ

اور روایت ہے ابن عمر رضہ سے کہ روایت کرتے ہیں رسول خدا صلعم سے کہ فرمایا واسطے ابی بکر رضہ کے کہ تو

صَاحِبِیْ فِی الْغَارِ وَصَاحِبِیْ عَلَى الْحَوْضِ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَعَنْ

یار میرا ہے غار میں اور یار میرا ہے حوض پر روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے

عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَنْبَغِیْ لِقَوْمٍ فِيْهِمْ

عائشہ رضہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں لائق ہے واسطے اوس قوم کے کہ اونمیں

اَبُوْ بَكْرٍ اَنْ يَّؤُمَّهُمْ غَيْرُهٗ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ

ابو بکر رضہ ہوں یہ کہ امامت کرے اوس قوم کی غیر ابو بکر رضہ کے روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

وَعَنْ عُمَرَ قَالَ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَّتَصَدَّقَ وَوَافَقَ

اور روایت ہے عمر رضہ سے کہ کہا حکم کیا ہمکو پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ تصدق کریں ہم اور موافق پڑا

ذٰلِكَ عِنْدِیْ مَالًا فَقُلْتُ الْيَوْمَ اَسْبِقُ اَبَا بَكْرٍ اِنْ سَبَقْتُهٗ يَوْمًا

یہ حکم کرنا حضرت صلعم کا نزدیک میرے مال کثیر کو پس کہا میں نے کہ آجکے دن سبقت لیجاؤنگا میں ابو بکر رضہ سے اگر ممکن ہو سبقت لیجانا

قَالَ فَجِئْتُ بِنِصْفِ مَالِي فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَبْقَيْتَ لِأَهْلِكَ

کہا عمرؓ نے پس لایا میں آدھا مال اپنا پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کسقدر باقی رکھا تونے اپنے عیال کے لیے

فَقُلْتُ مِثْلَهُ وَأَتَى أَبُو بَكْرٍ بِكُلِّ مَا عِنْدَهُ فَقَالَ يَا أَبَا بَكْرٍ مَا أَبْقَيْتَ

پس کہا مینے کہ باقی چھوڑا مینے اپنے عیال کے لیے مانند اسکی اور لائے ابوبکر جو کچھ کہ تھا اونکے پاس پس فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ ای ابوبکر کیا چھوڑا تونے

لِأَهْلِكَ فَقَالَ أَبْقَيْتُ لَهُمُ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ قُلْتُ لَا أَسْبِقُهُ إِلَى شَيْءٍ

اپنی اہل وعیال کے لیے پس کہا ابوبکر نے کہ باقی چھوڑ آیا مینے اونکے لیے خدا اور رسول اوسکو کہا مینے کہ سبقت نہیں لیجا سکنے کا مین ابوبکر پر

أَبَدًا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ

ہرگز روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ تحقیق ابوبکر رض

دَخَلَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَنْتَ عَتِيقُ اللّٰهِ مِنَ النَّارِ

حاضر ہوئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس پس فرمایا حضرت صلعم نے اونکو کہ تو آزاد کیا گیا خدا کا ہے آگ سے

فَيَوْمَئِذٍ سُمِّيَ عَتِيقًا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ

پس اوس روز نام رکھے گئے ابوبکر عتیق روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے ابن عمر رض سے کہ کہا فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا أَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْأَرْضُ ثُمَّ أَبُو بَكْرٍ ثُمَّ عُمَرُ ثُمَّ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پہلا وہ شخص نکلا ہوں کہ پہٹیگی اوسے زمین بعد میرے ابوبکر بعد اونکے عمر پھر

آتِي أَهْلَ الْبَقِيعِ فَيُحْشَرُونَ مَعِي ثُمَّ أَنْتَظِرُ أَهْلَ مَكَّةَ حَتَّى أُحْشَرَ

آونگا میں بقیع کے مدفونونکے پاس پس اونکا حشر کیا جاویگا ساتھ میرے پہر انتظار کرونگا میں اہل مکہ کا یہانتک کہ جمع کیا جاؤنگا

بَيْنَ الْحَرَمَيْنِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ

درمیان حرمین کے روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَانِي جِبْرِيلُ فَأَخَذَ بِيَدِي فَأَرَانِي بَابَ الْجَنَّةِ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ آئے میرے پاس جبرئیل ع پس پکڑا ہاتہ میرا پس دکھایا مجکو وہ دروازہ بہشت کا

الَّذِي يَدْخُلُ مِنْهُ أُمَّتِي فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَدِدْتُ

کہ داخل ہوگی اوس سے امت میری پس کہا ابوبکر رض نے یارسول اللہ دوست رکھتا ہون مین

أَنِّي كُنْتُ مَعَكَ حَتَّى أَنْظُرَ إِلَيْهِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَا

کاشکے ہوتا مین ساتہ آپکے تا دیکھتا مین طرف اوس دروازہ کی پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے آگاہ ہو

إِنَّكَ يَا أَبَا بَكْرٍ أَوَّلُ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِي رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ

تحقیق کہ تو اے ابابکر ہے اول ان شخصون کا جو کہ داخل ہونگے بہشت مین میری امت مین سے روایت کی یہ ابوداود نے ۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

وَعَنْ عُمَرَ ذُكِرَ عِنْدَهُ أَبُو بَكْرٍ فَبَكَى وَقَالَ

فصل تیسری ۔ روایت ہے عمر رض سے کہ ذکر کیے گئے اونکے نزدیک ابوبکر پس روئے عمر اور کہا

وَدِدْتُ أَنَّ عَمَلِي كُلَّهُ مِثْلُ عَمَلِهِ يَوْمًا وَاحِدًا مِنْ أَيَّامِهِ وَلَيْلَةً

دوست رکہتا ہون مین کاشکے عمل میری تمام عمر کے مانند عمل ابی بکر کے ہوتے بیچ ایکدن کے دنون عمر اونکی سے یا مانند عمل ایک رات

وَاحِدَةً مِنْ لَيَالِيهِ أَمَّا لَيْلَتُهُ فَلَيْلَةٌ سَارَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى

ہو تا راتون سے اونکی سے ایسی رات ابوبکر کی پس وہ رات کہ ہجرت کی اوسمین ابوبکر نے ساتہ رسول خدا صلے اللہ

اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْغَارِ فَلَمَّا انْتَهَيَا إِلَيْهِ قَالَ وَاللَّهِ لَا تَدْخُلُهُ حَتَّى أَدْخُلَ

علیہ وسلم کے طرف غار کے پس جسوقت پہنچے حضرت صلعم اور ابوبکر طرف غار کے کہا ابوبکر نے قسم ہے خدا کی نہ داخل ہو تم غار مین یہانتک کہ داخل ہون مین

قَبْلَكَ فَإِنْ كَانَ فِيهِ شَيْءٌ أَصَابَنِي دُونَكَ فَدَخَلَ فَكَسَحَهُ وَوَجَدَ

پہلے آپکے اسلیے کہ اگر ہو اوسمین کچھ شے تو پہنچے مجکو ضرر اوسکا نہ آپکو پس داخل ہوئے ابوبکر غار مین پہلے حضرت صلعم کے پس جہاڑا اوسکو

فِي جَانِبِهِ ثُقْبًا فَشَقَّ إِزَارَهُ وَسَدَّهَا بِهِ وَبَقِيَ مِنْهَا اثْنَانِ فَأَلْقَمَهَا

بیچ ایک جانب غار کے کئی ایک سوراخ پس پہاڑا ابوبکر نے تہ بند اپنا اور بند کیا سوراخونکو تہ بند کے ٹکڑونسے اور باقی رہے اون سوراخون مین

رِجْلَيْهِ ثُمَّ قَالَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ادْخُلْ فَدَخَلَ رَسُولُ اللَّهِ

دونون پاؤن اپنے پہر کہا ابوبکر نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ آیئے پس داخل ہوئے رسول خدا

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَوَضَعَ رَأْسَهُ فِي حَجْرِهِ فَنَامَ فَلُدِغَ أَبُو بَكْرٍ فِي رِجْلِهِ

صلے اللہ علیہ وسلم اور رکہا سر مبارک اپنا گود مین ابوبکر کے اور آرام کیا پس کاٹے گئے ابوبکر بیچ پانون اپنے کے

مِنَ الْجُحْرِ وَلَمْ يَتَحَرَّكْ مَخَافَةَ أَنْ يَنْتَبِهَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سوراخ سے اور نہ ہلے ابوبکر واسطے خوف اسکے کہ جاگ اوٹہین رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم

فَسَقَطَتْ دُمُوعُهُ عَلَى وَجْهِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا لَكَ

پس گری آنسو ابوبکر کی اوپر چہرہ مبارک رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پس فرمایا حضرت صلعم نے کیا ہوا تجکو

يَا أَبَا بَكْرٍ قَالَ لُدِغْتُ فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي فَتَفَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اے ابابکر کہا ابوبکر نے کہ کاٹا گیا مین فدا ہون تجپر ماں باپ میرے پس ڈالا آب دہن مبارک رسول خدا صلعم نے

فَذَهَبَ مَا يَجِدُهُ ثُمَّ انْتَقَضَ عَلَيْهِ وَكَانَ سَبَبَ مَوْتِهِ وَأَمَّا يَوْمُهُ

پس جاتی رہی وہ چیز کہ پاتے تھے اسکو ابوبکر پھر رجوع کیا اثر زہر نے ابوبکر پر اور ہوا یہی سبب موت ابی بکر کا اور ایک دن ابی بکر کا

فَلَمَّا قُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ارْتَدَّتِ الْعَرَبُ وَقَالُوا لَا

کہ جب وفات پائی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مرتد ہوئے بعضے عرب اور کہا کہ نہیں

نُؤَدِّي زَكٰوةً فَقَالَ لَوْ مَنَعُونِي عِقَالًا لَجَاهَدْتُهُمْ عَلَيْهِ فَقُلْتُ يَا

دینگے ہم زکوۃ پس کہا ابوبکر نے اگر نہ دینگے مجھکو رسی اونٹ کی پاؤں باندھنی کی البتہ جہاد کرونگا میں اونپر پس کہا میں نے اے

خَلِيفَةَ رَسُولِ اللّٰهِ تَأَلَّفِ النَّاسَ وَارْفُقْ بِهِمْ فَقَالَ لِي أَجَبَّارٌ

خلیفہ رسول خدا کے الفت کرو لوگوں سے اور نرمی کرو ساتھ اونکے پس کہا مجھکو آیا تو شجاع تھا

فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَخَوَّارٌ فِي الْإِسْلَامِ إِنَّهُ قَدِ انْقَطَعَ الْوَحْيُ وَتَمَّ الدِّينُ

زمانہ جاہلیت میں اور نامرد ہوگیا اسلام میں تحقیق شان یہ ہے کہ تحقیق منقطع ہوگئی وحی اور تمام ہوا دین

أَيَنْقُصُ وَأَنَا حَيٌّ رَوَاهُ رَزِينٌ بَابُ مَنَاقِبِ عُمَرَ اَلْفَصْلُ

کیا ناقص ہووے دین درحالانکہ میں زندہ ہوں روایت کی یہ رزین نے - باب ہے بیچ بیان مناقب عمر رضہ کے - فصل

الْأَوَّلُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ

پہلی - روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق

كَانَ فِيمَا قَبْلَكُمْ مِنَ الْأُمَمِ مُحَدَّثُونَ فَإِنْ يَكُ أَحَدٌ فِي أُمَّتِي

تھے بیچ اون لوگوں کے کہ تھے پہلے تمسے امتوں سے الہام کیے گئے پس اگر ہو میری امت میں کوئی شخص

فَإِنَّهُ عُمَرُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ قَالَ اسْتَأْذَنَ

پس تحقیق وہ شخص عمر ہوگا متفق علیہ - اور روایت ہے سعد بیٹے ابی وقاص کے سے کہ کہا پروانگی مانگی

عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ نِسْوَةٌ مِنْ قُرَيْشٍ

عمر بن الخطاب رضہ نے واسطے درآنیکے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور آنحضرت کے پاس تھی کتنی ایک عورتیں قریش میں سے

يُكَلِّمْنَهُ وَيَسْتَكْثِرْنَهُ عَالِيَةً أَصْوَاتُهُنَّ فَلَمَّا اسْتَأْذَنَ عُمَرُ قُمْنَ

کہ کلام کرتی تھیں حضرت سے اور بہت طلب کرتی تھیں درحالیکہ بلند تھیں آوازیں اون عورتوں کی پس جبکہ اذن چاہا عمر نے اٹھیں وہ عورتیں

فَبَادَرْنَ الْحِجَابَ فَدَخَلَ عُمَرُ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضْحَكُ فَقَالَ

اور دوڑیں طرف پردہ کے پس داخل ہوئے عمر اسحالت میں کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم ہنستے تھے پس کہا عمر نے

احتمال ہے کہ ان سب کا آواز بلکہ گونج اٹھا ہو نہ یہ کہ ہر ایک کا آواز بانفراد حضرت صلعم کی آواز سے بلند تھا کہا ملا علی نے اسحدیث

أضحك الله سنك يا رسول الله فقال النبي صلى الله عليه وسلم عجبت من

کر ہنسیشہ ہنسائے اللہ دانت آپکے یا رسول اللہ پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تعجب کیا مینے

هؤلاء اللاتي كن عندي فلما سمعن صوتك ابتدرن الحجاب

ان عورتون سے کہ تھین میرے پاس پس جبکہ سنی آواز تیری جلدی سے ہوگئین پردہ مین

قال عمر يا عدوات أنفسهن أتهبنني ولا تهبن رسول الله

کہا عمر نے اے دشمنو اپنی جانون کے کیا ہیبت رکھتی ہو مجھسے اور ہیبت نہیں رکھتی تم رسول خدا

صلى الله عليه وسلم فقلن نعم أنت أفظ وأغلظ فقال رسول الله صلى الله عليه

صلے اللہ علیہ وسلم سے کہا عورتون نے کہ ہان ڈرتی ہین ہم تجھسے کہ تو نہایت سخت خو اور نہایت سخت گو ہے پس فرمایا حضرت نے

إيه يا ابن الخطاب والذي نفسي بيده ما لقيك الشيطان سالكا

کہ اور کلام کر اے بیٹے خطاب کے قسم اوس ذات کی کہ جان میری اوسکے ہاتھ مین ہے ہرگز نہیں ملتا تجھسے شیطان اسحالت مین کہ تو

فجا قط إلا سلك فجا غير فجك متفق عليه وقال الحميدي زاد

راہ مین مگر کہ چلتا ہے شیطان اور راہ مین غیر راہ تیری کے متفق علیہ اور کہا حمیدی نے زیادہ کیا

البرقاني بعد قوله يا رسول الله ما أضحكك وعن جابر قال

برقانی نے بعد قول اوسکے کے یا رسول اللہ کس چیز نے ہنسایا تجھکو۔ اور روایت ہے جابر رضی اللہ سے کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم دخلت الجنة فإذا أنا بالرميصاء امرأة

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ داخل ہوا مین بہشت مین پس ناگہان ملا مین ساتھ رمیصاء عورت

أبي طلحة وسمعت خشفة فقلت من هذا فقال هذا بلال و

ابی طلحہ کے اور سنی مینے آواز پانو کی پس کہا مینے کہ کون ہے یہ پس کہا یہ بلال ہے اور

رأيت قصرا بفنائه جارية فقلت لمن هذا فقالوا لعمر بن

دیکھا مینے ایک محل کہ اوسکی جانب مین ہے ایک عورت نوجوان پس کہا مینے کہ واسطے کسکے ہے یہ محل پس کہا انہون نے کہ عمر بن

الخطاب فأردت أن أدخله فأنظر إليه فذكرت غيرتك فقال

الخطاب کے لیے ہے پس چاہا مینے کہ داخل ہوؤن مین اوس محل مین پس دیکھون طرف اوسکے پس یاد کی مینے غیرت تمہاری پس کہا

عمر بأبي أنت وأمي يا رسول الله أعليك أغار متفق عليه وعن

عمر نے قربان ہوون تجپر باپ ماں میرے یا رسول اللہ کیا تمہارے گھر داخل ہونے پر غیرت کرونگا مین متفق علیہ۔ اور روایت ہے

أَبِي سَعِيدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَيْتُ النَّاسَ

ابی سعید رضی سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اوسوقت کہ مین سوتا تہا دیکہتا ہو مین لوگونکو

يُعْرَضُونَ عَلَيَّ وَعَلَيْهِمْ قُمُصٌ مِنْهَا مَا يَبْلُغُ الثُّدِيَّ وَمِنْهَا مَا دُونَ

کہ روبرو لائے جاتے ہین میرے اور اونپر کرتے ہین بعضے اونمین سے ایسے ہین کہ پہنچتے ہین سینہ تک اور بعضے اونمین سے

ذٰلِكَ وَعُرِضَ عَلَيَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَعَلَيْهِ قَمِيصٌ يَجُرُّهُ قَالُوا فَمَا

اوس سے اور روبرو لائے گئے مجہپر عمر بن الخطاب اسحالمین کہ اونپر تہا ایسا کرتہ کہینچتے تہے اوسکو کہا بعضے صحابہ نے پس کیا

أَوَّلْتَ ذٰلِكَ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ الدِّينَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ ابْنِ

تعبیر کی آپنے اسکی یا رسول اللہ فرمایا حضرت نے کہ تعبیر کیا مینے اوسکو ساتہ دین کی متفق علیہ۔ اور روایت ہی ابن

عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ أُتِيتُ بِقَدَحِ

عمر رضی سے کہ کہا سنا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تہے اوسوقت کہ مین سوتا تہا لایا گیا مین ایک پیالہ

لَبَنٍ فَشَرِبْتُ حَتّٰى إِنِّي لَأَرَى الرِّيَّ يَخْرُجُ فِي أَظْفَارِي ثُمَّ أَعْطَيْتُ

دودہ کا پس پیا مینے یہانتک کہ تحقیق مینے البتہ دیکہی سیرابی کہ نکلتی ہے میرے ناخنون مین سے پہر دیا مینے

فَضْلِي عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالُوا فَمَا أَوَّلْتَهُ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ الْعِلْمَ

بچا ہوا اپنا عمر بن الخطاب رضہ کو کہا لوگون نے پس کیا تعبیر دی تمنے اسکی یا رسول اللہ فرمایا کہ تعبیر دی مینے اوسکی علم

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ

متفق علیہ۔ اور روایت ہی ابی ہریرہ رضہ سے کہ کہا سنا مینے رسول خدا صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَيْتُنِي عَلٰى قَلِيبٍ عَلَيْهَا دَلْوٌ فَنَزَعْتُ

علیہ وسلم سے فرماتے اوسوقت کہ مین سوتا تہا دیکہا مینے اپنے تئین اوپر کنوین بے منڈ کے کہ اوسپر ایک ڈول ہی

مِنْهَا مَا شَاءَ اللهُ ثُمَّ أَخَذَهَا ابْنُ أَبِي قُحَافَةَ فَنَزَعَ مِنْهَا ذَنُوبًا

اوس کنوین مین سے جسقدر چاہا اللہ نے پہر لیا ڈول ابن ابی قحافہ نے پس کہینچا ابوبکر نے اوس کنوین مین سے ایک ڈول

أَوْ ذَنُوبَيْنِ وَفِي نَزْعِهِ ضَعْفٌ وَاللهُ يَغْفِرُ لَهُ ضَعْفَهُ ثُمَّ

یا دو ڈول اور بیچ کہینچنے ابی بکر کے سستی اور ناتوانی ہے اور اللہ بخشے ابوبکر رضہ کے لیے سستی اونکی کو پہر

اسْتَحَالَتْ غَرْبًا فَأَخَذَهَا ابْنُ الْخَطَّابِ فَلَمْ أَرَ عَبْقَرِيًّا مِنَ

ہوگیا وہ ڈول چرس پس لیا اوسکو عمر بن خطاب نے پس نہین دیکہا مینے کسی قوی شخص کو

سو نکل گئی یہ سنکر عمر اپنے بہن کیطرف چلے اور وہ سورہ طہٰ پڑھتی تھی الربع الرابع تھی عمر نے آکر سنا پھر دروازہ کھولکر بہن کے پاس گئے اور پوچھا

النَّاسَ يَنْزِعُ نَزْعَ عُمَرَ حَتَّى ضَرَبَ النَّاسُ بِعَطَنٍ وَفِي رِوَايَةِ ابْنِ

لوگوں میں سے کہ کھینچتا ہو کھینچنا عمر کا سا یہانتک کہ سیراب کیے لوگوں نے اونٹ اپنے اور بٹھائے اونٹ اور مقرر کیے اونٹوں کے لیے

عُمَرَ قَالَ ثُمَّ أَخَذَهَا ابْنُ الْخَطَّابِ مِنْ يَدِ أَبِي بَكْرٍ فَاسْتَحَالَتْ فِي يَدِهِ

عمر رضہ کو یوں آیا ہے کہا کہ پھر لیا ڈول عمر بن الخطاب نے ابی بکر کے ہاتھ سے پس ہو گیا وہ ڈول عمر رضہ کے ہاتھ میں

غَرْبًا فَلَمْ أَرَ عَبْقَرِيًّا يَفْرِي فَرِيَّهُ حَتَّى رَوِيَ النَّاسُ وَضَرَبُوا بِعَطَنٍ

چرسہ پس نہیں دیکھا میں نے کسی شخص کو کہ عمل کرتا ہو عمل عمر کا سا یہانتک کہ سیراب کیا لوگوں کو اور مقرر کیے اونٹوں نے آرامگاہ

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اَلْفَصْلُ الثَّانِي عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ

متفق علیہ۔ فصل دوسری۔ روایت ہے ابن عمر رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللهَ جَعَلَ الْحَقَّ عَلَى لِسَانِ عُمَرَ وَقَلْبِهِ رَوَاهُ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے جاری کیا ہے حق اوپر زبان عمر رضہ کے اور دل اوسکے روایت کی ہے

التِّرْمِذِيُّ وَفِي رِوَايَةِ أَبِي دَاوُدَ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ إِنَّ اللهَ وَضَعَ

ترمذی نے اور بیچ روایت ابی داؤد کے ابی ذر رضہ سے یوں آیا ہے کہ فرمایا آنحضرت نے بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے رکھا ہے

الْحَقَّ عَلَى لِسَانِ عُمَرَ يَقُولُ بِهِ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ مَا كُنَّا نُبْعِدُ

حق اوپر زبان عمر رضہ کے کہتا ہے ساتھ حق کے۔ اور روایت ہے علی رضہ سے کہ کہا نہ تھے ہم کہ بعید جانتے ہیں

أَنَّ السَّكِينَةَ تَنْطِقُ عَلَى لِسَانِ عُمَرَ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي دَلَائِلِ

کہ بیشک سکینہ جاری ہوتی ہے اوپر زبان عمر رضہ کے روایت کی ہے بیہقی نے دلائل

النُّبُوَّةِ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللَّهُمَّ

النبوت میں۔ اور روایت ہے ابن عباس رضہ سے کہ روایت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ کہا اے خداوندا

أَعِزَّ الْإِسْلَامَ بِأَبِي جَهْلِ بْنِ هِشَامٍ أَوْ بِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَأَصْبَحَ

غالب کر دین اسلام کو بسبب ابوجہل بن ہشام کے یا بسبب عمر بن الخطاب کے پس صبح کی

عُمَرُ فَغَدَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَسْلَمَ ثُمَّ صَلَّى فِي الْمَسْجِدِ ظَاهِرًا

عمر رضہ نے پس آئے عمر اول روز میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اسلام لائے پھر نماز پڑھی حضرت نے مسجد میں آشکارا

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ عُمَرُ لِأَبِي بَكْرٍ

روایت کی یہ احمد اور ترمذی نے۔ اور روایت ہے جابر رضہ سے کہ کہا کہا عمر رضہ نے واسطے ابی بکر رضہ کو

يا خير الناس بعد رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال ابو بكر اما انك ان

اے بہترین لوگوں کے بعد رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پس کہا ابو بکر رضہ نے آگاہ ہو کہ تحقیق تو اگر

قلت ذلك فلقد سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ما طلعت

کہا مجکو بہترین لوگوں کا تو تحقیق سنا ہے میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے نہیں طلوع ہوا

الشمس على رجل خير من عمر رواه الترمذي وقال هذا حديث

آفتاب اوپر کسی شخص کے کہ بہتر ہو عمر رضہ سے روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث

غريب وعن عقبة بن عامر قال قال النبي صلى الله عليه وسلم لو كان

غریب ہے - اور روایت ہے عقبہ بن عامر رضہ سے کہ کہا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اگر ہوتا

بعدي نبي لكان عمر بن الخطاب رواه الترمذي وقال هذا

پیچھے میرے کوئی نبی تو البتہ ہوتا عمر بن الخطاب روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ

حديث غريب وعن بريدة قال خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم

حدیث غریب ہے - اور روایت ہے بریدہ رضی اللہ عنہ سے کہ نکلے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم

في بعض مغازيه فلما انصرف جاءت جارية سوداء فقالت

بیچ بعض جہادوں اپنے کے پس جبکہ پھیری حضرت جہاد سے آئی آپکے پاس ایک لڑکی سیاہ پس کہا اوسنے

يا رسول الله اني كنت نذرت ان ردك الله صالحا ان اضرب

یا رسول اللہ تحقیق میں نے نذر کی تھی کہ اگر پھیر لائیگا آپکو اللہ سفر سے صحیح سالم تو بجاؤنگی میں

بين يديك بالدف واتغنى فقال لها رسول الله صلى الله عليه وسلم

آپکے آگے دف اور گاؤنگی پس فرمایا اوسکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

ان كنت نذرت فاضربي والا فلا فجعلت تضرب فدخل

کہ اگر تو نے نذر کی ہے تو پس بجا دف اور اگر نذر نہیں کی ہے تو پس مت بجا دف پس شروع کیا چھوکری نے بجانا پس آئے

ابو بكر وهي تضرب ثم دخل علي وهي تضرب ثم دخل

ابو بکر صدیق اور وہ چھوکری بجاتی تھی دف بعد ازاں آئے علی رضہ اور وہ چھوکری بجاتی تھی دف پھر آئے

عثمان وهي تضرب ثم دخل عمر فالقت الدف تحت استها

عثمان رضہ اور وہ بجاتی تھی دف پھر آئے عمر رضہ پس ڈالا دف اوس لڑکی نے نیچے چوتڑوں اپنے کے

ثُمَّ قَعَدَتْ عَلَيْهَا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الشَّيْطَانَ

پھر بیٹھی چوتڑ اوپر پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق شیطان البتہ

لَيَخَافُ مِنْكَ يَا عُمَرُ إِنِّي كُنْتُ جَالِسًا وَهِيَ تَضْرِبُ فَدَخَلَ أَبُو بَكْرٍ

البتہ ڈرتا ہے تجھسے اے عمر تحقیق میں بیٹھا تھا اسحالمیں کہ وہ بجاتی تھی دف پس آئے ابوبکرؓ

وَهِيَ تَضْرِبُ ثُمَّ دَخَلَ عَلِيٌّ وَهِيَ تَضْرِبُ ثُمَّ دَخَلَ عُثْمَانُ وَهِيَ

اور وہ بجاتی رہی دف پھر آئے علیؓ اور وہ بجاتی رہی پھر آئے عثمانؓ اور وہ

تَضْرِبُ فَلَمَّا دَخَلْتَ أَنْتَ يَا عُمَرُ أَلْقَتِ الدُّفَّ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

بجاتی رہی پس جبکہ آیا تو اے عمر ڈالدیا اوسنے دف روایت کی یہ ترمذی نے

وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ غَرِيبٌ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ

اور کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ اور روایت ہے عائشہؓ سے کہ کہا تھے

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا فَسَمِعْنَا لَغَطًا وَصَوْتَ صِبْيَانٍ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم بیٹھے ہوئے پس سنی ہمنے شور وغوغا اور سنی ہمنے آواز لڑکوں کی

فَقَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا حَبَشِيَّةٌ تَزْفِنُ وَالصِّبْيَانُ حَوْلَهَا

پس کھڑے ہوئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم پس ناگہاں ایک عورت حبشیہ کودتی تھی اور لڑکے گرد اوسکے تھے

فَقَالَ يَا عَائِشَةُ تَعَالَيْ فَانْظُرِي فَجِئْتُ فَوَضَعْتُ لَحْيِي عَلَى مَنْكِبِ

پس فرمایا حضرت صلے اے عائشہ آ اور دیکھ تماشا پس آئی میں اور رکھی میں نے کلی اپنی اوپر کندہے

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلْتُ أَنْظُرُ إِلَيْهَا مَا بَيْنَ الْمَنْكِبِ إِلَى رَأْسِهِ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پس شروع کیا میں نے دیکھنا طرف حبشیہ کے درمیان کندہے اور سر کے حضرت صلعم

فَقَالَ لِي أَمَا شَبِعْتِ أَمَا شَبِعْتِ فَجَعَلْتُ أَقُولُ لَا لِأَنْظُرَ مَنْزِلَتِي

پس فرمایا حضرت نے مجھکو کیا سیر نہیں ہوئی تو کیا سیر نہیں ہوئی تو پس شروع کیا میں نے کہتی تھی میں نہیں سیر ہوئی میں تاکہ دیکھوں

عِنْدَهُ إِذْ طَلَعَ عُمَرُ فَارْفَضَّ النَّاسُ عَنْهَا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

نزدیک حضرت صلعم کے ناگہاں نمودار ہوئے عمرؓ پس متفرق ہوئے لوگ دیکھنے والے گرد اوس عورت کے سے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي لَأَنْظُرُ إِلَى شَيَاطِينِ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ قَدْ فَرُّوا مِنْ عُمَرَ قَالَتْ

علیہ وسلم نے کہ تحقیق میں البتہ دیکھتا ہوں طرف شیاطین جن و انس کے کہ تحقیق بھاگ گئے ہیں عمرؓ سے کہا عائشہؓ نے

فرجعت رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن صحيح غريب

پس پھری ہیں روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے

الفصل الثالث عن انس وابن عمر ان عمر قال وافقت

فصل تیسری روایت ہے انس رض اور ابن عمر رض سے کہ عمر نے کہا موافقت کی میں نے

ربي في ثلث قلت يا رسول الله لو اتخذنا من مقام ابراهيم

پروردگار اپنے کی تین چیز میں ایک یہ کہ کہا میں نے یا رسول اللہ اگر پکڑتے ہم مقام ابراہیم کو

مصلى فنزلت واتخذوا من مقام ابراهيم مصلى وقلت يا رسول

جائے نماز تو بہتر ہوتا پس اتری یہ آیت اور ٹھہراؤ تم مقام ابراہیم کو نماز کی جگہ اور دوسرے یہ کہ کہا میں نے یا رسول

الله يدخل على نسائك البر والفاجر فلو امرتهن يحتجبن فنزلت

اللہ داخل ہوتے ہیں آپکی بیویوں پر نیک اور بد پس اگر حکم کرتے اپنی بیویوں کو کہ پردہ میں رہیں تو بہتر ہوتا پس اتری

اية الحجاب واجتمع نساء النبي صلى الله عليه وسلم في الغيرة فقلت عسى ربه

آیت پردہ کی اور تیسرے یہ کہ جمع ہوئیں عورتیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بیچ قصہ غیرت کے پس کہا میں نے

ان طلقكن ان يبدله ازواجا خيرا منكن فنزلت كذلك وفي

اگر طلاق دیویں حضرت تمکو تو امید ہے کہ پروردگار ان کا بدل دیگا ان کو بیویاں بہتر تم سے پس اتری یہ آیت اسی طرح اور بیچ

رواية لابن عمر قال وافقت ربي في ثلث في مقام ابراهيم وفي الحجاب وفي

ایک روایت ابن عمر کے یوں آیا ہے کہ موافقت کی میں نے رب اپنے کی بیچ تین چیز کے ایک تو نماز ادا کرنے میں بیچ مقام ابراہیم کے دوسرے

اسارى بدر متفق عليه وعن ابن مسعود قال فضل الناس

بیچ قیدیوں بدر کے متفق علیہ اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہا فضیلت دیئے گئے آدمیوں پر

عمر بن الخطاب باربع بذكر الاسارى يوم بدر امر بقتلهم فانزل

عمر بن الخطاب رض بسبب چار چیز کے ایک تو بسبب ذکر کرنے اونکے قیدیوں کو روز بدر کے حکم کیا عمر نے انکے قتل کرنیکا پس اتاری

الله تعالى لولا كتب من الله سبق لمسكم فيما اخذتم عذاب

اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اگر نہ ہوتا حکم اللہ کیطرف سے سبقت لیگیا تو البتہ پہنچتا تمکو بسبب اوس چیز کے کہ لیا تم نے عذاب

عظيم وبذكره الحجاب امر نساء النبي صلى الله عليه ان يحتجبن

بڑا اور بسبب ذکر کرنے اونکے پردہ کو حکم کیا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویوں کو یہ کہ پردہ کریں

اس سے معلوم ہوا کہ تمام عورتوں پر پردہ واجب ہے یعنے حضرت کی ازواج مطہرات کے لیے یہ حکم تھا کہ بالکل پردہ میں رہیں اور لوگوں کے سامنے نہ آویں اگر

فقالت له زينب وإنك علينا يا ابن الخطاب والوحي ينزل في

پس کہا عمر سے زینب نے تحقیق تو ایا حکم کرتا ہی ہم پر اے بیٹے خطاب کے اور حال آنکہ وحی اترتی ہے

بيوتنا فأنزل الله تعالى وإذا سألتموهن متاعا فاسألوهن من

ہمارے گھروں میں پس اتاری الله تعالی نے یہ آیت اور جب مانگو تم حضرت کی بیویوں سے کچھ چیز فائدہ کی پس مانگو تم اونسے

وراء حجاب وبدعوة النبي صلى الله عليه وسلم اللهم أيد الإسلام بعمر

پردہ کے پیچھے سے اور بسبب قبولیت دعا نبی صلی الله علیہ وسلم کے اونکے حق میں کہ دعا کی خداوندا قوی کر دین اسلام کو بسبب اسلام عمر کے

وبرأيه في أبي بكر كان أول ناس بايعه رواه أحمد وعن أبي

اور بسبب اپنی رای کے بیچ بیعت ابی بکر کے تھے عمر پہلے آدمیوں میں سے کہ بیعت کی ابو بکر سے روایت کی یہ احمد نے۔ اور روایت ہے ابی

سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ذاك الرجل أرفع أمتي

سعید سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی الله علیہ وسلم نے کہ وہ شخص ہے بہت بلند ہے امت میری میں

درجة في الجنة قال أبو سعيد والله ما كنا نرى ذلك الرجل

از روی مرتبہ کے بہشت میں کہا ابو سعید نے قسم خدا کی نہ تھے ہم کہ گمان لیجاویں اس شخص کو کہ کون ہے

إلا عمر بن الخطاب حتى مضى لسبيله رواه ابن ماجة وعن

مگر عمر بن الخطاب پر یہانتک کہ گذر گئے عمر ساتھ راہ اپنے کے روایت کی یہ ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے

أسلم قال سألني ابن عمر بعض شأنه يعني عمر فأخبرته فقال

اسلم سے کہ کہا سوال کیا مجھ سے ابن عمر نے بعض حال اونکا یعنی عمر کا پس خبر دی میں نے اونکو کہا اسلم نے

ما رأيت أحدا قط بعد رسول الله صلى الله عليه وسلم من

نہیں دیکھا میں نے کسیکو ہرگز بعد رسول خدا صلی الله علیہ وسلم کے

حين قبض كان أجد وأجود حتى انتهى من عمر رواه البخاري

اور سے وقت کہ وفات پائی حضرت نے کہ ہو کوئی وہ بہت کوشش کرنیوالا اور بخشش کرنیوالا عمر سے یہانتک کہ نہایت کو پہنچے عمر روایت کی یہ بخاری نے

وعن المسور بن مخرمة قال لما طعن عمر جعل يألم فقال له ابن عباس وكأنه

اور روایت ہے مسور بن مخرمہ سے کہ کہا جس وقت کہ زخمی کئے گئے عمر ہونے لگے عمر کہ درد ظاہر کرتے تھے پس کہا ابن عباس نے اور گویا کہ ابن عباس

يجزعه يا أمير المؤمنين ولا كل ذلك لقد صحبت رسول الله صلى الله عليه وسلم و

طرف جزع فزع کے اے امیر المومنین اور نہ یہ سب جزع فزع کرنا چاہیے البتہ تحقیق صحبت رکھی تم نے رسول خدا صلی الله علیہ وسلم سے

فاحسنت صحبته ثم فارقك وهو عنك راض ثم صحبت ابا بكر فاحسنت

پس اچھی طرح صحبت رکھی تو نے اون سے بعد جدا ہوئے حضرت صلعم تجھ سے اس حالت میں کہ وہ تجھ سے راضی تھے پھر صحبت رکھی تو نے ابو بکر سے پس اچھی

صحبته ثم فارقك وهو عنك راض ثم صحبت المسلمين فاحسنت صحبتهم ولئن

صحبت رکھی تھی اون سے پھر جدا ہوئے وہ تجھ سے اس حالت میں کہ تجھ سے راضی تھے پھر صحبت رکھی تو نے مسلمانوں سے پس اچھی صحبت رکھی تو نے ان سے اور البتہ اگر

فارقتهم لتفارقنهم وهم عنك راضون قال اما ما ذكرت من صحبة رسول الله صلى الله عليه وسلم

جدا ہووے گے تم ان سے البتہ جدا ہوگے ان سے اس حالت میں کہ وہ تجھ سے راضی ہیں کہا عمر نے اما یہ جو چیز کہ ذکر کی تو نے صحبت آنحضرت صلعم کی سے

ورضاه فانما ذلك من من الله من به علي واما ما ذكرت من صحبة ابي بكر ورضاه فانما ذلك من

اور انکی رضا سے پس سوا اسکے نہیں کہ یہ نعمت ہے خدا کی طرف سے کہ احسان رکھا ساتھ اوسکے مجھ پر اور اما یہ جو چیز کہ ذکر کی تو نے صحبت ابو بکر سے اور انکی

من الله من به علي واما ما ترى من جزعي فهو من اجلك و

اللہ کی طرف سے کہ احسان کیا ساتھ اوسکے مجھ پر اور اما یہ جو کچھ کہ دیکھتا ہے تو بے صبری میری سو پس وہ بسبب تیرے اور

من اجل اصحابك والله لو ان لي طلاع الارض ذهبا لافتديت

بسبب یاروں تیرے کے ہے قسم ہے اللہ کی اگر تحقیق ہو میرے لیے بقدر بھری زمین کے سونا البتہ بدلہ دوں میں

به من عذاب الله قبل ان اراه رواه البخاري باب مناقب

اسکو عذاب اللہ کے سے پہلے اسکے کہ دیکھوں میں اوسکو روایت کی یہ بخاری نے - باب ہے بیچ مناقب کے

ابي بكر وعمر الفصل الاول عن ابي هريرة عن

ابی بکر رض اور عمر رض کے - فصل پہلی - روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ نقل کی

رسول الله صلى الله عليه وسلم قال بينما رجل يسوق بقرة اذ اعيى

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا حضرت صلعم نے اوس وقت کہ ایک شخص ہانکتا تھا ایک گائے کو ناگہاں تھک گیا

فركبها فقالت انا لم نخلق لهذا انما خلقنا لحراثة الارض

پس سوار ہوا اوس پر پس بولی گائے کہ ہم نہیں پیدا کیے گئے ہیں اس لیے سوا اسکے نہیں کہ ہم پیدا کیے گئے ہیں واسطے کشت و کار زمین کے

فقال الناس سبحان الله بقرة تكلم فقال رسول الله صلى الله

پس کہا لوگوں نے سبحان اللہ گائے بولتی ہے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ

عليه وسلم فاني اومن به انا وابو بكر وعمر وما هما ثم وقال بينما

علیہ وسلم نے پس تحقیق میں ایمان لاتا ہوں ساتھ اسکے اور ابو بکر اور عمر اور نہیں تھے ابو بکر اور عمر اوس جگہ اور کہا ابو ہریرہ نے اوس وقت

ہو جاتے تھے یہ دونوں صاحب مثل اکثر احوال میں بسبب ہونے دونوں کے وزیر پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے اور مقرب وقت بوقت درگاہ کے

رَجُلٌ فِي غَنَمٍ لَهُ إِذْ عَدَا الذِّئْبُ عَلَى شَاةٍ مِنْهَا فَأَخَذَهَا فَأَدْرَكَهَا

کہ ایک شخص تھا اپنی ریوڑ میں ناگہاں حملہ کیا بھیڑیے نے ایک بکری پر ریوڑ میں سے پس پکڑا بھیڑیے نے بکری کو پس پہنچا بکری کا

صَاحِبُهَا فَاسْتَنْقَذَهَا فَقَالَ لَهُ الذِّئْبُ فَمَنْ لَهَا يَوْمَ السَّبُعِ

مالک اوسکا اور چھڑا لیا بکری کو بھیڑیے سے پس کہا اوس شخص سے بھیڑیے نے کہ پس کون نگہبان ہوگا اس بکری کا دن سبع کے

يَوْمَ لَا رَاعِيَ لَهَا غَيْرِي فَقَالَ النَّاسُ سُبْحَانَ اللّٰهِ ذِئْبٌ يَتَكَلَّمُ

اوس دن کہ نہیں ہوگا کوئی چرانیوالا اوسکا سوا میرے پس کہا لوگوں نے سبحان اللہ بھیڑیا بولتا ہے

فَقَالَ أُومِنُ بِهِ أَنَا وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَمَا هُمَا ثَمَّ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ

پس فرمایا حضرت نے کہ ایمان لاتا ہوں اس پر اور ابوبکر اور عمر اور نہیں تھے وہ دونوں اوس جگہ متفق علیہ - اور روایت ہے

ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ إِنِّي لَوَاقِفٌ فِي قَوْمٍ فَدَعَوُا اللّٰهَ لِعُمَرَ وَقَدْ وُضِعَ

ابن عباس رضی سے کہا تحقیق میں البتہ کھڑا تھا ایک قوم میں پس دعا خیر کی اوس قوم نے واسطے عمر کے اور حالیکہ تحقیق رکھا گیا تھا

عَلَى سَرِيرِهِ إِذَا رَجُلٌ مِنْ خَلْفِي قَدْ وَضَعَ مِرْفَقَهُ عَلَى مَنْكِبِي يَقُولُ

اپنے تخت پر ناگہاں ایک شخص نے پیچھے میرے سے تحقیق رکھی کہنی اپنی میرے مونڈھے پر کہتا ہے وہ شخص

يَرْحَمُكَ اللّٰهُ إِنِّي لَأَرْجُو أَنْ يَجْعَلَكَ اللّٰهُ مَعَ صَاحِبَيْكَ لِأَنِّي كَثِيرًا

رحمت کرے تجکو اللہ بلاشبہ میں البتہ امید رکھتا ہوں یہ کہ گردانے تجکو اللہ ساتھ دونوں یار تمہارے کے واسطے کہ میں بہت

مَا كُنْتُ أَسْمَعُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ كُنْتُ وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَ

تھا سنتا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھا میں اور ابوبکر اور عمر اور

فَعَلْتُ وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَانْطَلَقْتُ وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَدَخَلْتُ وَأَبُو بَكْرٍ

کیا میں نے اور ابوبکر اور عمر نے اور چلا میں اور ابوبکر اور عمر اور داخل ہوا میں اور ابوبکر

وَعُمَرُ وَخَرَجْتُ وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ فَالْتَفَتُّ فَإِذَا عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ مُتَّفَقٌ

اور عمر اور نکلا میں اور ابوبکر اور عمر پس پیچھے پھر کر دیکھا میں نے پس ناگہاں وہ شخص تھے علی بن ابی طالب متفق

عَلَيْهِ اَلْفَصْلُ الثَّانِي عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ

علیہ فصل دوسری - روایت ہے ابوسعید خدری رضی سے کہ تحقیق نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ لَيَتَرَاءَوْنَ أَهْلَ عِلِّيِّينَ كَمَا

صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تحقیق بہشتی البتہ دیکھیں گے اہل علیین کو جیسے کہ

ترون الكوكب الدري في افق السماء وان ابا بكر وعمر منهم

كَانَتْ اُمُّ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَنِي زُهْرَةَ فَلِذٰلِكَ قَالَ النَّبِيُّ

تھیں والدہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بنی زہرہ سے پس اسی سبب سے فرمایا نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا خَالِي وَفِي الْمَصَابِيحِ فَلْيُكْرِمَنَّ بَدَلَ فَلْيُرِنِي

صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ یہ ماموں میرا ہے اور مصابیح میں اس طرح ہے کہ اکرام کرے ہر ماموں اپنے کا بدلے لفظ فلیرنی کے

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعْدَ

فصل تیسری روایت ہے قیس بن ابی حازم سے کہ کہا سنا میں نے سعد

ابْنَ اَبِي وَقَّاصٍ يَقُولُ اِنِّي لَاَوَّلُ رَجُلٍ مِنَ الْعَرَبِ رَمٰى بِسَهْمٍ فِي

بن ابی وقاص سے کہتے تحقیق میں اول اون شخصوں کا ہوں عرب میں سے کہ پھینکا تیر

سَبِيلِ اللّٰهِ وَرَاَيْتُنَا نَغْزُوْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا لَنَا

راہ خدا میں اور دیکھا میں نے اپنے تئیں کہ جہاد کرتے تھے ہم ساتھ ہوکر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور نہیں تھی ہمارے لیے

طَعَامٌ اِلَّا الْحُبْلَةُ وَوَرَقُ السَّمُرِ وَاِنْ كَانَ اَحَدُنَا لَيَضَعُ كَمَا تَضَعُ

کچھ خوراک مگر پھل کیکر کے اور پتے کیکر کے اور تحقیق ایک ہمارا پاخانہ پھرتا تھا جیسے مینگنیاں

الشَّاةُ مَا لَهُ خِلْطٌ ثُمَّ اَصْبَحَتْ بَنُوْ اَسَدٍ تُعَزِّرُنِيْ عَلَى

بکریاں درحالیکہ نہیں تھی واسطے اوسکے آمیزش پھر ہوئے بنو اسد توبیخ کرتے ہیں مجھکو

الْاِسْلَامِ لَقَدْ خِبْتُ اِذًا وَضَلَّ عَمَلِي وَكَانُوْا وَشَوْا بِهِ اِلٰى عُمَرَ

اسلام پر البتہ تحقیق ناامید ہوا میں اوسوقت اور گم ہوا عمل میرا اور تھے بنو اسد کہ شکایت کی تھی سعد کی نزدیک عمرؓ کے

وَقَالُوْا لَا يُحْسِنُ يُصَلِّيْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ سَعْدٍ قَالَ

اور کہا تھا کہ نہیں اچھی طرح پڑھتے نماز متفق علیہ۔ اور روایت ہے سعدؓ سے کہ کہا

رأيتني وأنا ثالث الإسلام وما أسلم أحد إلا في اليوم الذي أسلمت

البتہ تحقیق جانا میں نے اپنے تئیں اور میں تیسرا تھا اہل اسلام کا اور نہیں اسلام لایا کوئی مگر بیچ اوس دن کہ اسلام لایا میں

فيه ولقد مكثت سبعة أيام وإني لثلث الإسلام رواه البخاري

اوسمیں اور البتہ تحقیق ٹھہرا میں سات دن اسی حالت پر کہ تحقیق میں البتہ تہائی اہل اسلام کا تھا روایت کی یہ بخاری نے

وعن عائشة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يقول لنسائه إن

اور روایت ہے عائشہ رضی سے کہ تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے اپنی بیویوں کو کہ تحقیق

أمركن مما يهمني من بعدي ولن يصبر عليكن إلا الصابرون

کار تمہارا اوس قسم سے ہے کہ فکر میں ڈالتا ہے مجکو بعد میرے اور صبر نہیں کرینگے اوپر احوال تمہارے مگر صبر کرنیوالے

الصديقون قالت عائشة يعني المتصدقين ثم قالت عائشة

صدیق کہا عائشہ رضی نے کہ مراد رکہتے تھے آنحضرت صدقہ دینے والے پھر کہا عائشہ رضی نے

لأبي سلمة بن عبد الرحمن سقى الله أباك من سلسبيل الجنة

واسطے ابی سلمہ بن عبد الرحمن کے کہ پلاوے خدا تعالی تیرے باپ کو چشمہ بہشت سے

وكان ابن عوف قد تصدق على أمهات المؤمنين بحديقة

اور تھا عبد الرحمن بن عوف کہ تحقیق تصدق کیا تھا آنحضرت کی بیویوں پر ایک باغ کہ

بيعت بأربعين ألفا رواه الترمذي وعن أم سلمة قالت

بیچا گیا چالیس ہزار کو روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے ام سلمہ رضی سے کہا اوس نے

سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لأزواجه إن الذي يحنو

سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے واسطے بیویوں اپنی کے کہ تحقیق وہ شخص کہ لپا کریگا

عليكن بعدي هو الصادق البار اللهم اسق عبد الرحمن

تم پر بعد میرے وہ سچا نیک ہے یا الٰہی پلا عبد الرحمن

ابن عوف من سلسبيل الجنة رواه أحمد وعن حذيفة

بن عوف کو چشمہ بہشت سے روایت کی یہ احمد نے۔ اور روایت ہے حذیفہ سے

قال جاء أهل نجران إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالوا يا رسول

کہا آئے اہل نجران رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس کہا اونہوں نے یا رسول

اللہ ابعث الینا رجلا امینا فقال لابعثن الیکم رجلا امینا حق

اللہ بھیج طرف ہمارے ایک شخص امانتدار پس فرمایا حضرتؐ نے کہ البتہ بھیجونگا میں طرف تمہارے ایک شخص امانتدار

امین فاستشرف لھا الناس قال فبعث ابا عبیدۃ بن الجراح

امانت دار پس منتظر ہوئے واسطے امارت کے لوگ کہا حذیفہؓ نے پس بھیجا حضرتؐ نے ابو عبیدہ بن الجراح کو

متفق علیہ وعن علی رضی اللہ عنہ قال قیل یا رسول اللہ من

متفق علیہ۔ اور روایت ہے علی رضی اللہ عنہ سے کہ عرض کیا گیا حضرتؐ سے کہ یا رسول اللہ کسکو

نؤمر بعدک قال ان تؤمروا ابا بکر تجدوہ امینا زاھدا فی الدنیا

امیر کریں ہم اپنے پر بعد وفات آپکی کے فرمایا آنحضرتؐ نے کہ اگر امیر کروگے تم بعد میرے ابوبکر کو پاؤگے تم اسکو امانت دار بے رغبت دنیا میں

راغبا فی الآخرۃ وان تؤمروا عمر تجدوہ قویا امینا لا یخاف فی

راغب آخرت میں اور اگر امیر کروگے تم عمرؓ کو پاؤگے تم اوسکو قوی امین نہیں ڈرتا ہے بیچ جاری کرنے

اللہ لومۃ لائم وان تؤمروا علیا ولا اراکم فاعلین تجدوہ

احکام دین خدا کے ملامت کسی ملامت کرنیوالے کی سے اور اگر امیر کروگے تم علی کو حالانکہ تحقیق میں نہیں گمان کرتا ہوں تمکو کرنیوالا

ھادیا مھدیا یاخذ بکم الطریق المستقیم رواہ احمد وعنہ

راہ راست دکھانیوالا سیدھی راہ پایا ہوا لیجاویگا تمکو راہ راست کو روایت کی یہ احمد نے۔ اور روایت ہے علیؓ سے

قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رحم اللہ ابا بکر زوجنی ابنتہ و

کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے رحمت کرے اللہ ابوبکر کو کہ نکاح کردیا مجھسے اپنی بیٹی کا اور

حملنی الی دار الھجرۃ وصحبنی فی الغار واعتق بلالا من مالہ

سوار کرلایا مجھکو اونٹنی پر طرف دار ہجرت کے اور ساتھ رہا میرے غار میں اور آزاد کیا بلال کو اپنے مال سے

رحم اللہ عمر یقول الحق وان کان مرا ترکہ الحق وما لہ من

رحمت کرے اللہ عمرؓ کو کہتا ہے حق اگرچہ تلخ لگے کسیکو کردیا اوسکو حق گوئی نے اس حالت میں کہ نہیں

صدیق رحم اللہ عثمان تستحییہ الملائکۃ رحم اللہ علیا اللھم

کوئی دوست رحمت کرے اللہ عثمانؓ کو کہ حیا کرتے ہیں اوس سے فرشتے رحمت کرے خدا تعالیٰ علی کو خداوندا

ادر الحق معہ حیث دار رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث

پھیر حق کو ساتھ علیؓ کے جدہر کو پھرے علی روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث

غریب بَابُ مَنَاقِبِ اَهْلِ بَيْتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

غریب ہے یہ باب ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے گھر والوں کی تعریف میں۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَكُمْ دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيًّا وَّفَاطِمَةَ وَحَسَنًا وَّحُسَيْنًا فَقَالَ اللّٰهُمَّ هٰٓؤُلَآءِ اَهْلُ بَيْتِيْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

فصل پہلی روایت ہے سعد بن ابی وقاص سے کہا جب اتری یہ آیت پس کہہ آؤ بلاویں ہم اپنے بیٹوں کو اور تمہاری بیٹوں کو بلایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے علی اور فاطمہ اور حسن اور حسین کو پس کہا حضرت نے خداوندا یہ ہیں اہل بیت میرے روایت کی یہ مسلم نے۔

وَعَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَدَاةً وَّعَلَيْهِ مِرْطٌ مُّرَحَّلٌ مِّنْ شَعْرٍ اَسْوَدَ فَجَآءَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَاَدْخَلَهٗ ثُمَّ جَآءَ الْحُسَيْنُ فَدَخَلَ مَعَهٗ ثُمَّ جَآءَتْ فَاطِمَةُ فَاَدْخَلَهَا ثُمَّ جَآءَ عَلِيٌّ فَاَدْخَلَهٗ ثُمَّ قَالَ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا رَوَاهُ مُسْلِمٌ

اور روایت ہے عائشہ رضی سے کہا باہر نکلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک صبح میں اور حضرت پر ایک کملی تھی نقشدار سیاہ بالوں سے پس آئے حسن بن علی راضی ہو اللہ اونسے پس داخل کیا حضرت نے اونکو پھر آئے امام حسین پس داخل کیا اونکو ساتھ حسن کے پھر آئیں فاطمہ پس داخل کیا حضرت نے فاطمہ کو پھر آئے علی پس داخل کیا اونکو پھر پڑھی یہ آیت نہیں چاہتا ہے خدا تعالیٰ مگر یہ کہ دور کرے تمسے گناہوں کی پلیدی اے اہل بیت نبوت اور پاک کرے تمکو پاک کرنا روایت کی یہ مسلم نے۔

وَعَنِ الْبَرَآءِ قَالَ لَمَّا تُوُفِّيَ اِبْرَاهِيْمُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لَهٗ مُرْضِعًا فِي الْجَنَّةِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

اور روایت ہے براء رضی سے کہا جس وقت کہ وفات پائی ابراہیم نے فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق اوسکے لیے دودھ پلانیوالی ہے بہشت میں روایت کی یہ بخاری نے۔

وَعَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ كُنَّا اَزْوَاجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَهٗ فَاَقْبَلَتْ

اور روایت ہے عائشہ رضی سے کہ کہا تھیں ہم کہ بیبیاں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی ہاں نزدیک حضرت کے پس آئیں

فَاطِمَةُ مَا تَخْفَى مِشْيَتُهَا مِنْ مِشْيَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا رَاٰهَا

فاطمہ رضہ نہیں چھپتی تھی روش چال فاطمہ کی روش چال رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی سے پس جبکہ دیکھا حضرت صلعم نے

قَالَ مَرْحَبًا بِابْنَتِيْ ثُمَّ اَجْلَسَهَا ثُمَّ سَارَّهَا فَبَكَتْ بُكَاءً شَدِيْدًا

فرمایا کشادگی ہو بیٹی میری کو پھر بٹھایا حضرت صلعم نے فاطمہ کو پھر بات کی اونسے چپکے سے پس روئیں فاطمہ رضہ رونا شدت سے

فَلَمَّا رَاٰی حُزْنَهَا سَارَّهَا الثَّانِيَةَ فَاِذَا هِيَ تَضْحَكُ فَلَمَّا قَامَ

پس جبکہ دیکھی آپنے غمگینی فاطمہ کی کچھ چپکے سے کہا اونسے دوسری بار پس ناگہاں وہ ہنسنے لگیں پس جبکہ اوٹھے

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاَلْتُهَا عَمَّا سَارَّكِ قَالَتْ مَا كُنْتُ لِاُفْشِيَ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پوچھا مینے فاطمہ سے کیا سرگوشی کی حضرت صلعم نے تمسے کہا فاطمہ نے نہیں ہوئیں کہ ظاہر کرون

عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِرَّهٗ فَلَمَّا تُوُفِّيَ قُلْتُ عَزَمْتُ عَلَيْكِ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا بھید پس جب وفات ہوئی حضرت صلعم کی کہا مینے قسم دیتی ہون میں تجکو

بِمَا لِيْ عَلَيْكِ مِنَ الْحَقِّ لَمَّا اَخْبَرْتِنِيْ قَالَتْ اَمَّا الْاٰنَ فَنَعَمْ اَمَّا

اوس حق کے واسطے جو میرا ہے اوپر تمہارے مگر یہ کہ خبر دو تم مجکو کہا فاطمہ نے لیکن اب پس ہان لیکن

حِيْنَ سَارَّنِيْ فِي الْاَمْرِ الْاَوَّلِ فَاِنَّهٗ اَخْبَرَنِيْ اَنَّ جِبْرِيْلَ كَانَ

جو وقت کہ چپکے سے کہا حضرت صلعم نے مجھ سے اول بار میں پس تحقیق حضرت صلعم نے خبر دی مجکو کہ جبرئیل عم تھے

يُعَارِضُنِيْ الْقُرْاٰنَ كُلَّ سَنَةٍ مَرَّةً وَاِنَّهٗ عَارَضَنِيْ بِهِ الْعَامَ مَرَّتَيْنِ

دَور کرتے مجھ سے قرآن کا ہر برس میں ایکبار اور تحقیق جبرئیل نے دَور کیا قرآن کا اس سال میں مجھ سے دوبار

وَلَا اُرَى الْاَجَلَ اِلَّا قَدِ اقْتَرَبَ فَاتَّقِي اللّٰهَ وَاصْبِرِيْ فَاِنِّيْ

اور نہیں گمان کرتا ہوں میں اجل کو مگر کہ تحقیق نزدیک پہنچی پس تقوی کر اور صبر کر پس تحقیق میں

نِعْمَ السَّلَفُ اَنَا لَكِ فَبَكَيْتُ فَلَمَّا رَاٰی جَزَعِيْ سَارَّنِي الثَّانِيَةَ

اچھا پیش رو ہون واسطے تیرے تو روئی میں پس جبکہ دیکھی آنحضرت صلعم نے بے صبری میری تو سرگوشی کی مجھسے دوسری بار

قَالَ يَا فَاطِمَةُ اَلَا تَرْضَيْنَ اَنْ تَكُوْنِيْ سَيِّدَةَ نِسَاءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ

فرمایا اے فاطمہ راضی نہیں ہے تو کہ ہووے تو بہتر بہتر عورتون کی بہشت کی عورتون میں سے

اَوْ نِسَاءِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَفِيْ رِوَايَةٍ فَسَارَّنِيْ فَاَخْبَرَنِيْ اَنَّهٗ يُقْبَضُ

یا خاص اس امت کی عورتون سے اور ایک روایت میں ہے کہ پس سرگوشی کی حضرت صلعم نے مجھ سے پس خبر دی کہ وفات پاوینگے

فاطمہ رضہ بہتر ہیں یا حضرت مریم ... اس حدیث سے صاف نکلتا ہے کہ اس امت کی تمام عورتوں سے حضرت فاطمہ زہرا افضل ہیں ... تمام عورتون سے افضل ... حضرت مریم علیہا السلام ...

فائدہ: قال اللہ تعالی انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اہل البیت ... بیان اللہ تعالی فرماتا ہے واصطفاک علی نساء العالمین ... حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالی عنہا ... سب عورتون کی سردار ہیں اور امام حسن اور امام حسین علیہما السلام سب جوانان جنتیون کے سردار ہیں اور حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ ... آخرت میں راضی ہو اللہ عز وجل ان سے

فِي وَجَعِهٖ فَبَكَيْتُ ثُمَّ سَارَّنِي فَاخْبَرَنِي اَنِّي اَوَّلُ اَهْلِ بَيْتِهٖ اَتْبَعُهُ

اس بیماری میں پس رو دی میں پھر سرگوشی کی حضرت نے مجھ سے پس خبر دی مجھکو کہ میں اول اہل بیت اونکی ہوں کہ ملونگی

فَضَحِكْتُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ

پس ہنسی میں متفق علیہ اور روایت ہے مسور بن مخرمہ رضہ سے یہ کہ تحقیق رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِّنِّي فَمَنْ اَغْضَبَهَا اَغْضَبَنِي وَ

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فاطمہ رضہ میرے گوشت کا ٹکڑا ہیں پس جسنے غصہ میں ڈالا اوسکو پس گویا کہ غصہ میں ڈالا

فِي رِوَايَةٍ يُرِيْبُنِي مَا اَرَابَهَا وَيُؤْذِيْنِي مَا اٰذَاهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

ایک روایت میں ہے قلق میں ڈالتی ہے مجھکو وہ چیز کہ قلق میں ڈالتی ہے فاطمہ کو اور ایذا دیتی ہے مجھکو وہ چیز کہ ایذا دیتی ہے اوسکو متفق علیہ

وَعَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فِيْنَا

اور روایت ہے زید بن ارقم رضہ سے کہا اونہوں نے کہ کھڑے ہوئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ایکروز درمیان ہمارے

خَطِيْبًا بِمَاءٍ يُّدْعٰى خُمًّا بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى

خطبہ فرماتے ایک پانی پر نام رکھا جاتا تھا اوس پانی کا خم درمیان مکہ اور مدینہ کے پس تعریف کی اللہ کی اور ثنا کی

عَلَيْهِ وَوَعَظَ وَذَكَّرَ ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ اَلَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا

اوسپر اور نصیحت کی لوگوں کو اور وعظ فرمایا پھر فرمایا حضرت صلعم نے بعد حمد و ثنا کے آگاہ ہو اے لوگو نہیں ہوں میں

اَنَا بَشَرٌ يُّوْشِكُ اَنْ يَّاْتِيَنِيْ رَسُوْلُ رَبِّيْ فَاُجِيْبَ وَاَنَا تَارِكٌ

مگر آدمی مثل تمہارے قریب ہے کہ آوے میرے پاس بھیجا ہوا پروردگار میرے کا پس قبول کروں میں اور میں چھوڑنے والا ہوں

فِيْكُمُ الثَّقَلَيْنِ اَوَّلُهُمَا كِتَابُ اللّٰهِ فِيْهِ الْهُدٰى وَالنُّوْرُ فَخُذُوْا

درمیان تمہارے دو چیزیں بھاری اول تقلین کا قرآن ہے کہ اوسمیں بیان راہ راست کا ہے اور نور ہے پس پکڑو تم

بِكِتَابِ اللّٰهِ وَاسْتَمْسِكُوْا بِهٖ فَحَثَّ عَلٰى كِتَابِ اللّٰهِ وَرَغَّبَ فِيْهِ

کتاب اللہ کو اور چنگل مارو ساتھ اوسکے پس برانگیختہ کیا حضرت صلعم نے صحابہ کو اوپر کتاب اللہ کے اور رغبت دلائی اوسمیں

ثُمَّ قَالَ وَاَهْلُ بَيْتِيْ اُذَكِّرُكُمُ اللّٰهَ فِيْ اَهْلِ بَيْتِيْ اُذَكِّرُكُمُ اللّٰهَ فِيْ اَهْلِ بَيْتِيْ وَفِيْ رِوَايَةٍ

پھر فرمایا آنحضرت صلعم نے اور دوسری چیز تمہارے اہل بیت میرے ہیں یاد دلاتا ہوں میں تمکو خدا کی تئیں بیچ حق اہل بیت میرے کے یاد دلاتا ہوں

كِتَابُ اللّٰهِ هُوَ حَبْلُ اللّٰهِ مَنِ اتَّبَعَهٗ كَانَ عَلَى الْهُدٰى وَمَنْ تَرَكَهٗ

کہ کتاب خدا کی وہ رسی خدا کی ہے جو کوئی پیروی کرے کتاب خدا کی ہو وے راہ راست پر اور جو کوئی چھوڑ دے اوسکو

كَانَ عَلَى الضَّلَالَةِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ كَانَ اِذَا سَلَّمَ

ہوگا گمراہی پر روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابن عمر رضی اللہ عنہ کہ تحقیق وہ تھے جب سلام کرتے

عَلَى ابْنِ جَعْفَرٍ قَالَ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ ذِي الْجَنَاحَيْنِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

عبد اللہ بن جعفر پر کہتے سلام تجھ پر اے بیٹے صاحب دو بازوؤں کے روایت کی یہ بخاری نے

وَعَنِ الْبَرَاءِ قَالَ رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ عَلَى عَاتِقِهِ

اور روایت ہے براء رضی اللہ عنہ سے کہا دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اس حال میں کہ حسن بن علی انکے کندھے پر تھے

يَقُولُ اللّٰهُمَّ اِنِّي اُحِبُّهُ فَاَحِبَّهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ

درحالیکہ کہتے تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اے خداوند تحقیق میں دوست رکھتا ہوں انکو پس دوست رکھ تو انکو متفق علیہ اور روایت ہے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا

خَرَجْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي طَائِفَةٍ مِّنَ النَّهَارِ حَتّٰى اَتٰى

باہر نکلا میں ہمراہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے بیچ ایک ٹکڑے کے دن سے یہاں تک کہ آئے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم

خِبَاءَ فَاطِمَةَ فَقَالَ اَثَمَّ لُكَعُ اَثَمَّ لُكَعُ يَعْنِي حَسَنًا فَلَمْ يَلْبَثْ اَنْ

فاطمہ کے گھر میں پس فرمایا کیا یہاں لڑکا ہے کیا یہاں لڑکا ہے مراد رکھتے تھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم لڑکے سے امام حسن کو پس دیر نہ لگی

جَاءَ يَسْعٰى حَتّٰى اعْتَنَقَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا صَاحِبَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

آئے حسن دوڑتے ہوئے یہاں تک کہ گلے سے لگ گئے ہر ایک ان دونوں میں سے صاحب اپنے سے پس فرمایا رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللّٰهُمَّ اِنِّي اُحِبُّهُ فَاَحِبَّهُ وَاَحِبَّ مَنْ يُّحِبُّهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

صلی اللہ علیہ وسلم نے خداوندا تحقیق میں دوست رکھتا ہوں اوسکو پس دوست رکھ اوس شخص کو دوست رکھتا ہے اوسکو متفق علیہ

وَعَنْ اَبِي بَكْرَةَ قَالَ رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ وَ

اور روایت ہے ابی بکرہ رضی اللہ عنہ سے کہا دیکھا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو منبر پر اور

الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ اِلٰى جَنْبِهِ وَهُوَ يُقْبِلُ عَلَى النَّاسِ مَرَّةً وَّعَلَيْهِ اُخْرٰى

حسن بن علی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو میں تھے اور حال یہ تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم متوجہ ہوتے تھے لوگوں پر ایک بار اور حسن رضی اللہ عنہ پر دوسری بار

وَيَقُولُ اِنَّ ابْنِي هٰذَا سَيِّدٌ وَّلَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ يُّصْلِحَ بِهٖ بَيْنَ فِئَتَيْنِ

اور کہتے تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تحقیق یہ بیٹا میرا سید ہے اور امید ہے کہ خدا صلح کرا دے بسبب اسکے درمیان دو جماعتوں

عَظِيمَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ

بڑی کے مسلمانوں سے روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے عبد الرحمن بن

ابی نعم قال سمعت عبد الله بن عمر وسأله رجل عن المحرم قال شعبة

ابی نعم رضہ سے کہا سنا مینے عبد اللہ بن عمر رضہ سے اسحال مین کہ سوال کیا تھا اونسے ایک شخص نے حکم محرم سے کہا شعبہ

احسبه يقتل الذباب قال اهل العراق يسألوني عن الذباب و

گمان کرتا ہون مین کہ مارتا ہو مکھی کو تو کہا ابن عمر نے اہل عراق کے پوچھتے ہین مجھسے مکھی کے مارنے سے حالانکہ

قد قتلوا ابن بنت رسول الله صلى الله عليه وسلم وقال رسول الله صلى الله

قتل کیا انہون نے بیٹے کی بیٹی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی کو اور فرمایا رسول خدا صلے اللہ

عليه وسلم هما ريحاني من الدنيا رواه البخاري وعن انس قال

علیہ وسلم نے اونکی حق مین کہ حسنین دو پہول ہین میرے دنیا سے روایت کی یہ بخاری نے ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہ کہا

لم يكن احد اشبه بالنبي صلى الله عليه وسلم من الحسن بن علي وقال في

نہین تھا کوئی بہت مشابہ ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حسن بن علی رضہ سے اور کہا انس رض نے بیچ

الحسين ايضا كان اشبههم برسول الله صلى الله عليه وسلم رواه البخاري

حسین کے بہی کہ تھے وہ مشابہ تر ان لوگون کے ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے روایت کی یہ بخاری نے

وعن ابن عباس قال ضمني النبي صلى الله عليه وسلم الى صدره فقال

اور روایت ہے ابن عباس رض سے کہ کہا ملایا مجکو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے طرف سینہ اپنے کے اور کہا

اللهم علمه الحكمة وفي رواية علمه الكتاب رواه البخاري و

یا الٰہی سکھلا اوسکو حکمت اور ایک روایت مین ہے کہ سکھلا اوسکو کتاب اللہ روایت کی یہ بخاری نے ۔ اور

عنه قال ان النبي صلى الله عليه وسلم دخل الخلاء فوضعت له وضوءا

روایت ہے انہین ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم داخل ہوئے پاخانہ مین پس رکھا مینے حضرت کے لیے پانی وضو کا

فلما خرج قال من وضع هذا فاخبر فقال اللهم فقهه في

پہر جب آنحضرت نکلے پاخانہ سے فرمایا کہ کسنے رکھا ہے یہ پانی پس خبر دی گئے پس دعا کی حضرت نے کہ خداوندا سمجھ دے ابن عباس

الدين متفق عليه وعن اسامة بن زيد عن النبي صلى الله عليه وسلم

دین مین متفق علیہ اور روایت ہے اسامہ بن زید رضہ سے کہ روایت کی نبی صلعم سے

كان يأخذه والحسن فيقول اللهم احبهما فاني احبهما وفي رواية قال

کہ آنحضرت ص لیتے تھے اونکو اور امام حسن کو پہر کہتے خداوندا دوست رکھ تو ان دونون کو اسلیے کہ تحقیق مین دوست رکھتا ہون ان

كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْخُذُنِي فَيُقْعِدُنِي عَلَى فَخِذِهِ وَيُقْعِدُ

کرتے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم لیتے مجکو اور بٹھلاتے مجکو اپنے ران پر اور بٹھلاتے

الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ عَلَى فَخِذِهِ الْأُخْرَى ثُمَّ يَضُمُّهُمَا ثُمَّ يَقُوْلُ اللّٰهُمَّ

حسن بن علی رض کو اپنے دوسرے ران پر پھر ملاتے دونوں کو پھر فرماتے خداوندا

ارْحَمْهُمَا فَإِنِّي أَرْحَمُهُمَا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ

مہربانی کر ان دونوں پر اسواسطے کہ میں مہربانی کرتا ہوں ان دونوں پر روایت کی یہ بخاری نے - اور روایت ہے عبد اللہ بن عمر سے

أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ بَعْثًا وَأَمَّرَ عَلَيْهِمْ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ

کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بھیجا ایک لشکر اور امیر کیا اوس لشکر پر اسامہ بن زید کو

فَطَعَنَ بَعْضُ النَّاسِ فِي إِمَارَتِهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنْ

پس طعن کیا بعضے لوگوں نے بیچ امارت اسامہ بن زید کے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر

كُنْتُمْ تَطْعَنُوْنَ فِي إِمَارَتِهِ فَقَدْ كُنْتُمْ تَطْعَنُوْنَ فِي إِمَارَةِ أَبِيْهِ مِنْ

ہو تم کہ طعن کرتے ہو اوسکی امارت میں پس تحقیق تھے تم کہ طعن کرتے تھے تم بیچ امارت باپ اوسکے

قَبْلُ وَايْمُ اللهِ إِنْ كَانَ لَخَلِيْقًا لِلْإِمَارَةِ وَإِنْ كَانَ لَمِنْ أَحَبِّ النَّاسِ

پہلے اس سے اور قسم خدا کی تحقیق تھا باپ اوسکا لائق امارت کے اور تحقیق تھا محبوب ترین لوگوں سے

إِلَيَّ وَإِنَّ هٰذَا لَمِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيَّ بَعْدَهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي

طرف میری اور تحقیق یہ جملہ محبوب ترین لوگوں سے ہے نزدیک میرے پیچھے باپ اپنے کے متفق علیہ اور بیچ

رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ نَحْوُهُ وَفِي آخِرِهِ أُوْصِيْكُمْ بِهِ فَإِنَّهُ مِنْ صَالِحِيْكُمْ وَعَنْهُ

ایک روایت مسلم کے مانند اسکے ہے اور آخر حدیث میں ہے کہ آنحضرت صلے نے فرمایا وصیت کرتا ہوں میں تمکو ساتھ اوسکے پس تحقیق وہ جملہ صالحین

قَالَ إِنَّ زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ مَوْلَى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا كُنَّا نَدْعُوْهُ

کہ کہا اونہوں نے کہ زید بن حارثہ غلام آزاد رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے نہیں تھے ہم پکارتے اوسکو

إِلَّا زَيْدَ بْنَ مُحَمَّدٍ حَتّٰى نَزَلَ الْقُرْآنُ ادْعُوْهُمْ لِآبَائِهِمْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَ

مگر کہکر زید بن محمد یہاں تک کہ اوترا قرآن ادعوہم لآبائہم روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے اور

ذُكِرَ حَدِيْثُ الْبَرَاءِ قَالَ لِعَلِيٍّ أَنْتَ مِنِّي فِي بَابِ بُلُوْغِ الصَّغِيْرِ وَ

ذکر کی گئی حدیث براء کی کہ جسکا سرا یہ ہے کہا واسطے علی کے تو میرے سے ہے بیچ باب بلوغ صغیر اور

حضانته الفصل الثانی عن جابر قال رأیت رسول

حضانته اوسکو — فصل دوسری — روایت ہے جابر رضہ سے کہ کہا دیکھا مینے رسول

الله صلی الله علیه وسلم فی حجته یوم عرفة وهو علی ناقته القصواء

خدا صلی الله علیه وسلم کو حجة الوداع مین روز عرفہ کے اور آنحضرت صلعم اپنی اونٹنی قصوا نام پر سوار تھے

یخطب فسمعته یقول یا ایها الناس انی ترکت فیکم ما ان اخذتم

خطبہ پڑھتے تھے پس سنا مینے حضرت صلعم کو کہ فرماتے تھے آگاہ رہو اے لوگو تحقیق مینے چھوڑی ہے درمیان تمہارے وہ چیز کہ اگر

به لن تضلوا کتاب الله وعترتی اهل بیتی رواه الترمذی

اوسکو ہرگز نہ گمراہ ہوگے تم وہ کتاب الله اور عترت اپنی کو اہل بیت اپنے روایت کی یہ ترمذی نے

وعن زید بن ارقم قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم انی تارك

اور روایت ہے زید بن ارقم رضہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی الله علیه وسلم نے کہ تحقیق مین چھوڑتا ہون

فیکم ما ان تمسکتم به لن تضلوا بعدی احدهما اعظم من

تم مین دو چیز کہ اگر پکڑے رہوگے تم اوسکو ہرگز گمراہ نہین ہوؤگے پیچھے میرے ایک اونمین سے بڑی ہے

الآخر کتاب الله حبل ممدود من السماء الی الارض وعترتی

دوسری سے کتاب الله کو وہ مانند رسی کے ہے دراز کی گئی آسمان سے طرف زمین کے اور اپنی عترت کو

اهل بیتی ولن یتفرقا حتی یردا علی الحوض فانظروا کیف

اہل بیت میرے ہین اور یہ ہرگز نہین جدا ہونگی کتاب الله اور عترت میری یہانتک کہ آوینگے میرے پاس حوض کوثر پر پس نظر کرو کہ کیونکر

تخلفونی فیهما رواه الترمذی وعنه ان رسول الله صلی

خلیفہ ہوتے ہو تم میری ان دونو چیزون مین روایت کی یہ ترمذی نے — اور روایت ہے زید بن ارقم سے کہ رسول خدا صلی الله

الله علیه وسلم قال لعلی وفاطمة والحسن والحسین انا حرب لمن حاربهم

علیه وسلم نے فرمایا واسطے علی اور فاطمہ اور حسن اور حسین کے مین لڑنیوالا ہون اوس شخص سے کہ لڑے اوس

وسلم لمن سالمهم رواه الترمذی وعن جمیع بن عمیر

اور صلح کرنیوالا ہون اوس شخص سے کہ صلح کرے انسے روایت کی یہ ترمذی نے — اور روایت ہے جمیع بن عمیر رضہ سے

قال دخلت مع عمتی علی عائشة فسألت ای الناس کان احب

کہ کہا داخل ہوا مین ہمراہ پھوپھی اپنی کے حضرت عائشہ کے پاس پس پوچھا مینے کونسا لوگون مین بہت پیارا تھا

إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم قالت فاطمة فقيل من الرجال قالت

طرف رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ فاطمہ پس پوچھا گیا عائشہ سے کہ مردوں میں سے کون پیارا تھا

زوجها رواه الترمذي وعن عبد المطلب بن ربيعة أن

خاوند اونکا روایت کی یہ ترمذی نے ۔ اور روایت ہے عبد المطلب بن ربیعہ رضا سے کہ تحقیق

العباس دخل على رسول الله صلى الله عليه وسلم مغضبا وأنا عنده

عباس رض چچا آنحضرت صلعم کے آئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس حال میں کہ بہت غضبناک ہو رہے تھے اور میں وہیں تھا

فقال ما أغضبك قال يا رسول الله ما لنا ولقريش

پس فرمایا حضرت نے کہ کس چیز نے غضب میں ڈالا تجھکو کہا عباس رض نے یا رسول اللہ کیا حال ہے واسطے ہمارے اور واسطے قریش

إذا تلاقوا بينهم تلاقوا بوجوه مبشرة وإذا لقونا لقونا بغير

جسوقت ملتے ہیں وہ آپسمیں تو ملتے ہیں ساتھ چہروں تر و تازہ کے اور جسوقت کہ ملتے ہیں ہمسے ملتے ہیں بغیر

ذلك فغضب رسول الله صلى الله عليه وسلم حتى احمر وجهه ثم قال

اس صفت کے پس غصہ ہوئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم یہانتک کہ بہت سرخ ہوگیا چہرہ حضرت کا پھر فرمایا

والذي نفسي بيده لا يدخل قلب رجل الإيمان حتى يحبكم

قسم ہے اوس ذات کی کہ جان میری اوسکے ہاتھ میں ہے نہیں داخل ہوگا کسی شخص کے دلمیں ایمان یہانتک کہ دوست رکھے تمکو

لله ولرسوله ثم قال أيها الناس من آذى عمي فقد آذاني

واسطے خدا اور رسول اوسکے پھر فرمایا آگاہ رہو اے لوگو جو کوئی ستاوے میرے چچا کو پس گویا کہ ایذا دی مجکو

فإنما عم الرجل صنو أبيه رواه الترمذي وفي المصابيح عن المطلب

اسلیے کہ نہیں ہے چچا مرد کا مگر مانند باپ اوسکے کے روایت کی یہ ترمذی نے اور مصابیح میں مطلب سے ہے

وعن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم العباس مني

اور روایت ہے ابن عباس رضا سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ عباس رض مجھ سے ہے

وأنا منه رواه الترمذي وعنه قال قال رسول الله صلى

اور میں اوس سے ہوں روایت کی یہ ترمذی نے ۔ اور روایت ہے اوسی سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ

الله عليه وسلم للعباس إذا كان غداة الاثنين فأتني أنت وولدك

علیہ وسلم نے واسطے عباس رض کے جسوقت کہ ہو صبح پیر کے دن کی پس آ تو میرے پاس اور اولاد تیری

حَتّٰى أَدْعُوَ لَكُمْ بِدَعْوَةٍ يَنْفَعُكَ اللّٰهُ بِهَا وَوَلَدَكَ فَغَدَا وَغَدَوْنَا

یہانتک کہ دعا کرون مین واسطے تمہارے ساتھ دعا کے کہ نفع دے تجکو اللہ بسبب اوسکے اور نفع دے تیری اولاد کو (کہا ابن عباس نے)

مَعَهُ وَأَلْبَسَنَا كِسَاءَهُ ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْعَبَّاسِ وَوَلَدِهِ

ہمراہ اوسکے اور اوڑہائی حضرت نے ہمکو چادر اپنی پہر کہا یا الہی بخش واسطے عباس رض کے اور اولاد اوسکی کے

مَغْفِرَةً ظَاهِرَةً وَبَاطِنَةً لَا تُغَادِرُ ذَنْبًا اللّٰهُمَّ احْفَظْهُ فِي وَلَدِهِ

بخشش ظاہر اور باطن کہ نہ چہوڑے کسی گناہ کو یا الہی اسکو نگاہ رکھ اوسکو بیچ اولاد اوسکی کے

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَزَادَ رَزِينٌ وَاجْعَلِ الْخِلَافَةَ بَاقِيَةً فِي عَقِبِهِ

روایت کی یہ ترمذی نے اور زیادہ کیا رزین نے اور گردان بادشاہی باقی بیچ اوسکے اولاد اوسکے اور

قَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ وَعَنْهُ أَنَّهُ رَأَى جِبْرَئِيلَ

کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابن عباس سے کہ اونہون نے دیکہا جبرئیل کو

مَرَّتَيْنِ وَدَعَا لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّتَيْنِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

دوبار اور دعا کی اونکے لیے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دوبار روایت کی یہ ترمذی نے

وَعَنْهُ أَنَّهُ قَالَ دَعَا لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُؤْتِيَنِي اللّٰهُ

اور انہین سے روایت ہے کہ اونہون نے کہا دعا کی میرے لیے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ دیوے مجکو اللہ

الْحِكْمَةَ مَرَّتَيْنِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ

حکمت دوبار روایت کی یہ ترمذی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ کہا تہے

جَعْفَرٌ يُحِبُّ الْمَسَاكِينَ وَيَجْلِسُ إِلَيْهِمْ وَيُحَدِّثُهُمْ وَيُحَدِّثُونَهُ

جعفر دوست رکہتے مسکینون کو اور بیٹہتے اونکے پاس اور باتین کرتے اونسے اور مسکین باتین کرتے اونسے

وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكَنِّيهِ بِأَبِي الْمَسَاكِينِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

اور تہے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کنیت کرتے اونکو ابو المساکین روایت کی یہ ترمذی نے

وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَيْتُ جَعْفَرًا يَطِيرُ فِي

اور انہین سے روایت ہے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ دیکہا مینے جعفر کو اوڑتے ہوئے

الْجَنَّةِ مَعَ الْمَلٰئِكَةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ

بہشت مین ساتہ فرشتون کے روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے

وعن ابي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الحسن و

اور روایت ہی ابی سعید رضہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ حسن اور

الحسين سيدا شباب اهل الجنة رواه الترمذي وعن

حسین دونو سردار ہین بہشت کے لہ جوانون کے روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہی

ابن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ان الحسن والحسين هما

ابن عمر رضہ سے یہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق حسن اور حسین وہ دونون

ريحاني من الدنيا رواه الترمذي وقد سبق في الفصل

پہول ہین میرے دنیا سے روایت کی یہ ترمذی نے اور تحقیق گذری یہ حدیث فصل

الاول وعن اسامة بن زيد قال طرقت النبي صلى الله عليه وسلم ذات

پہلے مین۔ اور روایت ہی اسامہ بن زید رضہ سے کہا کہ رات کو آیا مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس

ليلة في بعض الحاجة فخرج النبي صلى الله عليه وسلم وهو مشتمل على شيء

ایک رات بسبب بعض حاجت کے پس نکلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اسحالمین کہ وہ لپٹے ہوئے تہے ایک چیز پر

لا ادري ما هو فلما فرغت من حاجتي قلت ما هذا الذي

کہ نہین جانتا تہا مین کہ کیا ہے وہ چیز پس جب فارغ ہوا مین اپنی حاجت سے کہا مینے کیا ہی یہ چیز کہ

انت مشتمل عليه فكشفه فاذا الحسن والحسين على وركيه

تم لپٹنے والے ہو اسپر پس کہولا حضرت صلعم نے اوسکو پس ناگہان حسن اور حسین اوپر دونون کولون اوپر کے

فقال هذان ابناي وابنا ابنتي اللهم اني احبهما فاحبهما

پس فرمایا یہ دونون بیٹے میرے ہین اور بیٹے بیٹی میری کے خداوندا بلاشبہ مین دوست رکہتا ہون ان دونون

واحب من يحبهما رواه الترمذي وعن سلمى قالت دخلت

اور دوست رکہ اوس شخص کو کہ دوست رکہے ان دونونکو روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہی سلمی سے کہا داخل ہوئی مین

على ام سلمة وهي تبكي فقلت ما يبكيك قالت رايت رسول

اوپر ام سلمہ کے اور وہ روتی ہین پس کہا مینے کس چیز نے رلایا تمکو کہا دیکہا مینے رسول

الله صلى الله عليه وسلم تعني في المنام وعلى راسه ولحيته التراب فقلت

خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب مین اور اونکے سر اور داڑہی مبارک پر خاک تہی پس کہا مینے

مالك يا رسول الله قال شهدت قتل الحسين آنفا رواه

کیا ہوا ہے تمکو یا رسول اللہ فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ حاضر ہوا تھا میں حسین کے قتل میں اب روایت کی یہ

الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن انس قال سئل

ترمذی نے اور کہا کہ یہہ حدیث غریب ہے۔ اور روایت ہے انس رضی اللہ عنہ سے کہا پوچھے گئے

رسول الله صلى الله عليه وسلم اي اهل بيتك احب اليك قال الحسن و

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کہ کونسا شخص تمہارے اہل بیت میں سے محبوب تر ہے طرف تمہارے فرمایا حسن اور

الحسين وكان يقول لفاطمة ادعي لي ابني فيشمهما ويضمهما

حسین اور تھے آنحضرت صلعم کہ فرماتے فاطمہ کو بلا میرے لیے دونوں میرے بیٹوں کو پس سونگھتے حسن اور حسین کو

اليه رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب وعن بريدة

طرف اپنی روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہہ حدیث غریب ہے۔ اور روایت ہے بریدہ رضی اللہ عنہ سے

قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يخطبنا اذ جاء الحسن والحسين

کہا کہ تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کہ خطبہ پڑھتے تھے ہمارے آگے ناگہاں آئے حسن اور حسین

وعليهما قميصان احمران يمشيان ويعثران فنزل رسول الله

تھے ان دونوں پر کرتے سرخ چلتے تھے دونوں اور گر گر پڑتے تھے زمین پر پس اترے رسول خدا

صلى الله عليه وسلم من المنبر فحملهما ووضعهما بين يديه ثم قال

صلی اللہ علیہ وسلم منبر سے پس اوٹھایا ان کو اور رکھا ان دونوں کو آگے اپنے پھر کہا

صدق الله انما اموالكم واولادكم فتنة نظرت الى هذين

سچ فرمایا اللہ نے سوا اسکے نہیں کہ مال تمہارے اور اولاد تمہارے فتنہ ہیں دیکھا میں نے طرف ان دونوں

الصبيين يمشيان ويعثران فلم اصبر حتى قطعت حديثي

لڑکوں کے کہ چلتے تھے اور گر گر پڑتے تھے پس نہ صبر کر سکا میں یہاں تک کہ موقوف کی میں نے بات اپنی

ورفعتهما رواه الترمذي وابو داود والنسائي وعن يعلى

اور اوٹھایا میں نے ان دونوں کو روایت کی یہ ترمذی اور ابو داود اور نسائی نے۔ اور روایت ہے یعلی

ابن مرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم حسين مني وانا من

بن مرہ رضی اللہ عنہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حسین مجھ سے ہے اور میں

حُسَيْنٌ أَحَبَّ اللّٰهُ مَنْ أَحَبَّ حُسَيْنًا حُسَيْنٌ سِبْطٌ مِّنَ الْأَسْبَاطِ

حسین سے دوست رکھا اللہ نے اوس شخص نے کہ دوست رکھا حسین کو حسین سبط ہے اسباط سے

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ الْحَسَنُ أَشْبَهُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى

روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے علی رضی اللہ عنہ سے کہا حسن مشابہ ہے رسول خدا صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَيْنَ الصَّدْرِ إِلَى الرَّأْسِ وَالْحُسَيْنُ أَشْبَهُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

علیہ وسلم کی اوس چیز میں کہ درمیان سینہ کے ہے سر تک اور حسین مشابہ ہے نبی صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا كَانَ أَسْفَلَ مِنْ ذٰلِكَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ حُذَيْفَةَ

علیہ وسلم کے اوس چیز میں کہ ہے سینہ سے نیچے روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے حذیفہ رضی اللہ عنہ سے

قَالَ قُلْتُ لِأُمِّي دَعِينِي آتِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأُصَلِّي مَعَهُ الْمَغْرِبَ

کہ کہا کہا میں نے اپنی ماں سے کہ تو مجھکو چھوڑ دے کہ جاؤں میں آنحضرت صلعم کی خدمت میں اور نماز پڑھوں میں اونکے ساتھ مغرب کی

وَأَسْأَلُهُ أَنْ يَسْتَغْفِرَ لِي وَلَكِ فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّيْتُ

اور سوال کروں میں اون سے یہ کہ طلب بخشش کی کریں خدا سے واسطے میرے اور واسطے تمہارے پس آیا میں پیغمبر خدا کے پاس اور ادا کی میں نے

مَعَهُ الْمَغْرِبَ فَصَلَّى حَتّٰى صَلَّى الْعِشَاءَ ثُمَّ انْفَتَلَ فَتَبِعْتُهُ فَسَمِعَ صَوْتِي

اونکے ساتھ نماز مغرب کی پھر نفل ادا کیے حضرت نے نوافل یہاں تک کہ پڑھی نماز عشا کی پھر پھرے حضرت نماز سے اور رجوع کی گھر کی طرف

فَقَالَ مَنْ هٰذَا حُذَيْفَةُ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ مَا حَاجَتُكَ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ وَ

پس فرمایا حضرت نے کون ہے یہ تو حذیفہ ہے کہا میں نے ہاں حضرت نے فرمایا کیا ہے حاجت تیری بخشے اللہ تجھکو اور

لِأُمِّكَ إِنَّ هٰذَا مَلَكٌ لَمْ يَنْزِلِ الْأَرْضَ قَطُّ قَبْلَ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ

تیری ماں کو تحقیق یہ ایک فرشتہ ہے کہ نہیں اترا طرف زمین کے کبھی پہلے اس رات کے

اسْتَأْذَنَ رَبَّهُ أَنْ يُسَلِّمَ عَلَيَّ وَيُبَشِّرَنِي بِأَنَّ فَاطِمَةَ سَيِّدَةُ نِسَاءِ

پروانگی طلب کی اوسنے اپنے رب سے کہ سلام کرے مجھپر اور خوشخبری دی مجھکو ساتھ اسکے کہ فاطمہ سردار ہے بہشت کی عورتوں کی

أَهْلِ الْجَنَّةِ وَأَنَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ سَيِّدَا شَبَابِ أَهْلِ الْجَنَّةِ رَوَاهُ

اور تحقیق حسن اور حسین سردار ہیں بہشت کے جوانوں کے روایت کی یہ

التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ

ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔ اور روایت ہے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہ کہا

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَامِلَ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَلٰى عَاتِقِهٖ فَقَالَ

تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اوٹھاتے ہوئے حسن بن علی رضی اللہ کو اپنے کندھے پر پس کہا

رَجُلٌ نِعْمَ الْمَرْكَبُ رَكِبْتَ يَا غُلَامُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنِعْمَ الرَّاكِبُ

ایک شخص نے اچھی سواری پر سوار ہوا تو اے لڑکے پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اور اچھا سوار ہے

هُوَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عُمَرَ أَنَّهٗ فَرَضَ لِأُسَامَةَ فِيْ ثَلٰثَةِ آلَافٍ

وہ روایت کی یہ ترمذی نے ۔ اور روایت ہے عمر رضی اللہ عنہ سے یہ کہ انہوں نے تنخواہ معین کی اسامہ بن زید کے لیے ساڑھے تین

وَخَمْسِمِائَةٍ وَفَرَضَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فِيْ ثَلٰثَةِ آلَافٍ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ

ہزار اور معین کیواسطے عبد اللہ بن عمر کے تین ہزار پس کہا عبد اللہ

ابْنُ عُمَرَ لِأَبِيْهِ لِمَ فَضَّلْتَ أُسَامَةَ عَلَيَّ فَوَاللّٰهِ مَا سَبَقَنِيْ إِلٰى مَشْهَدٍ

بن عمر نے اپنے باپ سے کہ کس سبب سے فضیلت دی تم نے اسامہ کو مجھ پر پس قسم خدا کی نہیں سبقت کی ہی اوسنے مجھسے طرف کسی

قَالَ لِأَنَّ زَيْدًا كَانَ أَحَبَّ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَبِيْكَ وَ

کہا عمر نے اس سبب سے کہ زید محبوب تر تھا نزدیک رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے تیرے باپ سے اور

كَانَ أُسَامَةُ أَحَبَّ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْكَ فَآثَرْتُ حِبَّ

تھا اسامہ محبوب تر نزدیک رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے تجھسے پس ترجیح دی میں نے محبوب

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى حِبِّيْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ جَبَلَةَ بْنِ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے کو اپنے محبوب پر روایت کی یہ ترمذی نے ۔ اور روایت ہے جبلہ بن

حَارِثَةَ قَالَ قَدِمْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ

حارثہ سے کہا کہ آیا میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس پس کہا میں نے یا رسول

اللّٰهِ ابْعَثْ مَعِيْ أَخِيْ زَيْدًا قَالَ هُوَ ذَا فَإِنِ انْطَلَقَ مَعَكَ لَمْ أَمْنَعْهُ

اللہ بھیجو میرے ساتھ میرے بھائی زید کو فرمایا حضرت نے وہ یہ ہی پس اگر جاوے تیرے ساتھ تو منع نہیں کرتا ہوں میں

قَالَ زَيْدٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاللّٰهِ لَا أَخْتَارُ عَلَيْكَ أَحَدًا قَالَ فَرَأَيْتُ

کہا زید نے یا رسول اللہ قسم ہے خدا کی نہیں اختیار کرتا ہوں میں تم پر کسیکو کہا جبلہ نے پس جانی میں نے

رَأْيَ أَخِيْ أَفْضَلَ مِنْ رَأْيِيْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أُسَامَةَ

عقل اپنے بھائی کی بہتر اپنے عقل سے روایت کی یہ ترمذی نے ۔ اور روایت ہے اسامہ

ابن زید قال لما ثقل رسول الله صلی الله علیه وسلم هبطت وهبط الناس

بن زید نے کہا اسامہ نے جبکہ ضعیف ہوئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور بیمار ہوئے اترا میں اور اترے لوگ

المدینة فدخلت علی رسول الله صلی الله علیه وسلم وقد اصمت فلم یتکلم

مدینہ میں پس داخل ہوا میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور تحقیق چپ ہو گئے تھے پس نہ بولے

فجعل رسول الله صلی الله علیه وسلم یضع یدیه علی ویرفعهما فاعرف انه

پھر شروع کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ رکھتے تھے دونوں ہاتھ اپنے مجھ پر اور اٹھاتے تھے ان دونوں کو پس پہچانا میں کہ وہ

یدعولی رواه الترمذی وقال هذا حدیث غریب وعن عائشة

دعا کرتے ہیں میرے لیے روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے عائشہ سے

قالت اراد النبی صلی الله علیه وسلم ان ینحی مخاط اسامة قالت عائشة

کہ کہا ارادہ کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ دور کریں رینٹ اسامہ کا آپ بیٹھی کہا عائشہ نے

دعنی حتی انا الذی افعل قال یا عائشة احبیه فانی احبه رواه

چھوڑو مجھکو تو کہ میں کروں یہ کام فرمایا حضرت نے اے عائشہ دوست رکھو تو اسامہ کو اسلیے کہ میں دوست رکھتا ہوں اس کو روایت کی

الترمذی وعن اسامة قال کنت جالسا اذ جاء علی والعباس

ترمذی نے۔ اور روایت ہے اسامہ سے کہ کہا اسامہ نے کہ تھا میں بیٹھا ہوا ناگہاں آئے علی رض اور عباس رض

یستاذنان فقالا لاسامة استاذن لنا علی رسول الله صلی الله علیه وسلم

اجازت مانگتے تھے طلب کرتا اذن کا اندر جانے کا پس کہا دونوں نے واسطے اسامہ کے کہ اذن طلب کر ہمارے لیے رسول خدا صلعم سے

فقلت یا رسول الله علی والعباس یستاذنان فقال اتدری ما

پس کہا میں نے یا رسول اللہ علی اور عباس رض پروانگی مانگتے ہیں آنیکی پس فرمایا حضرت نے کیا جانتا ہے تو کہ کیا چیز

جاء بهما قلت لا قال لکنی ادری ائذن لهما فدخلا فقالا یا رسول

لائی ہے ان دونوں کو کہا میں نے نہیں فرمایا حضرت نے لیکن میں جانتا ہوں پروانگی دے ان دونوں کو پس داخل ہوئے دونوں اور عرض کیا یا رسول

الله جئناک نسألک ای اهلک احب الیک قال فاطمة بنت

اللہ آئے ہیں ہم آپکے پاس کہ پوچھیں ہم آپ سے کون شخص آپکے اہل بیت میں سے محبوب تر ہے نزدیک آپکے فرمایا فاطمہ بیٹی

محمد صلی الله علیه وسلم قالا ما جئناک نسألک عن اهلک قال احب

محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی پھر کہا علی اور عباس نے کہ نہیں آئے ہیں ہم تمہارے پاس کہ پوچھیں ہم حال اہل بیت تمہارے کا فرمایا محبوب ترین

یعنی ہم آپ کی اولاد وازواج سے نہیں پوچھتے بلکہ متعلقین میں سے پوچھتے ہیں ۱۲

أَهْلِي إِلَيَّ مَنْ قَدْ أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَأَنْعَمْتُ عَلَيْهِ أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ

اہل میرے کا نزدیک میرے وہ شخص ہے کہ تحقیق انعام کیا خدا نے اوسپر اور انعام سے کیا میں نے اوسپر کروہ شخص اسامہ بن زید ہے

قَالَا ثُمَّ مَنْ قَالَ ثُمَّ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ فَقَالَ الْعَبَّاسُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ

کہا علی و عباس نے بعد اوسکے کون ہے فرمایا حضرت نے پھر علی بن ابی طالب ہے پس کہا عباس نے یا رسول اللہ

جَعَلْتَ عَمَّكَ آخِرَهُمْ قَالَ إِنَّ عَلِيًّا سَبَقَكَ بِالْهِجْرَةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

کیا آپنے اپنے چچا کو آخر اہل بیت اپنی کا فرمایا حضرت نے کہ علی نے سبقت کی ہے تمپر ساتھ ہجرت کرنیکے روایت کی یہ ترمذی نے

وَذُكِرَ أَنَّ عَمَّ الرَّجُلِ صِنْوُ أَبِيهِ فِي كِتَابِ الزَّكٰوةِ اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

اور ذکر کی گئی حدیث ان عم الرجل صنو ابیہ کی بیچ کتاب الزکوٰۃ کے ۔ فصل تیسری

عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ صَلَّى أَبُو بَكْرٍ الْعَصْرَ ثُمَّ خَرَجَ يَمْشِي

روایت ہے عقبہ بن الحارث رض سے کہا اوسنے کہ نماز پڑھی ابو بکر رض نے عصر کی پھر نکلے اسحال میں کہ راہ چلتے تھے

وَمَعَهُ عَلِيٌّ فَرَأَى الْحَسَنَ يَلْعَبُ مَعَ الصِّبْيَانِ فَحَمَلَهُ عَلَى عَاتِقِهِ

اور اونکے ساتھ علی رض تھے پس دیکھا ابو بکر نے حسن کو کہ کھیل رہے ہیں ساتھ لڑکون کے پس اوٹھا لیا ابو بکر نے حسن کو اپنی کندھے پر

وَقَالَ بِأَبِي شَبِيهٌ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ شَبِيهًا بِعَلِيٍّ وَعَلِيٌّ يَضْحَكُ

اور کہا فدا ہو باپ میرا یہ مشابہ ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نہیں مشابہ ہے ساتھ علی کے اور علی ہنستے تھے

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ أُتِيَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ زِيَادٍ بِرَأْسِ

روایت کی یہ بخاری نے ۔ اور روایت ہے انس رض سے کہا لایا گیا نزدیک شقی عبید اللہ بن زیاد کے سر مبارک

الْحُسَيْنِ فَجُعِلَ فِي طَسْتٍ فَجَعَلَ يَنْكُتُ وَقَالَ فِي حُسْنِهِ شَيْئًا قَالَ

حضرت حسین رض کا پس رکھا گیا سر حسین کا بیچ طاس کے پس ہوا وہ شقی کہ چھیڑتا تھا انگلی سے اور کہا بیچ حسن حسین کی کچھ کہا

أَنَسٌ فَقُلْتُ وَاللّٰهِ إِنَّهُ كَانَ أَشْبَهَهُمْ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ

انس رض نے پس کہا میں نے قسم خدا کی تحقیق یہ تھے بہت مشابہ اہل بیت میں سے ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور تھا سر اونکا

مَخْضُوبًا بِالْوَسْمَةِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَفِي رِوَايَةِ التِّرْمِذِيِّ قَالَ كُنْتُ

رنگا ہوا ساتھ وسمہ کے روایت کی یہ بخاری نے اور ترمذی کی روایت میں یون آیا ہے کہ کہا انس نے تھا میں

عِنْدَ ابْنِ زِيَادٍ فَجِيءَ بِرَأْسِ الْحُسَيْنِ فَجَعَلَ يَضْرِبُ بِقَضِيبٍ فِي أَنْفِهِ

نزدیک ابن زیاد کے پس لایا گیا سر حضرت حسین کا اوسکو پاس پس شروع کیا مارنا ساتھ چھڑی کے امام حسین کی ناک میں

ويقول ما رأيت مثل هذا حسنا فقلت أما إنه كان من أشبههم

اور کہتا تھا نہیں دیکھا میں نے مانند اسکے حسن میں ذرا پس کہا میں نے خبردار تحقیق یہہ تھا مشابہ ترین لوگوں کے

برسول الله صلى الله عليه وسلم وقال هذا حديث صحيح حسن غريب

ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث صحیح حسن غریب ہے۔

وعن أم الفضل بنت الحارث أنها دخلت على رسول

اور روایت ہے ام فضل بیٹی حارث کی سے کہ وہ آئیں رسول

الله صلى الله عليه وسلم فقالت يا رسول الله إني رأيت حلما منكرا

خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس کہا یا رسول اللہ تحقیق میں نے دیکھا ہے ایک خواب برا

الليلة قال وما هو قالت إنه شديد قال وما هو قالت رأيت

آجکی رات فرمایا حضرت نے اور کیا ہے وہ خواب کہا ام الفضل نے تحقیق وہ خواب سخت ہے فرمایا حضرت نے کیا ہے وہ کہا ام الفضل نے

كأن قطعة من جسدك قطعت ووضعت في حجري فقال رسول

گویا ایک ٹکڑا آپکے بدن مبارک سے کاٹا گیا ہے اور رکھا گیا ہے میری گود میں پس فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم رأيت خيرا تلد فاطمة إن شاء الله غلاما يكون في

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا تو نے خواب اچھا جنیگی فاطمہ بیٹا اگر چاہا خدا نے ہوگا وہ

حجرك فولدت فاطمة الحسين فكان في حجري كما قال رسول

تیری گود میں پس جنی فاطمہ نے حسین کو پس تھا وہ میری گود میں جیسے کہ فرمایا تھا رسول

الله صلى الله عليه وسلم فدخلت يوما على رسول الله صلى الله عليه وسلم فوضعته

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پس آئی میں ایک روز رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس رکھدیا میں نے حسین کو

في حجره ثم كانت مني التفاتة فإذا عينا رسول الله صلى الله عليه وسلم

آنحضرت کی گود میں پھر میں دیکھنے لگی اور طرف پھر دیکھا میں نے اوسکی طرف پس ناگہاں آنکھیں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی

تهريقان الدموع قالت فقلت يا نبي الله بأبي أنت وأمي ما لك

ڈالتی تھیں آنسو کہا ام الفضل نے پس کہا میں نے اے نبی اللہ قربان ہوں باپ ماں میرے تم پر کیا ہوا آپکو کہ روتے ہو

قال أتاني جبرئيل عليه السلام فأخبرني أن أمتي ستقتل ابني هذا فقلت

فرمایا حضرت نے آئے میرے پاس جبرئیل اور خبر دی مجھکو کہ تحقیق امت میری نزدیک ہے کہ قتل کریگی اس بیٹے میرے کو پس کہا میں نے

هٰذَا قَالَ نَعَمْ وَاَتَانِيْ بِتُرْبَةٍ مِّنْ تُرْبَتِهِ حَمْرَاءَ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ

کہ اس بیٹے کو کہا انہوں نے ہاں اور دی مجکو جبرئیل نے مٹی اسکی مٹی سے سرخ - اور روایت ہے ابن عباس سے تحقیق انہوں نے

قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْمَا يَرَى النَّائِمُ ذَاتَ يَوْمٍ بِنِصْفِ النَّهَارِ

کہا کہ دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بیچ اوس حالت کے کہ دیکھتا ہے سونیوالا ایک روز ایک وقت دوپہر کے

اَشْعَثَ اَغْبَرَ بِيَدِهِ قَارُوْرَةٌ فِيْهَا دَمٌ فَقُلْتُ بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ مَا هٰذَا

کہ پراگندہ بال گرد آلودہ حضرت کے ہاتھ میں ایک شیشہ ہے کہ اوسمین خون ہے پس کہا میں نے باپ میرا اور ماں میری قربان ہوں تمہارے

قَالَ هٰذَا دَمُ الْحُسَيْنِ وَاَصْحَابِهِ لَمْ اَزَلْ اَلْتَقِطُهُ مُنْذُ الْيَوْمِ فَاُحْصِيَ

فرمایا حضرت نے یہ خون حسین کا اور اوسکے یاروں کا ہے ہمیشہ رہا میں چنتا اوسکو ابتداء سے آج کے روز سے ابن عباس نے کہا یاد رکھا

ذٰلِكَ الْوَقْتُ فَاُجِدَ قُتِلَ ذٰلِكَ الْوَقْتَ رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِيْ دَلَائِلِ

اوس وقت کو پس پایا میں نے کہ قتل کیے گئے حسین اوسی وقت روایت کیں یہ دونوں حدیثیں بیہقی نے دلائل

النُّبُوَّةِ وَاَحْمَدُ الْاَخِيْرَ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

النبوۃ میں اور روایت کی احمد نے حدیث اخیر - اور ابن عباس سے روایت ہے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

اَحِبُّوا اللّٰهَ لِمَا يَغْذُوْكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ وَّاَحِبُّوْنِيْ لِحُبِّ اللّٰهِ وَاَحِبُّوْا اَهْلَ

دوست رکھو خدا کو بسبب اوس چیز کے کہ پرورش کرتا ہے تمکو نعمت سے پس دوست رکھو مجکو بسبب دوستی خدا کی اور دوست رکھو اہل

بَيْتِيْ لِحُبِّيْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ اَنَّهُ قَالَ وَهُوَ اٰخِذٌ بِبَابِ

بیت کو بسبب دوستی میری کے روایت کی یہ ترمذی نے - اور روایت ہے ابی ذر غفاری سے یہ کہ انہوں نے کہا حالیکہ پکڑے ہوئے تھے دروازہ

الْكَعْبَةِ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَلَا اِنَّ مَثَلَ اَهْلِ بَيْتِيْ

کعبے کا دروازہ کو کہ سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ فرماتے تھے آگاہ رہو حال و مثل اہل بیت میرے کے

فِيْكُمْ مَثَلُ سَفِيْنَةِ نُوْحٍ مَّنْ رَكِبَهَا نَجَا وَمَنْ تَخَلَّفَ عَنْهَا هَلَكَ

تم میں مثال کشتی نوح علیہ السلام کی ہے جو کوئی سوار ہو کشتی نوح میں نجات پائی اور جو کوئی سوار نہوا اوسمین ہلاک ہوا

رَوَاهُ اَحْمَدُ بَابُ مَنَاقِبِ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

روایت کی یہ احمد نے یہ باب ہے بیچ بیان مناقب بیویوں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی کے

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ

فصل پہلی - روایت ہے علی سے کہ کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے

خَيْرُ نِسَائِهَا مَرْيَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ وَخَيْرُ نِسَائِهَا خَدِيجَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ

اپنے زمانہ میں مریم بیٹی عمران کی سب عورتوں سے افضل اور امت محمدی میں خدیجہ سب عورتوں سے

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ أَبُو كُرَيْبٍ وَأَشَارَ وَكِيعٌ إِلَى السَّمَاءِ وَ

روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے اور بیچ ایک روایت کے یوں آیا ہے کہ کہا ابو کریب نے اور اشارہ کیا وکیع نے طرف آسمان اور

الْأَرْضِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ أَتَى جِبْرِيلُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ

زمین کے اور روایت ہے ابو ہریرہ رضہ سے کہ کہا آئے جبریل ع نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس کہا

يَا رَسُولَ اللهِ هٰذِهِ خَدِيجَةُ قَدْ أَتَتْ مَعَهَا إِنَاءٌ فِيهِ إِدَامٌ أَوْ

یا رسول اللہ یہہ خدیجہ ہیں تحقیق آئیں ساتھ انکے ہے باسن کہ اوس میں سالن ہے یا

طَعَامٌ فَإِذَا أَتَتْكَ فَاقْرَأْ عَلَيْهَا السَّلَامَ مِنْ رَبِّهَا وَمِنِّي وَبَشِّرْهَا

طعام ہے پس جس وقت کہ آویں خدیجہ آپکے پاس پس کہو اوسپر سلام اوسکے رب کیطرف سے اور میری طرف سے اور خوشخبری

بِبَيْتٍ فِي الْجَنَّةِ مِنْ قَصَبٍ لَا صَخَبَ فِيهِ وَلَا نَصَبَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

ساتھ ایک گھر کے بہشت میں موتی پولے سے نہ شور ہوگا اوس گھر میں اور نہ رنج متفق علیہ

وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا غِرْتُ عَلَى أَحَدٍ مِنْ نِسَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور روایت ہے عائشہ رضہ سے کہا نہیں غیرت کی میں نے کسی پر آنحضرت صلعم کی بیبیوں میں سے

مَا غِرْتُ عَلَى خَدِيجَةَ وَمَا رَأَيْتُهَا وَلٰكِنْ كَانَ يُكْثِرُ ذِكْرَهَا وَرُبَّمَا ذَبَحَ

جسقدر کہ رشک کیا میں نے خدیجہ میں حالانکہ نہیں دیکھا تھا میں نے خدیجہ کو ولیکن تھے آنحضرت صلعم کہ بہت یاد کرتے خدیجہ کو

الشَّاةَ ثُمَّ يُقَطِّعُهَا أَعْضَاءً ثُمَّ يَبْعَثُهَا فِي صَدَائِقِ خَدِيجَةَ فَرُبَّمَا

بکری کو پھر بہت سے ٹکڑے کرتے اوسکے پھر بھیجتے حضرت صلعم اوسکے اعضا کو بیچ ان عورتوں کے کہ دوستدار خدیجہ کی تھیں

قُلْتُ لَهُ كَأَنَّهُ لَمْ تَكُنْ فِي الدُّنْيَا امْرَأَةٌ إِلَّا خَدِيجَةُ فَيَقُولُ إِنَّهَا

کہتی تھی میں آنحضرت صلعم کو کہ گویا نہ تھی دنیا میں کوئی عورت مگر خدیجہ پس فرماتے آنحضرت صلعم خدیجہ

كَانَتْ وَكَانَتْ وَكَانَ لِي مِنْهَا وَلَدٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي سَلَمَةَ

تھی ایسی اور ایسی تھی اور تھی میرے لیے اوس سے اولاد متفق علیہ ۔ اور روایت ہے ابی سلمہ رضہ سے

أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَائِشُ هٰذَا

کہ تحقیق عائشہ رضہ نے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اے عائشہ یہہ

جبرئيل يقرئك السلام قالت وعليه السلام ورحمة الله قالت

جبرئیل تمہیں پہنچاتے ہیں تمکو سلام کہا عائشہ رضہ نے اور جبرئیل پر سلام اور رحمت خدا کی کہا عائشہ نے

وهو يرى ما لا ارى متفق عليه وعن عائشة قالت قال لي

اور آنحضرت صلعم دیکھتے تھے جو میں نہیں دیکھتی تھی روایت کی اسکو بخاری و مسلم نے اور روایت ہے عائشہ رضہ سے کہا فرمایا مجکو

رسول الله صلى الله عليه وسلم اريتك في المنام ثلث ليال يجيء بك الملك

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ دیکھلائی گئی تو مجکو خواب میں تین شب لاتا تھا تیری صورت کو فرشتہ

في سرقة من حرير فقال لي هذه امرأتك فكشفت عن وجهك

بیچ ایک ٹکڑے ریشمی کپڑے کے پس کہا فرشتہ نے یہ صورت بیوی تیری ہے پس اوٹھایا میں نے تیری صورت کے مونہ سے

الثوب فاذا انت هي فقلت ان يكن هذا من عند الله يمضه

کپڑا پس ناگہاں تو وہی صورت ہے پس کہا میں نے اگر ہے یہ نزدیک خدا کے ہے جاری کریگا اوسکو

متفق عليه وعنها قالت ان الناس كانوا يتحرون بهداياهم

متفق علیہ - اور روایت ہے عائشہ رضہ سے کہا لوگ قصد کرتے تھے ساتھ تحفوں اپنے کے

يوم عائشة يبتغون بذلك مرضاة رسول الله صلى الله عليه وسلم وقالت

بیچ نوبت میری کے طلب کرتے تھے ساتھ اس قصد کے رضا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی اور کہا عائشہ نے

ان نساء رسول الله صلى الله عليه وسلم كن حزبين فحزب فيه عائشة

کہ تحقیق بیبیاں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی دو گروہ تھیں پس ایک گروہ تھا کہ اوس میں عائشہ رضہ

وحفصة وصفية وسودة والحزب الاخر ام سلمة وسائر

اور حفصہ رضہ اور صفیہ رضہ اور سودہ رضہ تھیں اور گروہ دوسرا ام سلمہ اور باقی

نساء رسول الله صلى الله عليه وسلم فكلم حزب ام سلمة فقلن لها كلمي

بیبیان رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی تھیں پس گفتگو کی گروہ ام سلمہ کی نے پس کہا ام سلمہ سے کہ عرض کرو

رسول الله صلى الله عليه وسلم يكلم الناس فيقول من اراد ان يهدي

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ کلام کریں لوگوں سے پس فرمادیں کہ جو کوئی چاہے یہ کہ تحفہ بھیجے

الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فليهده اليه حيث كان فكلمته

طرف رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پس چاہیے کہ بھیجے تحفہ طرف انکی جس جگہہ کہ ہوں پس کلام کیا ام سلمہ نے حضرت سے

فقال لها لا تؤذيني في عائشة فان الوحي لم يأتني وانا في ثوب

پس فرمایا حضرت صلعم نے ام سلمہ کو کہ ایذا نہ دے مجکو عائشہ کے مقدمہ میں اسلیے کہ وحی نہیں آتی ہے مجکو اسحالیں کہ میں بیچ لحاف

امرأة الا عائشة قالت اتوب الى الله من اذاك يا رسول الله ثم

کسی عورت کے ہوں سوا عائشہ رضی کے کہا ام سلمہ نے توبہ کرتی ہوں میں طرف اللہ کی آپکی ایذا سے یا رسول اللہ پھر

انهن دعون فاطمة فارسلن الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فكلمته

ان عورتوں نے بلایا حضرت فاطمہ کو اور بھیجا طرف رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس کلام کیا فاطمہ نے حضرت سے

فقال يا بنية الا تحبين ما احب قالت بلى قال فاحبي هذه

پس فرمایا حضرت صلعم نے اے بیٹی میری کیا نہیں دوست رکھتی تو جسکو دوست رکھتا ہوں میں کہا فاطمہ نے ہاں فرمایا پس دوست رکھ تو اسکو

متفق عليه وذكر حديث انس فضل عائشة على النساء في باب بدء

روایت کیا بخاری اور مسلم نے اور ذکر کی گئی حدیث انس کی کہ اوسکی اول میں یہ ہے فضل عائشہ علی النساء بیچ باب بدء

الخلق برواية ابي موسى الفصل الثاني عن انس ان النبي

الخلق کے ساتھ روایت ابی موسی اشعری کے۔ فصل دوسری۔ روایت ہے انس سے کہ تحقیق نبی

صلى الله عليه وسلم قال حسبك من نساء العالمين مريم بنت عمران و

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کفایت کرتا ہے تجھکو جہان کی عورتوں سے ؏ مریم بیٹی عمران کی اور

خديجة بنت خويلد وفاطمة بنت محمد واسية امرأة فرعون

خدیجہ بیٹی خویلد کی اور فاطمہ بیٹی محمد کی اور آسیہ عورت فرعون کی

رواه الترمذي وعن عائشة ان جبريل جاء بصورتها في خرقة

روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے عائشہ رضی سے یہہ کہ جبرئیل لائے صورت اونکی بیچ کپڑے

حرير خضراء الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال هذه زوجتك في

ریشمی سبز کے طرف رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کہا یہہ ہے بیوی تیری بیچ

الدنيا والاخرة رواه الترمذي وعن انس قال بلغ صفية ان

دنیا اور آخرت کے روایت کیا اسحدیث کو ترمذی نے۔ اور روایت ہے انس سے کہ کہا پہنچی خبر صفیہ کو یہ کہ

حفصة قالت انها بنت يهودي فبكت فدخل عليها النبي صلى

حفصہ نے کہا اونکے حق میں تحقیق وہ بیٹی یہودی کی ہے پس روئیں صفیہ پھر داخل ہوئے اونپر نبی صلے اللہ

عليه وسلم وهي تبكي فقال ما يبكيك فقالت قالت لي حفصة إني

علیہ وسلم اس حال میں کہ وہ روتی تھیں پس فرمایا آپ نے کس چیز نے رلایا تجھکو پس کہا صفیہ نے کہ کہا ہے حفصہ نے کہ میں

ابنة يهودي فقال النبي صلى الله عليه وسلم إنك لابنة نبي وإن عمك

بیٹی یہودی کی ہوں پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق تو البتہ بیٹی نبی کی ہے اور بلاشبہ چچا تیرا

لنبي وإنك لتحت نبي ففيم تفخر عليك ثم قال اتقي الله يا حفصة

البتہ نبی ہے اور تحقیق تو نیچے نبی کے ہے پس بسبب کونسی فضیلت کے فخر کرتی ہے حفصہ تجھ پر پھر فرمایا حفصہ کو ڈر تو خدا سے اے حفصہ

رواه الترمذي والنسائي وعن أم سلمة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم

روایت کی یہ ترمذی اور نسائی نے۔ اور روایت ہے ام سلمہ رض سے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

دعا فاطمة عام الفتح فناجاها فبكت ثم حدثها فضحكت فلما

بلایا فاطمہ کو اپنے پاس بیچ سال فتح مکہ کے پس سرگوشی کی اونسے پس روئیں فاطمہ رض پھر بات کی اونسے پس ہنسیں فاطمہ رض پس جب

توفي رسول الله صلى الله عليه وسلم سألتها عن بكائها وضحكها فقالت

وفات کی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پوچھا میں نے فاطمہ سے رونے اونکے سے اور ہنسنے اونکے سے پس کہا فاطمہ نے

أخبرني رسول الله صلى الله عليه وسلم أنه يموت فبكيت ثم أخبرني أني

کہ خبر دی مجھکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ وہ وفات پاوینگے عنقریب پس روئی میں پھر خبر دی مجھکو کہ میں

سيدة نساء أهل الجنة إلا مريم بنت عمران فضحكت رواه

سردار ہوں بہشت کی عورتوں کی سوائے مریم بیٹی عمران کی پس ہنسی میں روایت کی یہ

الترمذي الفصل الثالث عن أبي موسى قال ما أشكل علينا

ترمذی نے۔ فصل تیسری۔ روایت ہے ابی موسی رض سے کہ کہا نہیں مشتبہ ہوئی ہمپر

أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم حديث قط فسألنا عائشة إلا

اصحاب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ہیں کوئی بات ہرگز پس پوچھا ہمنے حضرت عائشہ سے مگر

وجدنا عندها منه علما رواه الترمذي وقال هذا حديث

پایا ہمنے عائشہ رض کے پاس اوس حدیث کا علم روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث

حسن صحيح غريب وعن موسى بن طلحة قال ما رأيت أحدا

حسن صحیح غریب ہے۔ اور روایت ہے موسی بن طلحہ رض سے کہ کہا نہیں دیکھا میں نے کسیکو

أفصح من عائشة رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن صحيح

بہت فصیح عائشہؓ سے روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح

غريب باب جامع المناقب الفصل الأول عن

غریب ہے۔ باب جامع مناقب کا۔ فصل پہلی۔ روایت ہے

عبد الله بن عمر قال رأيت في المنام كأن في يدي سرقة من حرير

عبد اللہ بن عمرؓ سے کہا دیکھا میں نے خواب میں گویا کہ میرے ہاتھ میں ایک ٹکڑا ہے ریشمی کپڑے کا

لا أهوي بها إلى مكان في الجنة إلا طارت بي إليه فقصصتها

قصد نہیں کرتا ہوں میں ساتھ اوس ٹکڑے کے طرف کسی مکان کے بہشت میں مگر کہ اڑتا ہے وہ ٹکڑا مجھکو پس بیان کیا میں نے یہ خواب

على حفصة فقصتها حفصة على النبي صلى الله عليه فقال إن أخاك

حفصہؓ سے پس عرض کیا حفصہ نے یہ خواب نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا آپ نے کہ بھائی تیرا

رجل صالح أو إن عبد الله رجل صالح متفق عليه وعن حذيفة

مرد صالح ہے یا تحقیق عبد اللہ مرد نیک بخت ہے متفق علیہ۔ اور روایت ہے حذیفہ سے

قال إن أشبه الناس دلا وسمتا وهديا برسول الله صلى الله عليه وسلم

کہا تحقیق مشابہ تر لوگوں کا ازروئے وقار اور میانہ روی اور طریقہ سیدھ کے ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے

لابن أم عبد من حين يخرج من بيته إلى أن يرجع إليه لا

بیٹا ام عبد کا ہے اوس وقت سے کہ نکلتا ہے اپنے گھر سے اوس وقت تک کہ پھرتا ہے طرف گھر کے نہیں

ندري ما يصنع في أهله إذا خلا رواه البخاري وعن أبي موسى

جانتے ہم کیا کرتا ہے اپنے گھر والوں میں اوس وقت کہ تنہا ہوتا ہے روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے ابو موسی

الأشعري قال قدمت أنا وأخي من اليمن فمكثنا حينا ما نرى

اشعریؓ سے کہ کہا آیا میں اور بھائی میرا یمن سے پس ٹھہرے ہم ایک مدت تک نہیں گمان کرتے

إلا أن عبد الله بن مسعود رجل من أهل بيت النبي صلى الله عليه وسلم

مگر یہ کہ عبد اللہ بن مسعود ایک مرد ہے اہل بیت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سے

لما نرى من دخوله ودخول أمه على النبي صلى الله عليه وسلم متفق عليه

بسبب اسکے کہ دیکھتے تھے ہم داخل ہونا اونکا اور داخل ہونا اونکی ماں کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس وقت بے وقت متفق علیہ

وعن عبد الله بن عمرو ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال استقرؤا

اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو رضہ سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سیکھو

القرآن من اربعة من عبد الله بن مسعود وسالم مولى ابي حذيفة

قرآن کو ان چار سے عبد اللہ بن مسعود رضہ سے اور سالم مولے ابی حذیفہ رضہ سے

وابي بن كعب ومعاذ بن جبل متفق عليه وعن علقمة قال قدمت

اور ابی بن کعب سے اور معاذ بن جبل رضہ سے متفق علیہ ۔ اور روایت ہے علقمہ رضہ سے کہا آیا میں

الشام فصليت ركعتين ثم قلت اللهم يسر لي جليسا صالحا

شام میں پس نماز پڑھی میں نے دو رکعت پھر دعا کی میں نے کہ خداوندا میسر کر میرے لیے ہمنشین نیکبخت

فاتيت قوما فجلست اليهم فاذا شيخ قد جاء حتى جلس الى جنبي

پھر آیا میں ایک قوم کے پاس اور بیٹھا میں انکے پاس پس ناگہان ایک بڈھا تحقیق آیا یہانتک کہ بیٹھا طرف پہلو میرے کے

قلت من هذا قالوا ابو الدرداء قلت اني دعوت الله ان ييسر

کہا میں نے کون ہے یہ کہا لوگوں نے یہ ابو درداء ہیں کہا میں نے بلاشبہ میں نے دعا کی تھی اللہ تعالی سے یہ کہ میسر کرے

لي جليسا صالحا فيسرك لي فقال من انت قلت من اهل الكوفة

میرے لیے ہمنشین نیکبخت پس میسر کیا تجکو میرے لیے پس کہا ابو درداء نے کہ تو کون ہے کہا میں نے کہ ایک شخص ہوں اہل کوفہ سے

قال اوليس عندكم ابن ام عبد صاحب النعلين والوسادة و

کہا ابو درداء نے کیا نہیں ہے تمہارے پاس بیٹا ام عبد کا رکھنے والا حضرت صلعم کے پاپوشین اور تکیہ اور

المطهرة وفيكم الذي اجاره الله من الشيطان على لسان نبيه

چھاگل اور کیا نہیں ہے تم میں وہ شخص کہ امان دی ہے اسکو خدا نے شیطان سے اوپر زبان پیغمبر اپنے کے

يعني عمارا اوليس فيكم صاحب السر الذي لا يعلمه غيره يعني

یعنے عمار بن یاسر کیا نہیں ہے تم میں بھید جاننے والا رسول خدا صلعم کا کہ نہیں جانتا ہے اس بھید کو سوائے اسکے یعنے

حذيفة رواه البخاري وعن جابر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اريت الجنة

حذیفہ روایت کی یہ بخاری نے ۔ اور روایت ہے جابر رضہ سے یہ کہ تحقیق رسول خدا صلعم نے فرمایا کہ دکھایا گیا مجکو بہشت

فرايت امراة ابي طلحة وسمعت خشخشة امامي فاذا بلال رواه مسلم

پس دیکھا میں نے بیوی ابو طلحہ کی اور سنی میں نے آہٹ پانوکی آگے اپنے پس ناگہان بلال تھا روایت کی اسے مسلم نے

وعن سعد قال كنا مع النبي صلى الله عليه وسلم ستة نفر فقال المشركون

اور روایت ہے سعد بن وقاص سے کہا کہ تھے ہم ساتھ نبی صلعم کے چھ شخص پس کہا مشرکون نے

للنبي صلى الله عليه وسلم اطرد هؤلاء لا يجترؤن علينا قال وكنت انا

واسطے نبی صلعم کے دور کر تو اپنی مجلس سے ان لوگوں کو نہ دلیری کریں ہم پر کہا سعد نے اور تھا میں

وابن مسعود ورجل من هذيل وبلال ورجلان لست

اور ابن مسعود اور ایک شخص قبیلہ ہذیل سے اور بلال اور دو شخص اور کہ میں نہیں

اسميهما فوقع في نفس رسول الله صلى الله عليه وسلم ما شاء الله

نام لیتا ان کا پس واقع ہوا بیچ خاطر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے جو کچھ کہ چاہا خدا نے

ان يقع فحدث نفسه فانزل الله ولا تطرد الذين يدعون

کہ واقع ہو پس سوچے کہ آنحضرت نے اپنے دل میں پس اوتاری اللہ حضرت نے یہ آیت اور نہ ہٹا ان لوگوں کو کہ پکارتے ہیں

ربهم بالغداوة والعشي يريدون وجهه رواه مسلم و

اپنے رب کو صبح و شام چاہتے ہیں اپنی عبادت سے رضامندی اللہ کی روایت کی یہ مسلم نے اور

عن ابي موسى ان النبي صلى الله عليه وسلم قال يا ابا موسى لقد اعطيت

روایت ہے ابی موسی رضہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان کو اے ابو موسے البتہ تحقیق دیا گیا تو

مزمارا من مزامير ال داود متفق عليه وعن انس قال جمع

خوش آوازی خوش آوازی داؤد کی سے متفق علیہ اور روایت ہے انس رضہ کہا جمع کیا

القران على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم اربعة ابي بن كعب و

قرآن کو آنحضرت صلعم کے زمانہ میں چار شخصوں نے ابی بن کعب نے اور

معاذ بن جبل وزيد بن ثابت وابو زيد قيل لانس من

معاذ بن جبل نے اور زید بن ثابت نے اور ابو زید نے کہا گیا انس کو کون ہے

ابو زيد قال احد عمومتي متفق عليه وعن خباب بن

ابو زید کہا انس نے ایک میرے چچاؤں میں سے ہے متفق علیہ اور روایت کی خباب بن

الارت قال هاجرنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم نبتغي وجه

ارت نے کہا ہجرت کی ہم نے ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کی طلب کرتے تھے ہم

اللهِ تعالى فوقع أجرنا على اللهِ فمنا من مضى لم يأكل من أجره

خدا تعالیٰ کی پس واقع ہوا ثواب ہمارا خدا تعالیٰ نزدیک پس بعضے ہم میں سے وہ ہیں کہ گذر گئے اس عالم سے اور نہیں کھایا اپنے

شيئًا منهم مصعب بن عمير قتل يوم أحد فلم يوجد له ما يكفن

کچھ منجملہ انکے مصعب بن عمیر ہیں مارے گئے روز احد کے پس نہ پایا گیا انکے لیے کپڑا کفن دیے جاویں

فيه إلا نمرة فكنا إذا غطينا رأسه خرجت رجلاه وإذا غطينا

اوسمیں مگر ایک کملی پس تھے ہم جسوقت ڈھانکتے سر اونکا تو کھلے رہتے پانوں انکے اور جسوقت ڈھانکتے ہم

رجليه خرج رأسه فقال النبي صلى الله عليه وسلم غطوا بها رأسه واجعلوا

پانوں اونکے تو کھلا رہتا سر اونکا پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ڈھانکدو اوس سے سر اونکا اور کردو

على رجليه من الإذخر ومنا من أينعت له ثمرته فهو يهدبها

اونکے پانوں پر اذخر اور بعضے ہم میں سے وہ ہیں کہ پختہ ہوا واسطے اونکے میوہ اونکا پس وہ چنتے ہیں اوس

متفق عليه وعن جابر قال سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول اهتز

متفق علیہ اور روایت ہے جابر رضہ سے کہا سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے ہلا

العرش لموت سعد بن معاذ وفي رواية اهتز عرش الرحمن

عرش بسبب مرنے سعد بن معاذ رضہ کے اور ایک روایت میں ہے کہ ہلا عرش رحمن کا

لموت سعد بن معاذ متفق عليه وعن البراء قال أهديت

بسبب مرنے سعد بن معاذ کے متفق علیہ اور روایت ہے براء رضہ سے کہا پیشکش بھیجا گیا

لرسول الله صلى الله عليه وسلم حلة حرير فجعل أصحابه يمسونها

واسطے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے جوڑا ریشمی کپڑے کا پس ہوئے یار آنحضرت کے کہ ہاتھ پھیرتے تھے اوپر

ويتعجبون من لينها فقال أتعجبون من لين هذه لمناديل

اور تعجب کرتے تھے اوسکی نرمی پر پس فرمایا آنحضرت صلعم نے کیا تعجب کرتے ہو تم نرمی اسکی سے البتہ رومال سعد

سعد بن معاذ في الجنة خير منها وألين متفق عليه وعن

سعد بن معاذ کی جنت میں بہتر ہیں اس سے اور نرم زیادہ متفق علیہ اور روایت ہے

أم سليم أنها قالت يا رسول الله أنس خادمك ادع الله

ام سلیم سے کہ انہوں نے کہا یا رسول اللہ انس خادم آپکا ہے دعا کرو اللہ تعالیٰ سے

لَهٗ قَالَ اللّٰهُمَّ اَكْثِرْ مَالَهٗ وَوَلَدَهٗ وَبَارِكْ لَهٗ فِيْمَا اَعْطَيْتَهٗ قَالَ اَنَسٌ

اوسکے لیے کہا حضرت صلعم نے یا الٰہی بہت کر مال اوسکا اور اولاد اوسکی اور برکت دے اوسکے لیے بیچ اوس چیز کے کہ دی ہے تو نے اوسکو کہا انس نے

فَوَاللّٰهِ اِنَّ مَالِيْ لَكَثِيْرٌ وَّاِنَّ وَلَدِيْ وَوَلَدَ وَلَدِيْ لَيَتَعَادُّوْنَ

پس قسم خدا کی بلاشبہ مال میرا نہایت بہت ہے اور تحقیق اولاد میری اور اولاد میری اولاد کی البتہ زیادہ ہین گنتی مین

عَلٰى نَحْوِ الْمِائَةِ الْيَوْمَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ

مانند سو کے آجکے دن متفق علیہ اور روایت ہے سعد بن ابی وقاص رضہ سے

قَالَ مَا سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لِاَحَدٍ يَّمْشِيْ عَلٰى وَجْهِ

کہ کہا نہین سنا مین نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے واسطے اوس شخص کے کہ چلتا ہو مونہ

الْاَرْضِ اِنَّهٗ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ اِلَّا لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

زمین پر یہ کہ وہ اہل بہشت سے ہے مگر عبد اللہ بن سلام کو متفق علیہ

وَعَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَادٍ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا فِيْ مَسْجِدِ الْمَدِيْنَةِ فَدَخَلَ

اور روایت ہے قیس بن عباد رضہ سے کہ کہا تھا مین بیٹھا ہوا مسجد مدینہ مین پس آیا

رَجُلٌ عَلٰى وَجْهِهٖ اَثَرُ الْخُشُوْعِ فَقَالُوْا هٰذَا رَجُلٌ مِّنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ

ایک شخص کہ اوسکے چہرہ پر نشان خشوع کا تھا پس کہا لوگون نے یہ شخص اہل بہشت سے ہے

فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ تَجَوَّزَ فِيْهِمَا ثُمَّ خَرَجَ وَتَبِعْتُهٗ فَقُلْتُ اِنَّكَ حِيْنَ

پس پڑھین اوسنے دو رکعتین اختصار کیا اون مین پھر باہر نکلا وہ اور پیچھے اوسکے چلا مین پس کہا مین نے تحقیق تو جس وقت

دَخَلْتَ الْمَسْجِدَ قَالُوْا هٰذَا رَجُلٌ مِّنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ قَالَ وَاللّٰهِ مَا

کہ آئے مسجد مین تو بعضون نے کہا کہ یہ شخص اہل جنت سے ہے کہا اوسنے قسم خدا کی نہین

يَنْبَغِيْ لِاَحَدٍ اَنْ يَّقُوْلَ مَا لَا يَعْلَمُ فَسَاُحَدِّثُكَ لِمَ ذَاكَ رَاَيْتُ رُؤْيَا

لائق واسطے کسی کے یہ کہ کہے اوس چیز کو کہ نہ جانتا ہو پس بیان کرونگا مین تجھسے کہ کیونکر ہے یہ انکار دیکھا مین نے ایک خواب

عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَصَصْتُهَا عَلَيْهِ وَرَاَيْتُ كَاَنِّيْ

بیچ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین پس عرض کیا مین نے وہ خواب روبرو حضرت کے اور دیکھا مین نے گویا کہ مین

فِيْ رَوْضَةٍ ذَكَرَ مِنْ سَعَتِهَا وَخُضْرَتِهَا وَسَطُهَا عَمُوْدٌ مِّنْ حَدِيْدٍ

بیچ ایک باغچہ کے ہون ذکر کی عبد اللہ نے کشادگی اوسکی اور سبزی اوسکی بیچمین اوس باغ کی ایک ستون ہے لوہے کا

أَسْفَلُهُ فِي الْأَرْضِ وَأَعْلَاهُ فِي السَّمَاءِ فِي أَعْلَاهُ عُرْوَةٌ فَقِيلَ لِي ارْقَهْ فَقُلْتُ

اور نیچے کی جانب اوسکی زمین میں ہے اور اوپر کی جانب اوسکی آسمان میں اوسکے اوپر ایک حلقہ ہے پس کہا گیا واسطے میرے چڑھ اوس پر پس کہا میں نے

لَا أَسْتَطِيعُ فَأَتَانِي مِنْصَفٌ فَرَفَعَ ثِيَابِي مِنْ خَلْفِي فَرَقِيتُ حَتَّى

نہیں طاقت رکھتا ہوں پس آیا میرے پاس ایک خادم پس اوٹھائے اوسنے کپڑے میرے پیچھے سے میرے پس چڑھا میں یہاں تک کہ

كُنْتُ فِي أَعْلَاهُ فَأَخَذْتُ بِالْعُرْوَةِ فَقِيلَ اسْتَمْسِكْ فَاسْتَيْقَظْتُ

پہنچا میں اوپر اوسکے پس پکڑا میں نے حلقہ اوسکا پس کہا گیا مجکو مضبوط پکڑے رہ اوسکو میں جاگا میں

وَإِنَّهَا لَفِي يَدِي فَقَصَصْتُهَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ تِلْكَ

اسحالیکہ وہ حلقہ میرے ہاتھ میں تھا پس بیان کیا میں نے اوسکو روبرو نبی صلعم کے پس فرمایا آنحضرت نے وہ

الرَّوْضَةُ الْإِسْلَامُ وَذَلِكَ الْعَمُودُ عَمُودُ الْإِسْلَامِ وَتِلْكَ الْعُرْوَةُ

باغ کہ دیکھا تو نے دین اسلام ہے اور وہ ستون اسلام کا ہے عبارت ہے احکام وارکان اوسکی سے

الْعُرْوَةُ الْوُثْقَى فَأَنْتَ عَلَى الْإِسْلَامِ حَتَّى تَمُوتَ وَذَلِكَ الرَّجُلُ

وہ عروہ وثقی ہے پس تو دین اسلام پر رہیگا مرنے تک اور وہ شخص

عَبْدُ اللهِ بْنُ سَلَامٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ ثَابِتُ

عبد اللہ بن سلام تھا متفق علیہ اور روایت ہے انس رض سے کہ کہا تھے ثابت

ابْنُ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ خَطِيبَ الْأَنْصَارِ فَلَمَّا نَزَلَتْ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا

بن قیس بن شماس خطیب انصار کے پس جبکہ اوتری یہ آیت اے ایمان والو

لَا تَرْفَعُوا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ إِلَى آخِرِ الْآيَةِ

نہ بلند کرو آوازیں اپنی اوپر آواز نبی کے آخر آیت تک

جَلَسَ ثَابِتٌ فِي بَيْتِهِ وَاحْتَبَسَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَ النَّبِيُّ

تو بیٹھ رہے ثابت اپنے گھر میں اور بند کیا اپنے تئیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آنے جانے سے پس پوچھا نبی

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَعْدَ بْنَ مُعَاذٍ فَقَالَ مَا شَأْنُ ثَابِتٍ اشْتَكَى فَأَتَاهُ

صلی اللہ علیہ وسلم نے سعد بن معاذ رض سے پس فرمایا کیا حال ہے ثابت کا کیا بیمار ہے پس آئے

سَعْدٌ فَذَكَرَ لَهُ قَوْلَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ثَابِتٌ أُنْزِلَتْ

سعد ثابت کے پاس اور ذکر کیا اوسنے قول رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا پس کہا ثابت نے کہ نازل ہوئی

هٰذِهِ الْاٰیَةُ وَلَقَدْ عَلِمْتُمْ اَنِّیْ مِنْ اَرْفَعِكُمْ صَوْتًا عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی

یہ آیت اور تحقیق تم جانتے ہو کہ میں بہت بلند ہوں تم میں از روئے آواز کے پیغمبر خدا صلی اللہ

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَنَا مِنْ اَهْلِ النَّارِ فَذَكَرَ ذٰلِكَ سَعْدٌ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ

علیہ وسلم کی آواز پر پس میں سے اہل دوزخ سے ہوں پس ذکر کیا سعد نے یہ قول ثابت کا روبرو نبی صلعم کے پس فرمایا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَلْ هُوَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بلکہ وہ ہے اہل بہشت سے ہے روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے

اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ كُنَّا جُلُوْسًا عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذْ نَزَلَتْ سُوْرَةُ

ابی ہریرہ رضی سے کہ کہا تھے ہم بیٹھے پاس پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ناگہان اتری سورہ

الْجُمُعَةِ فَلَمَّا نَزَلَتْ وَاٰخَرِیْنَ مِنْهُمْ لَمَّا یَلْحَقُوْا بِهِمْ قَالُوْا

جمعہ پس جبکہ اتری یہ آیت واٰخرین منہم لما یلحقوا بہم کہا صحابہ نے

مَنْ هٰؤُلَاءِ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَفِیْنَا سَلْمَانُ الْفَارِسِیُّ قَالَ

کون ہیں یہ جماعت کہ ہنوز نہیں آ کر ملے یا رسول اللہ کہا ابی ہریرہ نے کہ بیٹھے تھے درمیان ہمارے سلمان فارسی کہا ابو ہریرہ نے

فَوَضَعَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَدَهٗ عَلٰی سَلْمَانَ ثُمَّ قَالَ لَوْ كَانَ

پس رکھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دست مبارک اپنا سلمان پر پھر فرمایا اگر ہوتا

الْاِیْمَانُ عِنْدَ الثُّرَیَّا لَنَالَهٗ رِجَالٌ مِّنْ هٰؤُلَاءِ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ

ایمان نزدیک ثریا کے تحقیق لیتے اس کو کتنے ایک شخص انہیں سے روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے

وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ حَبِّبْ عُبَیْدَكَ

اور روایت ہے ابو ہریرہ رضی سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یا الٰہی محبوب گردان اس چھوٹے سے بندہ اپنے کو

هٰذَا یَعْنِیْ اَبَا هُرَیْرَةَ وَاُمَّهٗ اِلٰی عِبَادِكَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَحَبِّبْ

یعنی ابو ہریرہ کو اور محبوب گردان اس کی ماں کو طرف مسلمانوں کے اور محبوب گردان

اِلَیْهِمَا الْمُؤْمِنِیْنَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَائِذِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ اَبَا

طرف ان کی مسلمانوں کو روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے عائذ بن عمرو سے کہ تحقیق شان ابو

سُفْیَانَ اَتٰی عَلٰی سَلْمَانَ وَصُهَیْبٍ وَبِلَالٍ فِیْ نَفَرٍ فَقَالُوْا مَا

سفیان گذرا سلمان اور صہیب اور بلال پر بیچ جماعت اور صحابہ کے پس کہا انہوں نے کہ نہیں

أَخَذَتْ سُيُوفُ اللّٰهِ مِنْ عُنُقِ عَدُوِّ اللّٰهِ مَأْخَذَهَا فَقَالَ أَبُوبَكْرٍ

لیا خدا تعالیٰ کی تلواروں نے گردن اس دشمن خدا کی سے جگہہ لینے اپنی کیکو پس کہا ابوبکر نے

أَتَقُولُونَ هٰذَا لِشَيْخِ قُرَيْشٍ وَسَيِّدِهِمْ فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

آیا کہتے ہو تم اسبات کو واسطے شیخ قریش کے اور سردار اونکے پہر آئے ابوبکر رضہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس

فَأَخْبَرَهُ فَقَالَ يَا أَبَا بَكْرٍ لَعَلَّكَ أَغْضَبْتَهُمْ لَئِنْ كُنْتَ أَغْضَبْتَهُمْ

پس خبر دی آنحضرت صلعم کو پس فرمایا حضرت صلعم نے اے ابوبکر شاید غصہ دلایا تو نے اونکو البتہ قسم خدا کی اگر غصہ دلایا تو نے اونکو

لَقَدْ أَغْضَبْتَ رَبَّكَ فَأَتَاهُمْ فَقَالَ يَا إِخْوَتَاهُ أَغْضَبْتُكُمْ قَالُوا

تو البتہ تحقیق غصہ دلایا تو نے اپنے رب کو پہر آئے ابوبکر اونکے پاس پس کہا اے بہائیو میرے غصہ دلایا میں نے تمکو کہا انہوں نے

لَا يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكَ يَا أُخَيَّ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ

نہیں بخشے تجکو خدا تعالیٰ اے بہائی ہمارے روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہی انس سے کہ نقل کی نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ آيَةُ الْإِيمَانِ حُبُّ الْأَنْصَارِ وَآيَةُ النِّفَاقِ

صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا نشانی[1] ایمان کی محبت انصار کی ہے اور نشانی نفاق کی

بُغْضُ الْأَنْصَارِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ الْبَرَاءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ

دشمنی انصار کی ہے متفق علیہ۔ اور روایت ہی براء رضہ سے کہ کہا سنا میں نے رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الْأَنْصَارُ لَا يُحِبُّهُمْ إِلَّا مُؤْمِنٌ وَلَا يُبْغِضُهُمْ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے انصار نہیں دوست رکہتا اونکو مگر[2] مومن اور نہیں بغض رکہتا اونسے

إِلَّا مُنَافِقٌ فَمَنْ أَحَبَّهُمْ أَحَبَّهُ اللّٰهُ وَمَنْ أَبْغَضَهُمْ أَبْغَضَهُ

مگر[3] منافق پس جو کوئی دوست رکہے انصار کو دوست رکہیگا اوسکو اللہ اور جو شخص دشمن رکہے اونکو دشمن رکہیگا اوسکو

اللّٰهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ إِنَّ نَاسًا مِنَ الْأَنْصَارِ قَالُوا

اللہ روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے۔ اور روایت کی انس رضہ نے کہ کہا تحقیق بعضے آدمیوں نے انصار میں سے کہا

حِينَ أَفَاءَ اللّٰهُ عَلَى رَسُولِهِ مِنْ أَمْوَالِ هَوَازِنَ مَا أَفَاءَ

جسوقت کہ غنیمت دی اللہ نے اپنے رسول صلعم کو اموال سے ہوازن کے وہ چیز کہ[4] دی

فَطَفِقَ يُعْطِي رِجَالًا مِنْ قُرَيْشٍ الْمِائَةَ مِنَ الْإِبِلِ فَقَالُوا

پس شروع کیا دینا کتنے ایک شخصوں کو قریش میں سے سو سو اونٹ کا پس کہا ایک جماعت نے انصار میں سے

يَغْفِرُ اللّٰهُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْطِيْ قُرَيْشًا وَّيَدَعُنَا وَسُيُوْفُنَا

کہ بخشے خدا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو دیتے ہیں قریش کو اور ترک کرتے ہیں ہمکو اور تلواریں ہماری

تَقْطُرُ مِنْ دِمَائِهِمْ فَحُدِّثَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَقَالَتِهِمْ

ٹپکتی ہیں انکے خونوں سے پس خبر دیئے گئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو انصار کی گفتگو کی

فَاَرْسَلَ اِلَى الْاَنْصَارِ فَجَمَعَهُمْ فِيْ قُبَّةٍ مِّنْ اَدَمٍ وَّلَمْ يَدْعُ مَعَهُمْ

پس کسیکو بھیجا حضرت نے انصار کے پاس اور جمع کیا انکو ایک خیمہ کے چمڑے سے اور نہ بلایا ساتھ اونکے

اَحَدًا غَيْرَهُمْ فَلَمَّا اجْتَمَعُوْا جَآءَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا

کسیکو سوا ان کے پس جب جمع ہوئے انصار آئے اونکے پاس رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پس کہا آنحضرت نے کیا ہے

حَدِيْثٌ بَلَغَنِيْ عَنْكُمْ فَقَالَ فُقَهَآؤُهُمْ اَمَّا ذَوُوْا رَأْيِنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

بات کہ پہنچی ہے مجکو تمہاری جانب سے پس کہا داناؤں نے ان کے لیکن عقلمند ان ہمارے نے یا رسول اللہ

فَلَمْ يَقُوْلُوْا شَيْئًا وَّاَمَّا اُنَاسٌ مِّنَّا حَدِيْثَةٌ اَسْنَانُهُمْ قَالُوْا يَغْفِرُ اللّٰهُ

پس نہیں کہا ہے کچھ اور لیکن کتنے ایک نو عمر اور نوجوان نے کہا کہ بخشے اللہ

لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْطِيْ قُرَيْشًا وَّيَدَعُ الْاَنْصَارَ وَسُيُوْفُنَا

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ دیتے ہیں قریش کو اور چھوڑتے ہیں انصار کو اور تلواریں ہماری

تَقْطُرُ مِنْ دِمَائِهِمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ اُعْطِيْ رِجَالًا

ٹپکتی ہیں اونکے خونوں سے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بلا شبہ دیتا ہوں میں کتنے ایک

حَدِيْثِيْ عَهْدٍ بِكُفْرٍ اَتَاَلَّفُهُمْ اَمَا تَرْضَوْنَ اَنْ يَّذْهَبَ النَّاسُ بِالْاَمْوَالِ

کہ جدید العہد ہیں ساتھ کفر کے طلب کرتا ہوں میں الفت انکی اسلام سے کیا نہیں راضی ہوتے تم اے انصار اس سے کہ مال لیجاویں لوگ

وَتَرْجِعُوْنَ اِلٰى رِحَالِكُمْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

اور پھرو تم طرف مکانوں اپنے کے مدینہ میں ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے کہا انھوں نے ہاں یا رسول اللہ

قَدْ رَضِيْنَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

تحقیق راضی ہوئے ہم متفق علیہ اور روایت ہے ابی ہریرہ رضی سے کہا کہ فرمایا رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْلَا الْهِجْرَةُ لَكُنْتُ امْرَأً مِّنَ الْاَنْصَارِ وَلَوْ سَلَكَ النَّاسُ

صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر نہ ہوتی ہجرت تو البتہ ہوتا میں ایک شخص انصار میں سے اور اگر چلیں لوگ

وَادِيًا وَسَلَكَتِ الْأَنْصَارُ وَادِيًا أَوْ شِعْبًا لَسَلَكْتُ وَادِيَ الْأَنْصَارِ وَ

ایک وادی میں اور چلیں انصار اور راہ میں یا درہ پہاڑ میں تو چلوں میں وادی انصار میں اور

شِعْبَهَا الْأَنْصَارُ شِعَارٌ وَالنَّاسُ دِثَارٌ إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ بَعْدِي أَثَرَةً

اونکے درہ میں انصار بمنزلہ استر کے ہیں اور باقی لوگ جیسے ابرہ کا تحقیق تم ای انصار دیکھوگے بعد میرے ترجیح

فَاصْبِرُوا حَتَّى تَلْقَوْنِي عَلَى الْحَوْضِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْهُ قَالَ

پس صبر کرنا تم یہانتک کہ ملو تم مجھسے حوض پر روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا

كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْفَتْحِ فَقَالَ مَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي

تھے ہم ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے دن فتح مکہ کے پس فرمایا آپنے جو شخص کہ داخل ہوا ابی

سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ وَمَنْ أَلْقَى السِّلَاحَ فَهُوَ آمِنٌ فَقَالَتِ الْأَنْصَارُ

سفیان کے گھر پس وہ امن میں ہے اور جو کوئی ڈالدے ہتیار پس وہ بھی امان میں ہے پس کہا انصار نے

أَمَّا الرَّجُلُ فَقَدْ أَخَذَتْهُ رَأْفَةٌ بِعَشِيرَتِهِ وَرَغْبَةٌ فِي قَرْيَتِهِ وَنَزَلَ

اسپر شخص پس تحقیق پکڑا ہے اوسکو مہربانی نے اپنی قوم پر اور رغبت نے اپنی بستی والوں میں اور اتری

الْوَحْيُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قُلْتُمْ أَمَّا الرَّجُلُ فَقَدْ أَخَذَتْهُ

وحی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پر فرمایا آنحضرت نے انصار سے کہا تمنے اسپر یہ شخص پکڑا اوسکو

رَأْفَةٌ بِعَشِيرَتِهِ وَرَغْبَةٌ فِي قَرْيَتِهِ كَلَّا إِنِّي عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُولُهُ

مہربانی نے اپنی قوم پر اور رغبت نے اپنی بستی والوں میں ایسا نہیں ہے بلاشبہ میں بندہ اللہ کا ہوں اور رسول اوسکا

هَاجَرْتُ إِلَى اللّٰهِ وَإِلَيْكُمْ الْمَحْيَا مَحْيَاكُمْ وَالْمَمَاتُ مَمَاتُكُمْ قَالُوا

ہجرت کی میں نے متوجہ ہو کر طرف اللہ کے اور طرف تمہاری جگہ زندگانی میری کی جگہ زندگانی تمہاری ہے اور موت کی جگہ میری موت کی جگہ

وَاللّٰهِ مَا قُلْنَا إِلَّا ضِنًّا بِاللّٰهِ وَرَسُولِهِ قَالَ فَإِنَّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ

قسم ہے خدا کی نہیں کہا ہمنے مگر بسبب بخل کرنیکے ساتھ خدا کے اور رسول اوسکے فرمایا حضرت نے پس تحقیق اللہ اور رسول اوسکا

يُصَدِّقَانِكُمْ وَيَعْذِرَانِكُمْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

تصدیق کرتے ہیں تمہاری اور قبول کرتے ہیں عذر تمہارے روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے انس سے یہ کہ نبی صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى صِبْيَانًا وَنِسَاءً مُقْبِلِينَ مِنْ عُرْسٍ فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى

علیہ وسلم نے دیکھا لڑکوں اور عورتوں کو پھرتے ہوئے طعام شادی سے پس کھڑے ہوئے نبی صلی اللہ

عليه وسلم فقال اللهم انتم من احب الناس الى اللهم انتم من احب
عليہ وسلم پھر فرمایا خدا گواہ ہے کہ تم محبوب ترین ہو لوگوں میں سے طرف میری خدا گواہ ہے کہ تم محبوب ترین ہو

الناس الى يعني الانصار متفق عليه وعنه قال مر ابو بكر
لوگوں میں سے طرف میری فرمایا یہ انصار کو متفق علیہ اور روایت ہے انس سے کہا گذرے ابو بکر رضی

والعباس بمجلس من مجالس الانصار وهم يبكون فقالا ما
اور عباس رضی ایک مجلس پر انصار کی مجلسوں میں سے اس حالمین کہ اہل مجلس اور رہے تھے پس کہا ابوبکر اور عباس نے کہ کس چیز نے

يبكيكم قالوا ذكرنا مجلس النبي صلى الله عليه وسلم منا فدخل احدهما على
رولایا تمکو کہا انصار نے یاد کی ہمنے مجلس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت اپنی پس گئے ایک ان دونوں میں سے

النبي صلى الله عليه وسلم فاخبره بذلك فخرج النبي صلى الله عليه وسلم وقد عصب
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور خبر دی حضرت کو انصار کے رونیکی پس باہر نکلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس حالمین کہ تحقیق باندھا تھا

على راسه حاشية برد فصعد المنبر ولم يصعد بعد ذلك
اپنے سر مبارک پر کنارہ چادر کا پس چڑھے آنحضرت منبر پر اور نہ چڑھے منبر پر بعد اوس

اليوم فحمد الله واثنى عليه ثم قال اوصيكم بالانصار فانهم
دن کے پس حمد کی اللہ کی اور ثنا کی اوس پر پھر فرمایا آنحضرت نے وصیت کرتا ہوں میں تمکو انصار کیواسطے اسلیے کہ وہ

كرشي وعيبتي وقد قضوا الذي عليهم وبقي الذي لهم فاقبلوا
شکنبہ میرے ہیں اور گٹھڑے میرے اور تحقیق ادا کیا اونہوں نے اوس حق کو کہ اون پر تھا اور باقی رہا جو کچھ کہ اونکے لیے ہے پس قبول کرو

من محسنهم وتجاوزوا عن مسيئهم رواه البخاري وعن ابن
اونکی نیک کاروں سے اور درگذر کرو اونکی بدکاروں کی کار بد سے روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے ابن

عباس قال خرج النبي صلى الله عليه وسلم في مرضه الذي مات فيه حتى
عباس رضی سے کہا نکلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اوس بیماری میں کہ وفات پائی اوس میں یہانتک

جلس على المنبر فحمد الله واثنى عليه ثم قال اما بعد فان الناس
کہ بیٹھے منبر پر پس حمد کی اللہ کی اور ثنا کہی اوس پر پھر کہا اسکے بعد حمد و ثنا کے جانو کہ لوگ

يكثرون ويقل الانصار حتى يكونوا في الناس بمنزلة الملح
بہت ہونگے اور کم ہونگے انصار یہانتک کہ ہونگے لوگوں میں بمنزلہ نمک کے

الطَّعَامِ فَمَنْ وَلِيَ مِنْكُمْ شَيْئًا يَضُرُّ فِيْهِ قَوْمًا وَيَنْفَعُ فِيْهِ اٰخَرِيْنَ

طعام مین پس جو شخص کہ حاکم ہو تم مین سے کسی چیز کا کہ ضرر پہنچا وے اوسمین کسی قوم کو اور نفع پہنچاوے اوسمین اور قوم کو

فَلْيَقْبَلْ مِنْ مُحْسِنِهِمْ وَلْيَتَجَاوَزْ عَنْ مُسِيْئِهِمْ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ

پس چاہیے کہ قبول کرے وہ حاکم اونکی نیک سے اور چاہیے کہ درگذر کرے اونکی بدکار سے روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے

زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ

زید بن ارقم رضہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یا الٰہی بخش

لِلْاَنْصَارِ وَلِاَبْنَاءِ الْاَنْصَارِ وَلِاَبْنَاءِ اَبْنَاءِ الْاَنْصَارِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

واسطے انصار کے اور واسطے بیٹون انصار کے اور واسطے پوتون انصار کے روایت کی یہ مسلم نے۔

وَعَنْ اَبِيْ اُسَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ دُوْرِ

اور روایت ہے ابی اسید رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بہترین گھر

الْاَنْصَارِ بَنُو النَّجَّارِ ثُمَّ بَنُوْ عَبْدِ الْاَشْهَلِ ثُمَّ بَنُو الْحَارِثِ بْنِ

انصار کے بنو نجار ہین پھر بنو عبد الاشہل پھر بنو الحارث بن

الْخَزْرَجِ ثُمَّ بَنُوْ سَاعِدَةَ وَفِيْ كُلِّ دُوْرِ الْاَنْصَارِ خَيْرٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

خزرج پھر بنو ساعدہ اور بیچ تمام قبیلون انصار کے بھلائی ہے متفق علیہ

وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ بَعَثَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَالزُّبَيْرَ وَ

اور روایت ہے علی رضہ سے کہ کہا سکہ بھیجا مجکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اور زبیر کو اور

الْمِقْدَادَ وَفِيْ رِوَايَةٍ وَّاَبَا مَرْثَدٍ بَدَلَ الْمِقْدَادِ فَقَالَ انْطَلِقُوْا حَتّٰى

مقداد کو اور ایک روایت مین ہے وابا المرثد بدلے والمقداد کے پس فرمایا آنحضرت نے کہ روانہ ہو تم یہانتک کہ

تَاْتُوْا رَوْضَةَ خَاخٍ فَاِنَّ بِهَا ظَعِيْنَةً مَّعَهَا كِتَابٌ فَخُذُوْهُ مِنْهَا

پہنچو تم روضہ خاخ پر اسلیے کہ روضہ خاخ مین ایک عورت ہے سوار اونٹ پر کجاوے مین بیٹھی ہوئی اوسکے پاس ایک خط ہے پس

فَانْطَلَقْنَا تَتَعَادٰى بِنَا خَيْلُنَا حَتّٰى اَتَيْنَا اِلَى الرَّوْضَةِ فَاِذَا نَحْنُ

پس روانہ ہوئے ہم درحالیکہ جلدی کرتے تھے ساتھ ہمارے گھوڑے ہمارے یہانتک کہ پہنچے ہم روضہ خاخ تک پس ناگہان پہنچے ہم

بِالظَّعِيْنَةِ فَقُلْنَا اَخْرِجِي الْكِتَابَ فَقَالَتْ مَا مَعِيْ مِنْ كِتَابٍ فَقُلْنَا

اوس عورت پر پس کہا ہمنے نکال تو اے عورت خط کو کہا اوس عورت نے کہ نہین ہے میرے پاس کوئی خط پس کہا ہمنے

لتخرجن الكتاب او لنلقين الثياب فاخرجته من عقاصها فاتينا

کہ البتہ نکالیگی تو خط کو یا اتاری گے تو کپڑے پس نکالا اوس عورت نے وہ خط اپنی چوٹی مین سے پس لائے ہم

به النبي صلى الله عليه وسلم فاذا فيه من حاطب بن ابي بلتعة الى ناس

اوس خط کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس ناگہان او سمین تھی یہ عبارت یہ خط حاطب بن ابی بلتعہ کیطرف سے ہے طرف

من المشركين من اهل مكة يخبرهم ببعض امر رسول الله صلى

مشرکین اہل مکہ کے درحالیکہ خبر دیتا ہے حاطب ساتھ بعضے کامون رسول خدا صلے اللہ

عليه وسلم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم يا حاطب ما هذا فقال يا رسول

علیہ وسلم کے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ای حاطب یہ کیا کیا پس کہا حاطب نے یا رسول

الله لا تعجل علي اني كنت امرأ ملصقا في قريش ولم اكن من

اللہ کے جلدی نہ کیجیے مجھپر بلا شبہ مین تھا ایک شخص چسپان کیا گیا قریش مین اور نہین ہون مین

انفسهم وكان من معك من المهاجرين لهم قرابات يحمون بها

خاص اونہین سے اور ہین وہ لوگ کہ آپ کے ساتھ ہین مہاجرین مین سے اونکے لیے قرابتین ہے اہل مکہ کے ساتھ نگہبانی کرتے ہین وہ

اموالهم واهليهم بمكة فاحببت اذ فاتني ذلك من النسب

مال مہاجرون کے اور اہل و عیال اونکے پس چاہا مینے کہ جب فوت ہوئی مجھکو قرابت نسب سے

فيهم ان اتخذ فيهم يدا يحمون بها قرابتي وما فعلت كفرا

قریش مین یہ کہ کرون مین اونکے حق مین ایسا کام کہ نگہبانی کرین وہ بسبب اوسکے میری قرابت کی اور نہین کیا مینے یہ

ولا ارتدادا عن ديني ولا رضى بالكفر بعد الاسلام فقال

واسطے ارتداد کے اپنی دین سے اور نہ بسبب راضی ہونیکے ساتھ کفر کے بعد اسلام کے پس فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم انه قد صدقكم فقال عمر دعني يا

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ حاطب نے بلا شبہ سچ کہا تمسے پس کہا عمر نے کہ چھوڑ دو مجھکو یا

رسول الله اضرب عنق هذا المنافق فقال رسول الله صلى

رسول اللہ کہ مارون مین گردن اس منافق کی پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ

عليه وسلم انه قد شهد بدرا وما يدريك لعل الله اطلع على اهل

علیہ وسلم نے کہ تحقیق حاطب حاضر ہوا ہے بدر مین اور کیا چیز معلوم کرا دی تجھکو حقیقت حال کی شاید کہ اللہ تعالی جھانکا ہو

بَدْرٍ فَقَالَ اعْمَلُوا مَا شِئْتُمْ فَقَدْ وَجَبَتْ لَكُمُ الْجَنَّةُ وَفِي رِوَايَةٍ

بدر کے پس فرمایا اللہ تعالیٰ نے کرو جو کچھ چاہو کہ واجب ہوئی تمہارے لیے بہشت اور ایک روایت میں ہے

فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالَى يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا

پس تحقیق بخش دیا میں نے تمکو پس نازل کی خدا تعالیٰ نے یہ آیت اے ایمان والو نہ پکڑو

عَدُوِّي وَعَدُوَّكُمْ أَوْلِيَاءَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ

میرے دشمنوں کو اور اپنے دشمنوں کو دوست روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے۔ اور روایت ہے رفاعہ بن رافع سے

قَالَ جَاءَ جِبْرِيلُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا تَعُدُّونَ أَهْلَ بَدْرٍ

کہا کہ آئے جبرئیل پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا جبرئیل نے کس مرتبہ میں رکھتے ہو تم اہل بدر کو

فِيكُمْ قَالَ مِنْ أَفْضَلِ الْمُسْلِمِينَ أَوْ كَلِمَةً نَحْوَهَا قَالَ وَكَذٰلِكَ مَنْ

اپنے بیچ میں فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم انکو بہتر مسلمانوں کا یا فرمایا کچھ اور کلمہ کہ مانند اوس کلمہ کے ہو کہا جبرئیل نے

شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْمَلَائِكَةِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ

حکم اون ملائکہ کا ہے کہ حاضر ہوئے وہ بدر میں روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے حفصہ سے کہا کہ

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي لَأَرْجُو أَنْ لَا يَدْخُلَ النَّارَ إِنْ شَاءَ

فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بلاشبہ میں البتہ امید رکھتا ہوں کہ نہیں پیٹھیگا آگ دوزخ میں اگر چاہا

اللّٰهُ أَحَدٌ شَهِدَ بَدْرًا وَالْحُدَيْبِيَةَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَلَيْسَ

خدا نے کوئی شخص کہ حاضر ہوا ہے بدر میں اور حدیبیہ میں حفصہ کہتی ہیں کہا میں نے یا رسول اللہ کیا نہیں ہے

قَدْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالَى وَإِنْ مِنْكُمْ إِلَّا وَارِدُهَا قَالَ فَلَمْ تَسْمَعِيهِ يَقُولُ

کہ تحقیق کہا ہے خدائے تعالیٰ نے اور نہیں کوئی تم میں سے مگر کہ وارد ہوگا دوزخ پر فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پس نہیں سنا تو نے خدا کو

ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِينَ اتَّقَوْا وَفِي رِوَايَةٍ لَا يَدْخُلُ النَّارَ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ مِنْ

پھر نجات دیں گے ہم اون لوگوں کو کہ تقویٰ کیا ہے اور ایک روایت میں یوں آیا ہے کہ نہیں پیٹھیگا دوزخ میں اگر چاہا ہے خدا نے

أَصْحَابِ الشَّجَرَةِ أَحَدٌ الَّذِينَ بَايَعُوا تَحْتَهَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ

اصحاب شجرہ سے کوئی اور اصحاب شجرہ وہ لوگ ہیں کہ بیعت کی حضرت سے نیچے درخت کے روایت کی یہ مسلم نے اور روایت ہے

جَابِرٍ قَالَ كُنَّا يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ أَلْفًا وَأَرْبَعَمِائَةٍ قَالَ لَنَا النَّبِيُّ صَلَّى

جابر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ تھے ہم روز حدیبیہ کے ایک ہزار اور چار سو فرمایا واسطے ہمارے نبی صلی

الله علیه وسلم انتم الیوم خیر اهل الارض متفق علیه وعنه

الله علیہ وسلم نے کہ تم آجکے دن بہتر ہو اہل زمین کے متفق علیہ - اور روایت ہے جابر سے

قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من یصعد الثنیة ثنیة المرار

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی چڑھے پہاڑی پر کہ نام اوسکا ثنیۃ المرار ہے

فانه یحط عنه ما حط عن بنی اسرائیل فکان اول من صعدها

پس تحقیق شان یہ ہے کہ جھاڑے جاوینگے اوس سے گناہ جیسے جھاڑے گئے بنی اسرائیل سے پس تھا اول ان لوگوں کا جو چڑھے اوس پر

خیلنا خیل بنی الخزرج ثم تتام الناس فقال رسول الله صلی

گھوڑے ہمارے سوار بنی خزرج کے پھر پے در پے چڑھے لوگ سب پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ

علیه وسلم کلکم مغفور له الا صاحب الجمل الاحمر فاتیناه فقلنا

علیہ وسلم نے جو کوئی کہ ہے تم میں سو بخشا گیا ہے اوسکو مگر صاحب اونٹ سرخ کا پس آئے ہم اوسکے پاس اور کہا ہم نے

تعال یستغفر لک رسول الله صلی الله علیه وسلم قال لان اجد ضالتی

آ تو تو بخشش مانگیں تیرے لیے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کہا اوس نے کہ تحقیق اگر پاؤں میں گم ہوئی اپنی چیز کو

احب الی من ان یستغفر لی صاحبکم رواه مسلم وذکر حدیث

محبوب تر ہے طرف میری اس سے کہ بخشش چاہے میرے لیے یار تمہارا روایت کی یہ مسلم نے اور ذکر کی گئی حدیث

انس قال لابی بن کعب ان الله امرنی ان اقرأ علیک فی باب بعد

انس کی کہ کہا حضرت صلی نے واسطے ابی بن کعب کے کہ تحقیق اللہ نے حکم کیا مجھکو یہ کہ پڑھوں میں تجھ پر سورہ لم یکن اور باب پیچھے

فضائل القرآن الفصل الثانی عن ابن مسعود عن النبی

فضائل القرآن کے مذکور ہے - فصل دوسری - روایت ہے ابن مسعود سے اوسنے نقل کی نبی

صلی الله علیه وسلم قال اقتدوا بالذین من بعدی من اصحابی ابی بکر

صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا پیروی کرو تم ان دو شخصوں کی کہ بعد میرے خلیفہ ہونگے میرے یاروں سے یعنی وہ شخص ابوبکر

وعمر واهتدوا بهدی عمار وتمسکوا بعهد ابن ام عبد و

اور عمر ہیں اور سیرت پاؤ ساتھ سیرت عمار بن یاسر کے اور چنگل مارو ساتھ عہد ابن ام عبد کے اور

فی روایة حذیفة ما حدثکم ابن مسعود فصدقوه بدل

بیچ روایت حذیفہ کے آیا ہے کہ جو کچھ کہ حدیث کرے تمکو ابن مسعود پس راست گو جانو اوسکو بدلے

وَتَمَسَّكُوا بِعَهْدِ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ

اور تمسک کرو بعہد ابن ام عبد کے روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے علی رضی اللہ عنہ سے کہا

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كُنْتُ مُؤَمِّرًا أَحَدًا مِنْ غَيْرِ مَشْوَرَةٍ

فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر ہوتا میں حاکم کرنیوالا کسیکو بغیر مشورہ کے

لَأَمَّرْتُ عَلَيْهِمُ ابْنَ أُمِّ عَبْدٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ

تو البتہ سردار کرتا میں اوپر انکے بیٹے ام عبد کو روایت کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے

خَيْثَمَةَ بْنِ أَبِي سَبْرَةَ قَالَ أَتَيْتُ الْمَدِينَةَ فَسَأَلْتُ اللّٰهَ أَنْ يُيَسِّرَ لِي

خیثمہ بن ابی سبرہ سے کہ کہا آیا میں مدینہ میں اور سوال کیا میں نے اللہ سے کہ میسر کرے میرے لیے

جَلِيسًا صَالِحًا فَيَسَّرَ لِي أَبَا هُرَيْرَةَ فَجَلَسْتُ إِلَيْهِ فَقُلْتُ

ہمنشین نیکبخت پس میسر کیا خدا تعالی نے میرے لیے ابو ہریرہ کو پس بیٹھا میں انکے پاس اور کہا میں نے

إِنِّي سَأَلْتُ اللّٰهَ أَنْ يُيَسِّرَ لِي جَلِيسًا صَالِحًا فَوُفِّقْتَ لِي فَقَالَ

کہ میں نے درخواست کی تھی اللہ سے کہ میسر کرے میرے لیے ہمنشین نیک پس تو موافق کیا گیا تو میرے لیے پس کہا ابو ہریرہ نے

مِنْ أَيْنَ أَنْتَ قُلْتُ مِنْ أَهْلِ الْكُوفَةِ جِئْتُ أَلْتَمِسُ الْخَيْرَ وَ

کہاں کا ہے تو کہا میں نے اہل کوفہ میں سے آیا ہوں میں درحالیکہ ڈھونڈتا ہوں میں خیر کو اور

أَطْلُبُهُ فَقَالَ أَلَيْسَ فِيكُمْ سَعْدُ بْنُ مَالِكٍ مُجَابُ الدَّعْوَةِ وَ

طلب کرتا ہوں میں خیر کو پس کہا ابو ہریرہ نے کیا نہیں ہے تم میں سعد بن مالک مستجاب الدعوۃ اور

ابْنُ مَسْعُودٍ صَاحِبُ طَهُورِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَعْلَيْهِ وَحُذَيْفَةُ

عبد اللہ بن مسعود رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کا پانی رکھنے والے اور نعلین رکھنے والے اور حذیفہ

صَاحِبُ سِرِّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَمَّارٌ الَّذِي أَجَارَهُ اللّٰهُ مِنَ

صاحب رازدان رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور عمار وہ کہ پناہ دی خدا نے اسکو

الشَّيْطَانِ عَلَى لِسَانِ نَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَلْمَانُ صَاحِبُ الْكِتَابَيْنِ

شیطان سے اوپر زبان نبی اپنے کے صلعم اور سلمان صاحب دو کتابوں کے

يَعْنِي الْإِنْجِيلَ وَالْقُرْآنَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ

یعنی انجیل اور قرآن کے روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم نعم الرجل ابو بكر نعم الرجل عمر نعم الرجل

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اچھا شخص ہے ابو بکر اچھا شخص ہے عمر اچھا شخص ہے

ابو عبيدة بن الجراح نعم الرجل اسيد بن حضير نعم الرجل

ابو عبیدہ بن جراح اچھا شخص ہے اسید بن حضیر اچھا شخص ہے

ثابت بن قيس بن شماس نعم الرجل معاذ بن جبل نعم الرجل

ثابت بن قیس بن شماس اچھا شخص ہے معاذ بن جبل اچھا شخص ہے

معاذ بن عمرو بن الجموح رواه الترمذي وقال هذا حديث

معاذ بن عمرو بن الجموح روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث

غريب وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الجنة

غریب ہے۔ اور روایت ہے انس رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بلاشبہ جنت

تشتاق الى ثلثة علي وعمار وسلمان رواه الترمذي وعن

مشتاق ہے طرف تین شخصوں کے علی کے اور عمار کے اور سلمان رضہ کے روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے

علي قال استاذن عمار على النبي صلى الله عليه وسلم فقال ائذنوا له

علی رضہ سے کہ کہا پروانگی مانگی عمار بن یاسر نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہونیکی پس فرمایا حضرت نے اسکو پروانگی دو

مرحبا بالطيب المطيب رواه الترمذي وعن عائشة قالت

خوشخبری ہو پاک پاک کیے گئے کو روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے عائشہ رضہ سے کہا کہ

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما خير عمار بين الامرين الا

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ نہیں اختیار دیا گیا عمار درمیان دو کاموں کے مگر

اختار ارشدهما رواه الترمذي وعن انس قال لما حملت

کہ اختیار کیا اوسنے بہتر ین دونوں کا روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے انس رضہ سے کہ کہا جبکہ اوٹھایا گیا

جنازة سعد بن معاذ قال المنافقون ما اخف جنازته

جنازہ سعد بن معاذ رضہ کا کہا منافقوں نے عجب سبک جاتا ہے جنازہ اوسکا

وذلك لحكمه في بني قريظة فبلغ ذلك النبي صلى الله عليه وسلم فقال

اور کہا اونہوں نے کہ سبکی اوسکے جنازہ کی بسبب حکم کرنے اوسکے ہے بنی قریظہ میں پس پہنچی یہ بات منافقوں کی پیغمبر خدا صلعم کو پس فرمایا آپنے

۵ بنی قریظہ یہودی تھے مدینہ کے قریب آنحضرت صلعم سے اور کرنے صلح تھی پانچویں سال ہجری کے جب جنگ خندق ہوئی

إِنَّ الْمَلٰئِكَةَ كَانَتْ تَحْمِلُهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو

کہ فرشتے اوٹھائے لیے جاتے تھے اوسکو روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے

قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا أَظَلَّتِ الْخَضْرَاءُ وَلَا

کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے نہیں سایہ کیا آسمان نے اور نہیں

أَقَلَّتِ الْغَبْرَاءُ أَصْدَقَ مِنْ أَبِي ذَرٍّ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ

اوٹھایا زمین نے کسیکو کہ بہت سچا ہو ابی ذر سے روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے

أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَظَلَّتِ الْخَضْرَاءُ

ابی ذر رضہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ نہیں سایہ کیا آسمان نے

وَلَا أَقَلَّتِ الْغَبْرَاءُ مِنْ ذِي لَهْجَةٍ أَصْدَقَ وَلَا أَوْفٰى مِنْ

اور نہیں اوٹھایا زمین نے کسی صاحب زبان کو کہ راست گو ہو زیادہ اور نہ زیادہ ادا کرنیوالا ہو حق کلام کو

أَبِي ذَرٍّ شِبْهِ عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ يَعْنِي فِي الزُّهْدِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

ابی ذر رضہ سے مشابہ عیسی بیٹے مریم کے یعنی زہد میں روایت کی یہ ترمذی نے

وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ لَمَّا حَضَرَهُ الْمَوْتُ قَالَ الْتَمِسُوا الْعِلْمَ

اور روایت ہے معاذ بن جبل سے کہ جب آئی اونکو موت تو کہا طلب کرو علم کو

عِنْدَ أَرْبَعَةٍ عِنْدَ عُوَيْمِرٍ أَبِي الدَّرْدَاءِ وَعِنْدَ سَلْمَانَ وَعِنْدَ

نزدیک چار شخصوں کے نزدیک عویمر کے کہ کنیت اونکی ابی الدرداء ہے اور نزدیک سلمان کے اور نزدیک

ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَعِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ الَّذِي كَانَ يَهُوْدِيًّا

ابن مسعود کے اور نزدیک عبد اللہ بن سلام کے کہ جو تھے یہودی

فَأَسْلَمَ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِنَّهُ عَاشِرُ

پھر مسلمان ہوئے پس تحقیق سنا ہے میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے تحقیق وہ دسواں ہے

عَشَرَةٍ فِي الْجَنَّةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالُوْا

دس کا بہشت میں روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے حذیفہ رضہ سے کہ کہا صحابہ نے

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَوِ اسْتَخْلَفْتَ قَالَ إِنِ اسْتَخْلَفْتُ عَلَيْكُمْ فَعَصَيْتُمُوْهُ

یا رسول اللہ کاش خلیفہ کرتے آپ کسیکو فرمایا اگر خلیفہ کروں میں کسیکو تم پر پس نافرمانی کرو تم اوسکی

عَلَيْهِمْ وَلَكِنْ مَا حَدَّثَكُمْ حُذَيْفَةُ فَصَدِّقُوهُ وَمَا أَقْرَأَكُمْ عَبْدُ اللهِ

عذاب کیے جاؤگے تم اور لیکن جو کچھ خبر دے تمکو حذیفہ پس سچا جانو اوسکو اور جو پڑھاوے تمکو عبد اللہ

فَاقْرَءُوهُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْهُ قَالَ مَا أَحَدٌ مِّنَ النَّاسِ تُدْرِكُهُ

پس پڑھو اوسکو روایت کیا اسکو ترمذی نے۔ اور روایت ہے حذیفہ سے کہا اونسے نہیں ہے کوئی آدمیوں میں سے کہ پہنچے اوسکو

الْفِتْنَةُ إِلَّا أَنَا أَخَافُهَا عَلَيْهِ إِلَّا مُحَمَّدَ بْنَ مَسْلَمَةَ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ

فتنہ مگر کہ میں ڈرتا ہوں تاثیر فتنہ سے اوسپر مگر محمد بن مسلمہ اسلئے کہ مینے سنا ہے رسول

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا تَضُرُّكَ الْفِتْنَةُ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَسَكَتَ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے محمد بن مسلمہ کو ضرر نہ کریگا تجکو فتنہ روایت کیا اسکو ابو داؤد نے اور سکوت کیا

عَنْهُ وَأَقَرَّهُ عَبْدُ الْعَظِيمِ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

اوس سے اور ثابت رکھا اس حدیث کو منذری نے۔ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

رَأَى فِي بَيْتِ الزُّبَيْرِ مِصْبَاحًا فَقَالَ يَا عَائِشَةُ مَا أُرَى أَسْمَاءَ

دیکھا زبیر کے گھر میں چراغ پس فرمایا حضرت نے اے عائشہ نہیں گمان کرتا ہوں میں اسماء کو

إِلَّا قَدْ نُفِسَتْ وَلَا تُسَمُّوهُ حَتَّى أُسَمِّيَهُ فَسَمَّاهُ عَبْدَ اللهِ وَحَنَّكَهُ

مگر تحقیق جنی ہے اور نام نہ رکھنا تم اوس لڑکیکا یہانتک کہ میں نام رکھوں اوسکا پس نام رکھا اوسکا حضرت نے عبد اللہ

بِتَمْرَةٍ بِيَدِهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي

ساتھ کھجور کے اپنے دست مبارک سے روایت کیا اسکو ترمذی نے۔ اور روایت ہے عبد الرحمان بن ابی

عُمَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لِمُعَاوِيَةَ اللَّهُمَّ اجْعَلْهُ

عمیرہ رض سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ آپنے فرمایا واسطے معاویہ کے یا الہی کر اسکو

هَادِيًا مَّهْدِيًّا وَاهْدِ بِهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ

سیدھی راہ دکھانیوالا اور راہ سیدھی پایا گیا اور ہدایت کر لوگوں کو سبب اوسکے روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے عقبہ بن

عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَسْلَمَ النَّاسُ وَآمَنَ عَمْرُو

عامر رض سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اسلام لائے لوگ اور ایمان لایا عمرو

ابْنُ الْعَاصِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ وَّ

بن العاص رض روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے اور

لیس اسنادہ بالقوی وعن جابر قال لقینی رسول اللہ صلی

نہین اسناد اسکی قوی۔ اور روایت ہے جابر رضہ سے کہا ملے مجھسے رسول خدا صلے اللہ

علیہ وسلم فقال یا جابر ما لی اراک منکسرا قلت استشہد ابی وترک

علیہ وسلم پس فرمایا اے جابر کیا ہے مجکو کہ دیکھتا ہون تجکو شکستہ کہا مینے شہید کیا گیا باپ میرا اور چھوڑے

عیالا ودینا قال افلا ابشرک بما لقی اللہ بہ اباک قلت بلی یا

عیال اور قرض فرمایا کیا خوشخبری نہ دون مین تجکو ساتہ اوس چیز کے کہ پیش آیا خدا ساتہ اوسکے تیرا باپ کہا مین کیون نہین اے

رسول اللہ قال ما کلم اللہ احدا قط الا من وراء حجاب و

رسول اللہ فرمایا حضرت نے کہ کلام نہین کیا خدا تعالے نے کسی سے ہرگز مگر پردہ کے پیچھے سے اور

احیی اباک فکلمہ کفاحا قال یا عبدی تمن علی اعطک قال

زندہ کیا خدا نے تیرے باپ کو پس کلام کیا اوس سے روبرو فرمایا خدا تعالے نے اے بندے میرے آرزو کر مجہپر دونگا مین تجکو کہا تیرے باپ نے

یا رب تحیینی فاقتل فیک ثانیۃ قال الرب تبارک وتعالی

اے پروردگار میرے یہ آرزو رکھتا ہون کہ زندہ کرے تو مجکو پس مارا جاؤن تیرے راہ مین دوسری بار فرمایا رب تبارک وتعالے نے

انہ قد سبق منی انہم لا یرجعون فنزلت ولا تحسبن الذین

تحقیق شان یہ ہے کہ تحقیق گذرا ہے حکم میرا کہ مردے نہین پھر کر آوینگے دنیا مین پس اوتری یہ آیت اور گمان نہ کر تو ان لوگون کو

قتلوا فی سبیل اللہ امواتا الآیۃ رواہ الترمذی وعنہ قال

کہ مارے گئے راہ خدا مین مردے آخر آیت تک روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے جابر سے کہ کہا

استغفر لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خمسا وعشرین مرۃ رواہ

بخشش چاہی میرے لیے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پچیس بار روایت کی یہ

الترمذی وعن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کم من

ترمذی نے۔ اور روایت ہے انس رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت

اشعث اغبر ذی طمرین لا یؤبہ لہ لو اقسم علی اللہ لابرہ

پراگندہ بال غبار آلودہ صاحب دو پرانے کپڑون کے نہین پروا کیجاتی اونکی اگر قسم کہاتے بیشک خدا پر تو خدا سچا کرے

منہم البراء بن مالک رواہ الترمذی والبیہقی فی دلائل النبوۃ

اونمین سے ہے براء بن مالک ہین روایت کی یہ ترمذی نے اور بیہقی نے دلائل النبوۃ مین

وَعَنْ اَبِی سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلَا اِنَّ عَیْبَتِیَ الَّتِیْ

اور روایت ہے ابو سعید رضہ سے کہا کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے آگاہ ہو سلہ تحقیق خاص گٹھری میری کہ

اٰوِیْ اِلَیْہَا اَہْلُ بَیْتِیْ وَاِنَّ کَرِشِیَ الْاَنْصَارُ فَاعْفُوْا عَنْ مُّسِیْئِہِمْ

ٹھکانا پکڑتا ہوں میں طرف اوسکے اہل بیت میرے ہیں اور تحقیق دوست دلی میرے انصار ہیں پس عفو کرو تم اونکی بدکاروں سے

وَاقْبَلُوْا عَنْ مُّحْسِنِہِمْ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ہٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ

